U17875 P Date - 10-7-09

Title - DAFTAR SHUGARF

Creator - Asghar Ali Khan Naseem.

Publisher - Matba Mustafai (Lucknow).

Date - 1285 H

Pages - 250

Subjects - Urdu Shayari - Dawaween-o-Kulliyaat

ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ

الحمد للہ والمنۃ کہ دیوان بلاغت بنیان از تصنیف ہمایہ قدسی کلیم جناب میرزا محمد اصغر علیخان صاحب متخلص بہ نسیم دہلوی

دفتر شوق

حسب فرمائش مہر سپہر قابل اوج ابہت و جلال نواب میرزا محمد تقی خان صاحب متخلص بہ ہوس دام اقبالہ

در مطبع مصطفائی محمد مصطفیٰ خان ۱۲۸۵ طبع گردید

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U12875

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نسیم انفاسِ افلاکیان یہی چمن آرائی گلِ توحید سی نکہت فروش ہی کہ جسنی تختۂ
خاک کو لالہ رخانِ سبزہ رنگ سی دامانِ گلچین بنایا شمیمِ سنبلِ آہِ خاکیان یہی بہار
پیرائی ریاحین تحمید سی نافہ در آغوش ہی کہ جسنی گلِ خورشید کو طرۂ دستارِ افلاک
فرمایا چمنستانِ سخن آبیاری نعت اوس سرچشمۂ ہدایت سی شاداب ہی کہ جسکی زلالِ
بشارت جنّٰتٍ تجری من تحتہا الانہار نی تشنگانِ وادی ارادت کو سیراب کیا
گلستانِ معانی آب جوی منقبت اوس نگار زیور سی سرسبز ہی کہ جسکی نخل ثمرکار باغبانِ
قدرت نی آبشارِ انّا اعطیناک الکوثر سی آب دیا صد نشیمن سدرہ و قابِ قوسین
او ادنٰی سرورِ عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ نورس شاخ قلم گلفشانی درود انکی
ہی کہ جنکی فیضِ مقدم سی حدیقۂ خزان رسیدۂ امم نی مرتبۂ صحن فردوس کا پایا گل
و بارِ گلبنِ زبان ستایش صحابہ کبار ہی جنکی حسن تدبیر نی خیابانِ ہدایت کو خار
ضلالت سی پاک فرمایا آوارۂ کوی ناکامی نامراد عالم گمنامی خارچینِ گلشن طبع سلیم
شیخ امیر اللہ تسلیم ارباب سخن کی خدمت مین التماس آرا ہی چہرۂ شاہد مضمون نو سی
نقاب کشا ہی یعنی سنہ ۱۲۸۲ ہجری مین شاعر رنگین بیان نکتہ ور رشکِ سحبان ہم پایۂ قدسی و کلیم

جناب میرزا محمد اصغر علیخان نسیم ابن نواب آقا علی خان قاچار شاگرد جناب حکیم محمد مومن خان اسکنہم اللہ فی فرادیس الجنان خطہ پاک دہلی سے لکھنؤ مین تشریف فرما ہوے غلغلۂ شیوا بیانی آوازۂ نکتہ دانی بلند ہوا اکثر صغار و کبار و امرای روزگار فیضیاب تلمذ حضرت والا ہوے ہر طرف شاعری کی دہوم ہوئی معاملہ بندی کی حقیقت معلوم ہوئی فصاحت نے سبکی زبان پر زر برسایا بلاغت نے زمین شعر کو آسمان بنایا واقعی چستی بندش مین کچھ کلام نہین زوائد کا کہین نام نہین با این ہمہ خدام والا کو کبھی ترتیب دیوان کا خیال نہ آیا بسبب وارستہ مزاجی اور عالی ہمتی کی کچھ فراہم نہ فرمایا ہر پارۂ جگر صورت دل پریشان ہو گیا صفحۂ عالم سے مثل خیال باطل بے نشان ہو گیا کئی مثنویان موزون فرمائین کوئی ناتمام رہی کسیکا نام نہین ایک جلد الف لیلی کی باقی رہی نظر ثانی کی نوبت نہ آئی چھپ گئی آخر کو سنہ ۱۲۹۴ ہجری مین چہاردہم ماہ رمضان المبارک کے دار فانی سے برخاستہ خاطر ہوے حریم حرم عالم جاودانی مین حبیب گویان حاضر ہوے ہر ایک کی زبان پر انا للہ و انا الیہ راجعون آیا شعر و سخن کو خاک بسر داغ بدل پایا اکثر شاگردون دوستون نے تاریخین وفات کی موزون فرمائین ذیل تحریر مین ثبت اندراج پائین بالفعل امیر اعظم رئیس معظم افسر ملک معانی فرمان فرمای کشور سخندانی جناب نواب محمد تقی خان بہادر دام اقبالہ ابن نواب صادق علی خان بن نواب اصغر علیخان ابن نواب محمد علیخان بہادر سالار جنگ برد اللہ مضجعہم نے کچھ کلام چیدہ چیدہ جابجا سے فراہم کیا بکمال شوق و سعی نہایت ایک دیوان ترتیب پایا کہ استاد مغفور کا بعد وفات کچھ یادگار رہے بے نشان ہو کر بے نشان نہ رہے بصرف خاص مطبع مصطفائی مین چھپنے کی اجازت دی مصارف کی کفالت کی اللہ تعالے ایسے رئیس باہمت اور شاگرد استاد پرست کو سعادت ازلی عطا فرمائے کونین مین ترقی جاہ و دولت سے سرفراز و ممتاز رکھے آمین یا رب العالمین قطعات تاریخ وفات

از جناب نیر الدوله مدبر الملک منشی میر ظفر علیخان بهادر جنگ اسیر تخلص شاگرد غلام همدانی مصحفی

میرزا آنکه بود کشور دهلی وطنش ✽ صاحب علم و زباندان و خردمند و فهیم
رفت از دار فنا جانب فردوس برین ✽ باد در مرتبهٔ قرب خداوند علیم
سال تاریخ وفاتش قلم کرد رقم ✽ شد بجوران ارم از چمن دهر نسیم
۱۲۶۲

از منشی آغا علی صاحب تخلص شمس شاگرد جناب قاضی محمد صادق خان اختر

نسیم دهلوی اصغر علی خان شاعر نامی ✽ چو از دنیا روان شد جانب جنت بصد عزت
بتاریخ وفاتش گفت شمس این مصرع موزون ✽ نسیم دهلوی جان نسیم گلشن جنت
۱۲۶۲

از نتائج طبع سید کاظم حسین صاحب تخلص شعیر شاگرد جناب میر علی اوسط صاحب رشک

نسیم دهلوی عندلیب گلشن فکر ✽ بباغ خلد روان شد چو شبنم سحری
چو بود شاعر رنگین کلام و رنگین طبع ✽ پریده بلبل روحش شد از حیات بری
چو عام شد خبر مرگ او بگلشن دهر ✽ ز بلبلان سخن شد خروش نوحه گری
سه بار ده تاریخ گفتم ای شعیر ✽ نسیم شد بهلو داری ارم سفری
۱۲۶۲

از نتائج طبع نواب محمد تقی خان صاحب تخلص افسر شاگرد نسیم دهلوی

چو اصغر علی خان اوستاد کامل ✽ سوی خلد رفت از این دار فانی
رقم فکر افسر پی سال رحلت ✽ نوشتم ز ملک سخن شد معانی
۱۲۶۲

از نتائج طبع علی محمد خان صاحب تخلص ولی شاگرد نواب ظفریاب خان صاحب

چو اصغر علی خان سوی خلد شد ✽ خزان دیده شد باغ شعر و سخن
ولی بهر سال وفات نسیم ✽ بگو های استاد ملک سخن
۱۲۶۲

طبعزاد فدا علی صاحب عیش شاگرد جناب میر کلو صاحب عرش

رفت سوی نسیم در جنت ✽ بود اوستاد نکته دان شاعر
عیش بنوشت سال در تجسیم ✽ مرد ای وای خوش بیان شاعر
۱۲۶۲

از نواب فضل علیخان بہادر عرف لاڈلے صاحب تخلص شوق ابن نواب اکبر الدولہ بہادر

چون نسیم دہلوی یکتاے عصر ‖ زین جہان رخت سفر بربست ہاے
سال رحلت شوق خستہ دل نوشت ‖ اوستاد ما ز دنیا رفت واے
۱۲۹۲

از نتایج فکر میرزا مرتضی بیگ عرف چھوٹے بیگ صاحب تخلص عاشق شاگرد نسیم دہلوی

شد جانب خلد اوستاد عاشق ‖ شاہنشہ اقلیم معانی ای آہ
ہاتف تاریخ انتقالش فرمود ‖ استاد بے مثل بود انّا للہ
۱۲۹۲

طبعزاد مولوی باسط علی صاحب تخلص شوکت شاگرد نسیم دہلوی

حیف نسیم دہلوی سوی جنان ہوے روان ‖ صرصر مرگ سے ہوا خشک نہال شاعری
شوکت خستہ دل بھی سال وفات اب لکھو ‖ آہ جہان سے اوٹھ گیا آج کمال شاعری
۱۲۹۲

طبعزاد لالہ خیراتی لال صاحب تخلص شگفتہ شاگرد نسیم دہلوی

مثل نکہت نسیم استاد ‖ گلزار جہان سے چل بسے وا ای
لکھی تاریخ اسے شگفتہ ‖ استاد شفیق و مہربان ہاے
۱۲۹۲

بلبل گلزار سخن شادی لال چمن شاگرد نسیم دہلوی

چون ز حکم خداے پاک نسیم ‖ یافت ناگہ بباغ جنت جاے
از سر درد ای چمن بنویس ‖ واے بے اوستاد گشتم واے
۱۲۹۲

از نتیجہ طبع شیخ محمد حسین صاحب تخلص ملال شاگرد نسیم دہلوی

چون نسیم سخنور کامل ‖ زین جہان الم فزا رفتہ
سال رحلت ملال محزون گفت ‖ واے استاد من کجا رفتہ
۱۲۹۲

از مرزا اصغر علی بیگ صاحب تخلص گوہر شاگرد نسیم دہلوی

آج دنیا سے نسیم دہلوی ‖ لے گئے تشریف اہل ہاے ہاے
یہ لکھی گوہر نے تاریخ وفات ‖ شاعر بے مثل و کامل ہاے ہاے
۱۲۹۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح حضرت ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ قیصر زمان سلطان عالم محمد واجد علیشاہ خلد اللہ ملکہ

پیرہن بیت ہی اشہا مضمون نہاں
دائرہ مثل گریبان ہی تو کاغذ داماں

ربط لفظی نے نیا قاعدہ دکھلایا آج
دہن حرف سی پیوند ہی خامی کی زبان

نظر آتا ہی ورق ناصیۂ معشوق سے
ریزش کلک سی نقطون نے جبینی کیا افشان

ہر شکن میں ہی ہلال خم ابرو پیدا
خشتہ آغاز کی نون ہین بشکل مژگان

سرخ ہین تاب مضامین سی جو نقطی تھی سیاہ
شعلۂ فکر سی ایسا ہی قلم گل افشان

طبع کو طاعت مضمون نہو کیونکر حاصل
صاحب خانہ ہی پابند مزاج مہمان

کیون نہو غرق ندامت سخن ہر جاہل
جوشش فکر سی معنی کی اٹھی ہین طوفان

فہم حسّاد نہین ہر ہی میرے آگاہ
دہن زخم کو حاصل ہی کہان لطف زبان

اشحاد رسل خیبن سی لکھتا ہی قلم
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلان

صدر کی صورتِ اوجِ فلکی دکھلائے ۔ حشو مثلِ کمرِ شاہد مطلب ہی نہان

چشمۂ فیضِ تجلی سے ہوا عین عروض ۔ ابتدا نیّرِ اعظم کی طرح ہی تابان

ضرب کی قسمتِ مقصد سی وہ رتبہ پایا ۔ کہ گہر ریز ہوی اہل سخن کے دامان

منتقص وافی و مالوف و صحیح و مجزوّ ۔ سب ہین ہین بندشِ تخئیل معقد کی نشان

سات ہین بندشِ ابیات کی شکلین لاریب ۔ نکتہ ور دلمین سمجھ لینگی اشارات نہان

منقسم ضرب تہجی ہی براے ترکیب ۔ حرف سی لفظ بنی لفظ سی معنی ہون عیان

صورتِ شعر مین تبیس طرح کی ہین رنگ ۔ علمِ اُستاد سی آگاہ نہین ہر نادان

چند اعداد افاعیل کو کہتی ہین عروض ۔ انکی پڑھ لینی سی شاعر نہین ہوتا انسان

جُہلا کی جو پڑھی کوئی کتاب اس فن کی ۔ بتگئیے کی خلشِ فکر وہ اُستاد زبان

کہتی پھرتے ہین یہ کیا بحر ہی اور دائرہ کیا ۔ دیکھو ہمنی ہی طبیعت سے نکالی اوزان

دیکھ سیفی کی رسالی کو بنے خود سیفی ۔ ہین تعریفی قاعدہ لیکن وہ ہوی قاعدہ دان

لفظ تحبیق نہ تخنیق سمجھتے ہین کچہ ۔ خرم اور خزم کی تحقیق مین اکثر حیران

صفت قافیہ مین ذکر اگر آجائے ۔ پوچھین اقسام روی کی تو نہ ثابت ہو نشان

ہو جو ترکیب مضافی کی ضرورت واقع ۔ صورتِ آئنہ رہ جائین سراپا حیران

پوچھی گر کوئی تو ارشاد ہو یہ از رہِ طعن ۔ فارسی گو نہین اردو کی ہین ہم قاعدہ دان

کسی استاد کا دیوان اگر کوی پڑھے ۔ ایک ہی بیت کی معنی نہ ادا ہون یکسان

کہتے ہین عرفی و فردوسی و خاقانی کو ۔ چل گئی روح تک اونکی وہ کہی شعر تبان

صدقی اوتیر جو نہین علم سخن سی آگاہ ۔ خوش بہت ہوتی ہین کہتی اگر اُستاد زبان

ای خدا کیا ہوی اُستادِ سخن فہم افسوس ۔ کیسے یہ خوبی اعمال سے دیکھی انسان

وہ عروضی نہین جو فعل و فعولن جانے ۔ پوچھی مجھ سی تو بتاؤن تجھی کچہ اسکی نشان

پہلے تخئیل کہ آغاز ہے اسپر موقوف ۔ جسکو علّامہ طوسی نے کیا زیب بیان

اوسکے اقسام ہین جو حضرت عرفی نی لکہا ۔ شک نہین ہمین کسی طرح سمجہ کہ ایجان

شعر بہی تین ہین مضمونی وحالی کیفے ۔ انکی اجماع سی ابیات مین آئی نقصان

پہر ہی میزان معانی کہ تلے ہر مضمون ۔ بیت بمطلب مین برابر نہوئی اسکی بان

جب ملی اسسے فراغت تو پڑی جہگڑا اور ۔ پاک ہون جملہ باہم سے زوائد پنہان

دیکہہ ہی مفرد اصلی سے مرکب کیا کیا ۔ تثنیہ جمع ہو ہر واحد ذاتی ہین کہان

فائدہ کیا تجہی اس ہرزہ خیالی سی نسیم ۔ بی تعلق صفت شعلہ رہی لال زبان

عاشق آل نبی تو ہی نہین شک ہرگز ۔ جو خلاف اسکی سمجہتا ہو وہ خود ہی نادان

حرف ملفوظ شہادت کی لیی کافی ہین ۔ دیکہہ کس پیچ دہین ہوتا ہی عقیدہ کا بیان

غور الف بی ہین جو کی پنجتن پاک ملے ۔ ایک سی دو ہوا اور دو سی ہوا پانچ عیان

بدل کر کچہ و شہوار اگر رکہتا ہے ۔ قدردان ہی یہی پہیلا کی سی ہین دامان

قصد صادق ہین نکر دیر کہ فرصت معلوم ۔ حوصلہ دل سے نکلجا سے بشکل ارمان

مطلع

ربط رکہتی ہے جو تخئیل مجسم سی زبان ۔ نظر آتے ہین دم فکر ہزاروں سامان

نوعروسی کی مری جیسی بندش ہین یکہ ۔ لفظ ابہی ہے کہ مضامین کسطرح ہین نازان

فکر دوشیزہ ہی مضمون سے نے سمیٹا دامن ۔ صورت خامۂ قدرت ہے مری پاک زبان

لوٹ رکہتا نہین دامان نظر کی مانند ۔ بی تعلق صفت روح بریدہ ہی بیان

ای قلم ناصیہ سا میری طرح ہو تو سہی ۔ جای تسلیم ہے گردنکو جہکا جلد یہان

ای سخن وقت ادب ہے نہ نکلنا گستاخ ۔ ای دہن چشمۂ خورشید ہین ہو اپنی بان

رحم ای چرخ ستم پیشہ ندی لون تکلیف ۔ تا کجا صورت آئینہ رہون ہین حیران

زلف جانان کی طرح روز پریشانی ہی ۔ سر چڑہا کر مجہی پامال نکر اونادان

کمر یار نہین ہون جو کیا ہے معدوم ۔ ناہین ہون کہ نظر سی مجہی کہتا پنہان

دوست بیجا کوئی لحظہ کہ لکھون چند اشعار
آفتاب شرف افزای جلال و تمکین
ہر دمن بہر دعا یون ہی کشادہ شب و روز
شوق پابوس مین ہر دل ہی یہانتک بیتاب
شہرت لطف نی رفعت وہ ہوس کو بخشی
ابر رحمت کیطرح ریزش پیہم ہر وقت
حوصلہ چیز ہی کیا وہم سی بخشش افزون
وہ سخی ابن سخی ہے کہ صلہ جب بخشا
ریزش سیم نی اختر کی چمک پیدا کے
کوئی شاکی نہین اس دور مین لیکن عسرت
رنگ غم چہرۂ عاشق سی نہین ہم صحبت
کون ہنگام سخا اوسکی تہیدست رہا
خنجر جود نہ اس ہاتھ کی اوس ہاتھ کو ہو
لب و رخسار حسینون کی ہوی بی رونق
بارش سیم نی کی وقت سخا ہو سفید
آگیا تھا وہ جو اک نقطہ تہ جود اوسکے
کون ایسا ہی جسی حق نمک سی ہی فراغ
جا بجا جوش کرم سی یہ زراندوزی ہے
اثر فیض یہ ہی طفل کی منہ مین جا کر
اسقدر بخشش پیہم سے ہوا ہی شہرہ
ابتو دیوانی بہی کہاتی ہین گہر کی چھٹین

دیرسی ہیئتین نظر ہی مرسی برج سلطان
جانِ عالم شہ گردون حشم و عرش مکان
جسطرح دیدۂ عاشق با امید جانان
آگئی جسم بشر مین صفت برق طپان
قدسیونکو ہی یہ حسرت نہ ہوی ہم انسان
نیک و بد پر ہی شب و روز برابر احسان
قفل ہو جاتی ہین اظہار طلب پیش دندان
شعرا کی دُرِ غلطان سی بہری رہی دہان
ہمسر چرخ نظر مین ہی ہین نکادامان
کہ ہوی جودسی اوسکے کمر معشوقان
رنج افلاس ہی تنگی سی حسینونکا دہان
مٹھی باندہی ہوی ہی گود مین طفل نادان
جسطرح اپنی نظر آنکہ سے اپنی نہان
بوسۂ زر مین ہین مصروف یہانتک انسان
چاندکا ہوتا ہی خورشید کی چہرہ پہ گمان
سر پر اپنی اوسی زر سے لیکے ہوا ہی نازان
جسم کیا حلقہ بگوشی مین ہین لاکہون دل و جان
ریش زاہد دم شانہ ہوی نقش افشان
صورت سیم جما قطرۂ شیر پستان
منہ چہپانی لگا افسانۂ حسن خوبان
رکہتی ہی دُر عوض سنگ کنار طفلان

عشق کی جا دل عشاق مین ہی استغنا — کام آتا نہین افسون نگاہِ خوبان

جسطرف جائین ملاقات کو زر ہو حاصل — صورتِ طعنۂ معشوق ہی دولت لرزان

سیر چشمی کا یہ عالم ہی باین بخشش و جود — ہر گہڑی آنکہ ہی آئینۂ زانو نگران

وہ جری ہی کہ بہادر کی لیے نام اسکا — باعث قوت دل موجب آسایش جان

غیظ آمیز جو کوئی نگہِ گرم پڑے — آب ہو جائین بدن پر زرہ و خود گران

تیز دستی سے ہزارون صف اعدا لوٹین — آنی پائی نہ وہین تک کبہی فریاد امان

وہ فراق ابدی ہو جو تہ تیغ آئے — حشر مین بہی نہ ملی روح کو جسم انسان

جسم سے پائی فراغت تو رہی وہمین بید — روح کو حلقۂ جوہر ہو کہنا رزندان

چین آجای جبین پر تو رہی تا دم مرگ — بید مجنون کیطرح قامت دشمن لرزان

بارش تیر عدو کی لیے زینت بخشے — چشم پر زخم کی ہو جای مژہ ہر پیکان

صورت برق نہ ثابت ہو کبہی سرعت تیغ — کیا تہی آئی تہی کدہر سی یہ کہان ہی پنہان

شوکتین چہرۂ روشن ہین وہ دین خالق نے — حسن سے رعب ہی خورشید منور لرزان

جلوۂ یوسف مصری ہی جبین کو حاصل — لکہنؤ پر ہمین ہوتا ہی گمان کنعان

ای نسیم جگر افگار نہو سمع خراش — لکہہ کچہ اشعار دعا روک لی خامی کے زبان

ای خدا تاکہ رہین شمس و قمر مین انوار — ای خدا تاکہ رہی ہستی جن و انسان

عمر و اقبال ترقی مین رہین ہر لحظہ — بطفیل نبی و حضرتِ شاہِ مردان

سایۂ پنجتنِ پاک سی راحت ہو نصیب — نہ رہی دل مین کسی طرحکا باقی ارمان

اقربا خویش جگربند احبا باہم — صورت غنچہ و گل سب ہین شادان خندان

ایضاً

بہر ترتیب سخن دو حرف ہی ممکن کہان — لفظ کی ترکیب کو محتاج ہی حسن بیان

ممسکی سی مال کو سنہ پر نقطہ لکہتا ہی قلم — شرم عریانی سی لفظونمین معانی ہین نہان

جسم کاغذ دامن الفاظ سی چھپتا نہین
ضعف کاتب سی قلم کی نوک مین حیرت کہان

تن سی رہین آنکہ سی ہیندین کنارہ کش عزیز
قصر خالی دیکھکر ہین جسم خانو کی مکان

مفلسی سی فرقت محبوب کی رونق ہوی
وقت خصت خشک ہی خالی ہی چشم عاشقان

وقت شب اوراق گلشن ہاتہ پہیلائی رہی
اشتہا سے ہوگئی شبنم غذائی آسمان

جبر گردون کی کشید دولت اصلی جو کی
شعلۂ خورشید تابان مین نہین باقی ہوان

قالب مضمون ہین مین آٹی ہوتے ہین خمیر
بہوک کی ناطاقتی سی ہل نہین سکتی زبان

مجلسون مین کوئی دامن تر نظر آتا نہین
ابر ممسک ہی سحاب دیدۂ ہر نوحہ خوان

بی خزان ہی خشک ہی ہر برگ شاخ نخل گل
شرح کی قابل نہین احسان نخل آسمان

تابش حسن بتان ہین گرمیان باقی نہین
سرد ہی عنصر محبت دل نہین دیتا دہوان

فلک شاعری جو بدلی صورت دور رمل
ضرب آخر مین ہوا ہر فاعلاتن فاعلان

بس تسبیم خسرو ملک سخن خامی کو روک
اور صورت پر دکہا اب حسن مضمون جوان

ربط ہفت اقسام بندش اور نہ تخییل صاف
تابشین دیتا ہی مثل مہر وقت امتحان

وزن میزان معانی مین ہین مصرع ہم جمال
وقف ہی حسن سخن مانند جود قدردان

صدر مطلع رکن جشوی ابتدا ضرب عروض
قید مین میزان لفظی مین اگر ڈہونڈ نو نشان

قالب ترکیب لفظی مین نہین دخل فضول
ذہن مین آتا نہین بعلی سی حرف رایگان

کیا کوئی سمجھی گا یہ رمز سخن کچھ اور ہی
ہان ہی سمجھی تم سمجھی مین ہون جسکا مدح خوان

حاسد و نافہم و جاہل سی نہین امید داد
ذرۂ ناچیز کیا جانے کمال آسمان

لاو شہوار مضمون بدل کر جلد اسی خیال
تا کہین لبریز ہو آغوش گوش سامعان

لکہ وہ مطلع روشنی بخشی جو مثل آفتاب
جلوہ گر ہو کثرت انوار مضمون سے جہان

مطلع

کسقدر مغرور رکہتا ہی مرا فیض زبان
خامہ بل کہانے لگا مثل مزاج نوجوان

گہورتی ہی زلف مضمون شکل افعی بار بار — پوچھتے ہی کون لکھی گا مرا حسن نہان

فکر کہتی ہے خیال پاک دہن کی قسم — مس کریں مجکو تصور یہ مجال اوسکی کہان

شوق کہتا ہی معاذ اللہ میں چیز ہون — پای ہر مغرور میں پہناؤن برجن بیڑیان

خاطر نازک یہ کہتی ہی توقف چاہیے — وقت نظم مدح ہو جائیگا سب کا امتحان

مرحبا ای جوش صادق ہو کوئی دم آشنا — حبذا ای شوق تو بہر خدا ہو مہربان

مژدہ ای دل فیض استاد ازل ہی جوش پر — ہمت ای طبع معلی ہی زمان امتحان

باش ای خامہ کہ حسن مدعا ہی جلوہ گر — صفحۂ قرطاس ہی آئینۂ روی بتان

شوخیان دکہلا رہی ہی فکر رنگین کی بہار — کثرت گلہای مضمون سے ہی سینہ بوستان

نوجوانان چمن استادہ ہین چالاک و چست — نغمہ زا ہین نالہای عندلیب خوش بیان

ابر ہی اٹھکھیلیون پر برق ہی بیتاب حال — چہچہے ہین طائران خوش نوا کی ہر زبان

ہے کہین لطف تبسم مین کسی جا قہقہے — کوئی مینا در بغل کوئی سبو بر پاسبان

ہے زبان زاہد صد سالہ صرف الحذر — دیکھکر رندونکی باہم کیف مے مین مستیان

بسکہ ہی پیش نظر ہر دم یہ لطف دلفریب — کیا عجب بیساختہ منہ سے اگر نکلے فغان

خاطر نازک دو فور شوق سے بیتاب ہے — کہتی ہی کچہ تو بہی کہہ یہ لطف صحبت پہر کہان

حسرتو نسے آج تو خالی کوئی دم ہو کنار — کہول دی بند نقاب بی معنی و بیان

نطق کو رخصت عطا ہو مدح ظل اللہ کی — لے تمنا الفاظ بنکر بوسہ کام و زبان

بہیگ کر ٹپکے لب اظہار مطلب کے امنگ — یون دکہائی جوش مضمون بارش ابر بیان

اعتبار آفرینش زینت تاج و نگین — یادگار خسروان واجد علی شاہ جہان

دل بڑہی سینہ سے استقبال کو ولے امید — جس طرف رخسار تابان کی نظر آئین نشان

گر طواف آستان مین ہو توقف ایکدم — نکہت گل پر پڑین موج صبا کی قمچیان

بیضۂ فولاد سے نکلے صدای عندلیب — گلشن عارض کو ہو اعجاز کا امتحان

رعب شوکت سی گلستان مین نہ باتین بند ہین — غنچہ سربستہ کہہ سکتا نہین ساز نہان

قدرت حق نے یہ جسم ظاہری پیدا کیا — چشم عاشق بن گئین ہر عقل کی حیرانیان

گر حدیث جرأت سلطان عالم مین لکہون — محو کر دون ہمت دارا کی ساری داستان

جسم اعدا گر خلش دیکہی سنان تیر کی — ہر جراحت آفرین کیواسطی کہولی دہان

راحت خواب اجل صمصام نے بخشے خصم کو — ہو ہر اک آغوش جو ہر منزل آرام جان

ہے وہ عالی مرتبت جسکا عروج عز و جاہ — پوچہتا ہی چرخ ہفتم پر مزاج قدسیان

اس تمنا پر کہ شاید آج ہو حاصل قبول — روز اک صورت بدلتا ہی خیال آسمان

صدقی اس ہمت کی حال یکسان ہے اندن — ہر دم افزایش مین ہے مانند شوق نوجوان

اسقدر بخشے جواہر وہ کہ جسکے شرم سے — پہینک دی دامن سے الماس کواکب آسمان

قطرۂ شبنم گہر کی آبرو پیدا کرے — صبحدم دیکہے اگر لطف بہار بوستان

روسیاہی کلفتون کی یک قلم جاتی رہی — دہو دیا ابر کرم نے دفتر رنج جہان

حلم سے ہر سینۂ صد چاک ہوتا ہے رفو — زخم بہر دیتی ہین شانون سے بہی گیسوے بتان

قصد گر شرح خلق والا ہی جو منظور مزاج — بوسہ گاہ خامہ ہین میری سخن کی شوخیان

لطف پابوس اسقدر حاصل ہوا ہی عمر کو — جسم سی روح جبین بہی کر سکتی نہین نقل مکان

جہکتے جہکتے آرزوئین سر بدامن ہو گئین — بار احسان محبت سے سبکدوشی کہان

قدرت حق نی نہین پیدا کیا اسکا شریک — جسطرح سی آہ عاشق ہی خدنگ بے کمان

مین بہی ہون امیدوار ای شاہ والا مرتبت — جوش ہمت گر اجازت دی تو کچہ ہو مہربان

خواہش پابوس ہی ایسے کہ مثل رہ گذر — گو کہ ہون یکجا مگر گردش مین ہین شیخ و گمان

کیون نہ صدقے ہون ہجوم آرزو کی ہر گہڑی — سامنے آنکہون کی ہی تصویر سلطان جہان

دیدہ ہی چشم تصور سے جمال پاک کی — بک رہا ہون بیخودی مین صورت دیوانگان

تنگ آیا ہون نہایت خاطر مشتاق سے — ہر گہڑی کہتی ہی چل ہر وقت سمجہاتی ہی ہان

مین گدای بینوا ہون شاہ خاقان ہین ہمن — چشم ظاہر سے جو دیکھون ایسی قسمت ہے کہان

دل مین رکھتا ہون جو تسلیم جدا کی آرزو — حرف بیجا تا ہی تنہا ہو کی ہر لفظ زبان

چاہتا ہون سرفرازی جلد ہو حاصل مجھی — تنگ ہی سامان فرصت کے لیے شہنشاہ جہان

ای نسیم دہلوی بس لکھ کچھ اشعار دعا — تا دکھائی شکل انجام سخن حسن بیان

یا الٰہی فرش ہی جبتک زمین بالای آب — یا الٰہی ہیں جبتک ہی سقف آسمان

دوست شادان ہو عدو برہم رہین مانند زلف — نقش بند کاف و نون جامی ہی ہر زمان

قصیدہ در مدح نواب شرف الدولہ مظفر الملک محمد ابراہیم خان بہادر مستقیم جنگ دام اقبالہ

کیون نہ گنجایش مضمون مین نظر آئی خلل — مختصر جیب ابد تنگ ہی دامان ازل

فکر دوشیزہ ہی ہون شاعر پاکیزہ مزاج — وہ زمین چاہیے مجکو جو نہو مستعمل *

جز خدا اسکو مرا طول سخن ہی معلوم — قصۂ آخر کو نہین یہان ہے اول

گرمی عارض مضمون سے عرقریز ہی طبع — آتش شوق کی شعلون سے ہی سینہ مشتعل

قصد کے ہوتی ہین پردہ جو کچھ کچھ ایما — ضبط اور نطق مین ہوتی ہی ہم رد و بدل

آرزو کہتی ہی کیا آپ ہی زاہد خشک — کہ پڑی جمعیت خاطر مین ہزارون ہی خلل

طعنے دیتی ہی تمنا کہ مبارک باشد — ابتو واعظ سے یا دہ ہین جبین مین کچھ بل

حوصلی کہتی ہین اس بی ادبی سی گذرو — کہہ دو ناصح سی کہ جا بزم محبت سے نکل

لاجرم مرضی احباب مناسب سمجھا — طبع کو میل ہوا جانب تمہید غزل

اتنے مین آ کی مضامین قصائد نے کہا — صورت وعدۂ دیروز گئی آج بدل

ناگہان خاطر افسردہ مین اک جوش آیا — کھل گئی نشتر مضمون سے سخن کے اکحل

لے اڑی باد صبا نکہت گیسوی خیال — آ گئے سجدۂ تسلیم مین غنچون کے محل

جلوۂ تیز افکار فلک پر پہنچا — رات بھر چشم کو اکب سی ہی رد و بدل

کسقدر نالہ موزون سے کے ہوی استقبال　　ہر طرف خیل ملک آ کی ہوئی ست بغل
مدتون ور تصدق سے نیائی فرصت　　ساکنان فلکی بہول گئے حسن عمل
طول آغاز سے انجام تہا آشفتہ مزاج　　مختصر کی گئے تمہید کلام اول
ٹہیرا و خامہ کہ اب ہی م تکلیف سخن　　فکر صافی سے ہوا آئینۂ دل صیقل
شور ہی چار طرف فصل بہار آپونہچی　　جوش مستی ہین ٹپکتی ہین اُمنڈ کر بادل
ناز کرتے ہوئے آتی ہین ہوائین ٹھنڈے　　کھل رہے ہین دل مشتاق کی سینون مین کنول
عکس سبز سیکا جو ہی چرخ کی آئینے مین　　سبز ہین اطلس نیلی پہ خطوط جدول
گدگداتے ہین نگاہین اثر نرمی سی　　آج کل سبزۂ نوخیز ہے خواب مخمل
کر چکا فیض ہوا نطق زبان مین تاثیر　　کہتے ہین سبز قدم نحس کو ہنگام مثل
آجکل عالم ہستی سے جو ہوتا ہے سفر　　خضر بنکر طلب روح کو آتی ہے اجل
اصل پر اپنی کسیکو ہی نہین استقلال　　ق　　آگیا عالم اسباب کے ہر شی مین خلل
بنگ ہوجاتی ہی ساغر مین انڈلتی ہی شراب　　سبز ہوجاتی ہی مینا کی طرح سی بوتل
کثرت سبزہ ادبی دیکھ کے بہکا زاہد　　آگیا جوش پہ سودا سی دماغ مختل
تنگ ظرفون سے کے ہوی حوصلۂ دل پہ فراخ　　خود پرستی پہ ہی آمادہ مزاج اسفل
گرمی حسن تمنا سے یہ بہڑکی ہی آگ　　دود دل دیدۂ اختر مین ہوا ہی کاجل
واہ کیا وقت طرب خیز ہے اللہ اللہ　　کہ نہ پیرا کہین بچتے نہین فریاد اجل
ہین حکایات جگر سوز کے باہم چرچی　　شغل واسوخت کسی جا کہین افسانۂ نل
کہدی اتنا کوی بلبل سی کہ ہان بسم اللہ　　ہم قصیدے کے پڑہین شعر وہ ابیات غزل

مطلع

حفظ آداب مین آئی نہ کسیطرح خلل　　دیکھ او طبع رسا خوب سنبہل خوب سنبہل
شرف الدولہ ہے نواب فلک قدر ایسا　　کہ نہین جس کا امکان مین کوئی آج مثل

تھے جو حیوان وہ انسان ہوئی خدمت سے | فیض تعلیم سے قالب میں گئی روح بدل
وہ شکر ریزی لب ہے دہن شیرین میں | ہو گیا قصہ سی پہلے سخن تلخ عسل
خلق وہ خلق کہ انجام تصور سے زیاد | سیکھے اوسکو سبق حضرت استاد ازل
ادب آموز فلاطون ہیں مضامین خیال | ہر کنائی میں ارسطو کو ہے تعلیم عمل
ہر سخن منہ سے نکلتا ہے کرامت ہوکر | کیوں نہ ہو قوت ادراک سمجھ میں خلل
گر نہ آمیزش تجویز سے پائیں ترتیب | حشر تک دفتر اقلیم رہیں سب مہمل
راست ہر کج ہو جو آداب حضوری پائے | چین جبینو نسے نکل جای سر زلف سے بل
خواب راحت کی مری دہن شمشیر میں ہیں | مدعی سے کے لیے آغوش اجل ہے مقتل
ضرب تیغ جو ناگاہ صدا دی بیٹھے | قبر دشمن سی کہی آ مر سے آرام بغل
طول زخم تن اعدا یہ ندامت سے کھنچے | دیدۂ سوزن جراح میں پیدا ہو سبل
روح دشمن کے ہو ہستی و عدم سے مردود | وہ کشاکش میں رہی صورت اوتاد رمل
مختصر ہے دم ہمت جو ارادہ ہو جاسے | طول محشر سے زیادہ ہو اگر طول امل
کور ہو دیدۂ ممسک جو کرم کو دیکھے | ریزش ہفت خزائن ہے نظر میں خردل
شاہد ہمت پیشین ہیں ابھی تک موجود | سینۂ چرخ پہ ہیں شمس و قمر کے ہیکل
بخشش چند نفس میں یہ ہوں انبار بلند | جز زر و سیم نظر آئی نہ اطراف جبل
نگہ فیض رساں کچھ جو اشارہ کر دے | سبز ہو جائیں تسلی سے ہزاروں جنگل
تیز یاں لاکہ کرے توسن مضمون لیکن | طی نہ ہو وسعت میدان کرم کا اول
رخصت ای جوش کہ ہے اور طرف اوج خیال | بچھ گیا فکر معلے کا فلک پر دنگل
سجے میں آیا کہ نئی طرح کا مطلع پڑھیے | جسمیں ترکیب مضامین ہو بطرز مجمل

مطلع

کیا ملے رتبہ جہانتاب کے شاعر کو مثل | ایک خورشید سو وہ پیش نظر سے مستعمل

نہ وہ بالا یہ کرے دیدۂ شہرت حسن | چرخ اول کبھی ہفتم کبھی ہفتم اول

نظر آجائین اگر مصحف رخ کے جلوے | نہ رہے مخمصۂ دہر مین اضداد ملل

طرۂ فرق سے مشک ختنی شرمندہ | جلوۂ نور جبین قدرت صناع ازل

وہ اثر عرق نے دیا صفحۂ پیشانی مین | درد سر کے لیے ہے جسکا تصور صندل

دی کمانسے کبھی نسبت کبھی جائین ہلال | راست کوئی ہی نپائی خم ابرو کی مثل

نظر آئے صف مژگان تو صفین ہون برہم | قصۂ نیشتر چند ہے لیکن مجمل

آنکہ اسباب تحیر ہے اوسی کیا کہیے | قدرت حق کا تماشا ہے نہ جادو نہ عمل

شمع بینی مین ہی ایسا اثر پاتا ہے | کہ دوئی لا نسکے جسمین نگاہ احول

دیکہ لے عارض تابان سے اگر کچہ جلوے | آئنہ سمجھے اوسے آینہ زیر بغل

فاقہ کش ہے ہمن گو بہت مدت سے | لب جان بخش کی کسطرح نہ شائق ہو جل

ہے دہن دولت شیرین سخنی سے لبریز | ایک کوزہ مین ہی گنجایش دریای عسل

نام کیا صاف لکہون تک ادب کا ہی لحاظ | کچہ اشارہ مین بتا دیتا ہون مین طرز بدل

ہے امر کا اور سپاہی بنائی دولت | رہیے رسم محبت ہی بہت خوب عمل

لطف ایجاب دعا سے ثانی مین | ہم سرائے ہنر آموز ہی اسباب دول

ہی مین یاری ہی تو ہی ہم مین بکمنت کا ہیچ | ہاتہ آئے جفری کے لیے ترکیب جمل

لکھنی تھی فیل سواری کی جو ہمکو تعریف | تا سحر دائرۂ شب مین رہا دور زحل

کن سے لے تا دم برخیز ہوا مجمع شب | تب کہین قالب ہموار نے پائی ہیکل

وہ بلندی ہی جو اونچی کبھی گردن ہو بھی | سر کا بوسہ لے فلک پاؤنکا بوسہ دے جبل

دیکھیے ہیئت کو جو اوسکے تو کہتے اسد جہ | بیضۂ چرخ سے ہے آبلۂ پا سے نمل

وہیان دانتونکا جو آیا تو یہ سوجھی تشبیہ | صبح نے منہ پہ لیا دامن شب کا آنچل

لکھیے کسطرح سے چالاکی توسن کا حال | نیشتر عزم تصور سے گیا صاف نکل

آرزومند صبا ہے کہ قدم تو دیکھے
نظر آتا نہیں وہ مثل اشارات ازل

اوسکو کیا دیکھ سکے کوئی جہاں طائر شوق
ایک پرواز میں ہو ہمسفر قوت شل

تنگ وہ جانتا ہی وسعت میدان خیال
اوّل و آخر کونین ہی اک بعد اقل

بس زیادہ نہ بڑہا و شاعر مغرور نسیم
توہی خود رفتہ نہ آئی کہین ایمان مین خلل

پڑہ کچہ اشعار دعا ہی ہو مر انجام کلام
تند ستی کا ہی مشتاق خیال مختل

اے خدا تا کہ رہین شمس و قمر کی جلوی
اے خدا تا کہ رہین آت سے دن سے بغل

عزت و دولت و اقبال رہین سب ہمراہ
شوکت و شان و تجمل مین نہ پیدا ہو خلل

دوستونکی لیی جنگل مین ہو منگل ہر روز
دشمنونکے لیی منگل مین ہو سو جنگل

ایضا

شوخیان کرتی ہی کیا کیا دم دیدار نظر
شرم کہتی ہی بچی گی مری عصمت کیونکر

آرزو دینی لگی پاس ادب کو طعنے
آپکو حضرت تقوی کا مبارک رہی گہر

جوش انفاس سی کرتا ہی خلش کے زمین
شوق آمادۂ فریاد ہی کہولی ہوی سر

ٹکٹکے ہی دل مشتاق کی یون سوے بہار
جسطرح شائق آغوش عروسی شوہر

غفلت شوق سے کیا رنج فراموشی ہی
سیم و زر لینی لگے بوسۂ دست زرگر

کشش حسن نے ہر چیز کو کہینچا ایسا
کہ نہین خاطر زاہد مین خدا کا کچہ ڈر

ہوس و ید مین ہر جسم سے خالی ہی لباس
سنے گلو اب نظر آتا ہی گریبان سحر

رنگتین گہو رہی ہین طرف بی ادبی
حوصلونکی نگہ غیظ سی لرزان ہی جگر

مستیان کیف سخن سی ہین تج باتمین پیدا
بات کرتی ہین سمجہتی نہین مطلب اکثر

بڑہ گئی ہمت گستاخی خاطر ایسے
رند واعظ سی یہ کہتے ہین اوٹہالا ساغر

بارش گریۂ مستانہ صدا دیتی ہے
ایک بارش مین و عالم کی بہگودون دفتر

کروٹین حجلۂ خاطر مین بدلتی ہین خیال
بیقراری کے اشارے ہین اوٹہاؤ بستر

منہ لعاب مین ابر سی دہوتی ہی زمین ‏— تا ہو سلجہای کسی جا نہ کجہی پای نظر
اشک دامن مین ٹپکتی ہین تو ہوتا ہی یقین ‏— یہ سگئی پہوٹ کے چند آبلہ دیدہ تر
ہے وہ موسم کہ ہوا گوشہ نشین ہر واعظ ‏— دختر رز پردہ خم سے نکل آئی باہر
پارسای سفری ہی طرف عالم قدس ‏— توبہ رندان قدح نوش سی کرتی ہی خضر
چہیڑتے ہین رگ دل نشتر مضمون بلند ‏— رکہتی ہی فکر رسا سو سے تنا قصد سفر
چاہتا ہون کہ لکہون مطلع روشن کوئی ‏— فکر کے گوش مضامین مین پہنا دون گوہر

مطلع

حسن وہ دیکہ سکے ہی یہ کہان تاب نظر ‏— نور پرور دہ عارض ہین تری شمس و قمر
ای جناب شرف الدولہ وزیری جا ‏— جان و دل میری فدا کیون نہ ہین شام و سحر
وہ کرم جسکے تصور مین نہین گنجایش ‏— دامن و جیب ہین ہر فرد کے لبریز گہر
صدقے اس چشم حیا خیز کے اللہ اللہ ‏— گہڑیان شرم کی غنچون نی کسین چہپ چہپ کر
واہ رے لطف کہ دشمن کے لیے مہمانی ‏— دب گئی ہمت بدخواہ تہ بارش زر
رفعت قصر کے جلوہ کی کو نہ پوچہے ہرگز ‏— بہر پرواز تصور کے جو پیدا ہون پر
ایک ساعت جو مقابل ہو تو پہر محشر تک ‏— محو تمثال رہے آینہ اسکندر
گر میے حلم سے ٹہنڈی ہون جلانی واکے ‏— اوڑہ لین ہن خاکی کے ردائین اخگر
حدّ او صاف بیان ہو نسکین گو ہر دم ‏— فکر شاعر کی بدلتی رہے لاکہون پیکر
خلق وہ خلق کہ تسخیر مین عالم کے دل ‏— کوئی جان حلقہ بگوشی سی نہین ہی باہر
فہم وہ مرضی صانع کی سمجہ لی باتین ‏— مطلب اوس سی ہی جو منظور خدای اکبر
مس کرین اوس رخ روشن کی اگر نظارے ‏— رشک سی قلب ہو سیماب کی صورت مضطر
ہو میسر اگر اوس چہرۂ روشن کی ضیا ‏— روح آجاے لبون پر پے تعظیم نظر
آرزومند تصدق کو یہ ہو نیتا سے ‏— دل بغل سی نکل آئی کبہی سینے سے جگر

دیکھہ آتا ہی جو اوس لوح جبین کے انوار
دل یہ کہتا ہے تصور سے ٹھہر جا دم بہر

ہی وہ مقبول اگر اوسکی ثنا کچہ لکھین
ابر رحمت سے دہلین جرم و گنہ کی دفتر

نام آجای زبان پر تو یہ بخشے تاثیر
دیکھہ لین صورت اصلے کو مزاج ابتر

یہ شرف عرض تمنا کو وہان ہو حاصل
مدعا سر کو جہکا دے پے تسلیم اگر

ہمت ایسی کہ اجازت ہی یہ ہر سایل کو
مانگوا تنا کہ جو ہو وہم و گمان سے باہر

جرات ایسی کہ نہین خلق ہوی جسکی پناہ
پیشتر قصد سے دشمن کی ہو تن پر سر

دیکھہ کر چشم غضب ناف عدو مین چہپ جا
کثرت خوف سے ہو تیغ سمٹ کر خنجر

الغرض وصف سراپا مین تصور سے یاد
اب نہین عالم ایجاد مین اوسکا ہمسر

لکہیے اشعار دعا وقت دعا ہی یہ نسیم
مختصر کیجیے اظہار سخن کا دفتر

اے خدا تا کہ رہی مدح سرائیکا رواج
اے خدا تا کہ رہی قدر فن و علم و ہنر

ہر زبان محو ثنا خوانے ممدوح رہے
نام سے اسکے ہو عالم مین سخن نام آور

ایضاً

برشتگی ہے نگہ مین یہ گرم ہے جو بن
فروغ عارض گل سے ہے فتیلہ روشن

بہت دنو نمین قدم رنجگی بہار نے کی
کہ ہر طرف ہی گل افشان زبانہ گلخن

حجاب دیدہ ہوسے ہین منعقد سے غنچے
دکہا رہی ہے مزی نو عروس گلشن

گہرا ہوا ہی جو ابر بہار صورت شام
جبین شاخ پہ گل کی کنول ہوی روشن

نہال ہجوم رہے ہین فور ستے مین
ہوای سرد کا ہر سمت گرم ہے توسن

پڑے ہین عکس جو رخسار گل کی ہر جانب
زمین باغ کا رنگین ہی جیا بجا دامن

ہجوم شوق مین فرصت نہین ہی سجدہ سے
نصیب ہے سر بلبل کو آستان چمن

ہوا سے خندہ بیہم جو گد گداتے ہی
ہر ایک غنچۂ نو خیز کا کہلا ہے دہن

صبا نے سحر محبت سی کر لیا مشتاق
امید وار ہی بوسونکا عارض گلشن

حدیث خود غلط ہے سنہ ہے قبول خاطر خلق
خراب پھرتا ہی واعظ لیے کتاب کہن

ہزار عزم ہین لیکن قدم نہین اوٹھتا
یسان چشم محبت ہی آرزو رہزن

اوٹھا مزاج سے ایسا لحاظ بی ادبے
کہے سے ہین مری اشک بوسۂ دامن

لٹا رہا ہون برابر تراشۂ دل زار
بھری ہوی ہی لبالب کنارہ دشمن

نہین ہی ایک گھڑی بھی فراغ ہم نفسے
چمن مین نالہ بلبل ہی دلمین شور محن

اجل کشاکش امید مین پریشان ہے
کہ آجکل ہے فراموش عادت مردن

مزاج دان نہین ملتا ہین تیغ کیون خاموش
کسے دکھائیے ای ہمنفس نزاکت فن

وہ آفتاب ہون جسکو کبھی زوال نہو
اوٹھاسکے ہاتھ دعائین کیا کرین دشمن

بس اب تہیۂ خاطر ہی جانئے صاف
خیال نو کو ہوئی احتیاج مشق کہن

زبان پاک ادا کر رہی ہی شرط بیان
فرشتہ خو شرف الدولہ اعتبار زمن

وہ باخدا ہے کہ فیض ضمیر روشن سے
رہے نہ روح کو باقی حجاب جامۂ تن

جو دیکھے شوخی خاطر تو ہو حجاب ایسا
رہے عروس سخن کو سخن نقاب دہن

کہان ہی عارض شمس و قمر مین حسن ایسا
کہ وقت وصف کرون مین اوسی شریک سخن

نگاہ کا ہی یہ عالم کہ جب اوسے دیکھین
نصیب ہون جگر و دل کو سیکڑون روزن

وہ حلم ہی کہ فلک جسکی بوجھ سی پس جائے
وہ خلق ہے کہ فرشتے پکار اوٹھین احسن

فلک مقام و ملک طینت و ملک ہم بزم
سخی و مہر و علو ہمت و شجاع زمن

زمان جود اگر آکے حوصلے دیکھین
زمین و چرخ کو ہو رنج تنگئ دامن

وفور فیض سے بدخواہ بھی نہو محروم
زبان تیغ سے چاٹے لعاب ہر دشمن

ہٹا ی تیغ نگاہ غضب جو ہستے خصم
سنائین روح کی آرام کو فسانۂ تن

لہو کو چاٹ کے ڈوسنے تن عدو مین جو تیغ
دکھائے جلوۂ مرجان ہر استخوان بدن

ہوئی ثنا سے یہ بالیدگی سخن مین میر
کہ آفرین کے لیے تنگ ہی شگاف دہن

سنا ہی غل جو سواری کی آمد آمد کا | رکی ہوسے ہین نگاہون کی طرف توسن
جمال پاک سے جذب نگاہ ہوتا ہے | عجب نہین کہ بڑہی شوق کو یقین وظن
لکھون خطاب کی دو تین شعر اسکے پر | دکھاؤن اور طرح سے کلام جو ہین
خدا کیواسطے اب اجتناب سی باز آ | کہ پہر رہی ہی کئی وشنی آمد و بدظن
ادب شعار ہون گستاخ ہو سکون کیونکر | ہزار طرح سے خاطر مین ہی لحاظ سخن
رہو نہین پرورش اضطراب مین کبتک | نگاہ لطف کوئی سطرف بہی حضرت من
امیدوار ملاقات ہون اجازت ہو | کہ پہر نہ پائیگا ایسا کبہی وحید زمن
نہ پایا صاحب ہمت جہا نہین کوئی | کہ مجھسے پوچھتا وہ یادہی تجھے کیا فن
بشکل بلبل تصویر ہو گیا خاموش | سوا فغان کے نہ نکلا کبھی بانسے سخن
کہا یہ علم و ہنر سے کہ جاؤ رخصت ہے | اب اختیار کرو جا کے گوشۂ مدفن
ملے گا کوئی سخن فہم تو بلا لین گے | نہین تو خیر جو کچھ مرضیے خدای زمن
نسیم شوکت خاطر و کہا چلے کیا کیا | سلام شوق لکھو وزبان مین قفل دہن

ایضا

کہان ہی ایک طرح پر یہ دور لیل و نہار | کبھی ہے شام مصیبت کبھی ہی صبح بہار
کشاکش نفس چند سے پیام اجل | ہوای بی ادبی ہے تہیۂ بیکار
خیال جام عبث اشتیاق ہی بیجا | دکھا رہے ہین دم سرد گرمی بازار
بسان دیدۂ ممسک ہے تنگ فرصت عمر | لحد کشادہ دہن ہے بشوق بوس و کنار
طلسم عالم اسباب چند ساعت ہے | جو ہو سکے سو ابہی ہو اوٹہا نرکہ زنہار
چھلک رہی ہین خم می بہک رہی ہین مزاج | ٹپک رہی ہی صراحی بنوش لی ہے پکار
نواے مطرب خوش لہجہ ہی موثر دل | ہجوم بیخبری سے ہے مختصر آزار
ہوا ہی ہرے سے بزم چمن ہوئی ہے گرم | شگفتہ گل ہین بسان فہن دم گفتار

دہک رہی ہین جو رخسار سرخ غنچو سے نکلے — برنگ مشعل روشن ہے عالم گلزار

شراب حسن سے لالے کا جام ہی لبریز — سرور دید سے کیفی ہے نرگس بیمار

زمین ہے سبزۂ خودرو سی فرش بوقلمون — بدل رہا ہی نئے رنگ چرخ مینا کار

بلند یونہہ دماغ برہنہ پائی سے — طواف آبلہ کرتا ہے تشنۂ سرخار

امید بادہ ہین تو یہ شکن ہین یون مصروف — کہ جسطرح پس پرہیز رغبت بیمار

خدر خدر کی صدا دی رہی ہین حباب جوش — گھڑی گھڑی ہے زیادہ ترقی پیدار

امنڈ امنڈ کے ٹپکتا ہی ابر ستی مین — تڑپ تڑپ کی چمکتی ہین بجلیان ہر بار

ہوئے برہنہ تنون کو لباس کی حاجت — چھپے حیا سے زمین زیر دامن کہسار

نسیم لطف بہت خوب ہی جو جی چاہے — تو ایسے وقت ہین لکہہ مدح خیر حمید اشعار

کمال یہ کہین اک قدردان ہو ہی نصیب — سجا ہی گوہر مضمون اگر تو او سپہ نثار

ملک خصال فلک آستانہ عرش مکان — قمر خدم شرف الدولہ فخر عز و وقار

اگر ندا اوسکے عنایت کی ہو کچہہ آمیزش — نصیب اہل دول ہو نہ طالع بیدار

وفور جود سے زائیدگی زمین کو ہی — نکالتی ہے جواہر شکم سے حاملہ وار

صدائے فیض و کرم سے عجب نہین ہی جو ہا — ہجوم داغ دل خصم مجمع دینار

زمانہ خوان کرم ہی سے ریزہ چین لیکن — فقط یہ رنج کہ ہے ایک عمر سی بیکار

سرور عیش ہین یون پاسبان در اوسکے — کہ جیسے عاشق شیدا کے دیدۂ بیدار

کبھی نہ دیکہہ سکے انتہائی بخشش کو — رہے جو تا دم محشر تسلسل انتظار

بپا سے طول سخا ہین وہ اختصار کبھی — ہزار بار اگر صبح ہو شب بیمار

اوٹھے یہ ورد حسد جوش نخل سی اوسکے — کہ استخوان عدو ہون جواب موسیقار

گرے ستارہ جو پاپوش ہی زبان خرام — تو ہو وہ نیر اقبال منعم زردار

بشر تو کیا حشرات زمین پہ ہی فیض — کہ نقرئے ہین تقاول مفید کنجفہ مار

وہ دل کہ جسمین ہین محبت ہی وہ ساتھی کی
نگاہ طرہ شکین فرق کو سمجھے
خمیر مردمک چشم سے بنی ہین وہ بال
جبین وہ لوح منور کہ آفتاب خجل
بہوین ہین تیغ ہلالی مگر کشیدہ مزاج
مژہ ہین یا کہ زبانین ہین کلک قدرت کے
عجیب قصہ دلچسپ ہی فسانہ چشم
ہر اک اشارہ ہی اوسکا حیات کی بنیاد
صفای چہرہ ہی پہسلا کے قطرۂ نور
فروغ عارض تابان سی ہی یہ نیر نقش
دل و جگر کو مسافر بچا نہین سکتا
لبونکا وہ بیان جو آیا تو سمجھا مین گلبرگ
دہن وہ درج گہرہای حق شناسی ہے
شفا ہو دید سے حاصل جگر خراشونکو
ٹہہر کے ذرا چل نہ دوڑا و خامہ
سوال کرتا ہے دل تجہ ضمیر حاضر سے
تو وہ ہی اگر تیغ ہاتہ مین لے لے
شکم مین نطفہ اعدا دو حصہ ہو جائے
کہچ آئے روح بدن سے برای قربانی
پڑے جو آنکہ وہ قصہ خیل دشمن پر
دسے تہ دل سے وہ قصر بلند رہنے کو

بجا ہے کہیے اگر اوسکو مخزن اسرار
خطوط کاتب قدرت ہین دو سر شیار
تصوراو نکی ہی ہوتی ہے صیقل ابصار
خیال وصف سی جسکے چمک گئی اشعار
ہزار مرتبہ جسپر عدو کی جان نثار
کر اپنے طرز کا مطلب سمجہ لے ہشیار
کہ جسکے شنی سے سیوی صاحب آزار
بقای عمر خضر پاسے طالب دیدار
کشیدہ بیتی روشن یہ کرتی ہے اظہار
کہ محو جلوۂ ذات ہی سایہ دیوار
قدم قدم پہ ہین درگاہ عشق کے زوار
مگر وہ بے اثر اعجاز انہین عیسی دار
زبان ہے حجت مقبول ناطق اسرار
دکھای سبزۂ خط لطف مرہم زنگار
کر اوسطرح کی لکہنے مین کچہ ہمین اشعار
فراج فکر مطلے ہوا ہے شوخے یار
قدم پہ سرکو رکھے بیل چرخ بے تکرار
سنے جو حال تجہ ذکر خنجر خونخوار
پناہ تیغ کے خصم کو پناہ فرار
ہزار طائر جان اک نگاہ مین ہون شکار
کہ مرغ روح نہ اوڑکر پہنچ سکے زنہار

فلک کی پشت دوتا مین نہ خم رہی باقی | کجونکو راست بنا دے بلندی دیوار
نسیم فکر رسا سے نکر زیادہ سوال | جو ہل گیا سو ہلا اب بچا ہیے تکرار
جہان مین تا کہ رہی یہ بقای شمس و قمر | جہان مین تا کہ رہی رفت و خیز لیل و نہار
رہی وہ مسند دولت پہ جلوہ گر یارب | حبیب خرم و شادان عدو ذلیل او خوار

ایضاً

دیکہ تو رفعت افسون تبان طرار | رشتۂ قوس کی پہنی ہی فلک نی زنار
زلف منہ دیکہتی ہے آینۂ عارض میز | رنگ کچہ لای گا یہ دائرۂ لیل و نہار
شوق کہتا ہی اوٹہا پاس ادب گستاخ | شرم انگشت بدندان ہی کہ ای دل زنہار
کوئی شے جو شش سودا سے نہین ہی خالی | کہولتا ہی رگ سبزہ سر ہر نشتر خار
آرزو مائل مستی ہے حیا پا بر کاب | اتقا گوشۂ طلب ہی کہ ندیکہون یہ بہار
شیخ اندرز فراموش ہی وعظ محجوب | یاد آتا نہین غیر از سبق بوس و کنار
مہر بر بستہ جو غنچے نہ پہوئی تہین نغمہ مین | لٹ رہا ہی زر گل وقف ہی سارا گلزار
پائی جا رو ب کشی ہی جو صبا نی فرصت | چہچہے مرغ چمن کرنی لگے نذر بہار
قطرہ می کی چمکنے لگے ہر سو تاری | گو دہرنے کو ہوی جام و صراحی تیار
بسکہ ہے ہر ہنگی غفلت میخواری سے | چادر بارش می کرتی ہی پردہ ہر بار
بیحجابی ہین جو ہر بلبل و گل ہے معروف | ہر نگون شرم سی ہین صحن چمن مین اشجار
بر ہمی کی مجہے دیتی ہی اجازت خاطر | طرۂ زلف مضامین کے نظر آے بہار
جی مین ہی شاہد مضمون سی ہم آغوش رہون | تا کجا حسرت تاخیر پڑہون چند اشعار
لے کے ہوش مین آ ہی قلم سینہ شگاف | جوش مین طبع معلے کی دکہا کچہ آثار
مین وہ یکتای زمانہ ہون کہ مسیرا | صوت حکم الٰہی ہے نہایت دشوار
ہون وہ خورشید جہانتاب نہین جسکو زوال | ایک سا جلوہ آغاز سے ہے اور آخر کار

دوست اوس عارف دیکھا سخن فہم کا ہین	جسکا یک لفظ نہین صورت معنی بیکار
ماہر علم و ہنر واقف اسرار سخن	شرف الدولہ جہان کرم و عز و وقار
ادب اوج مراتب سی یہین پیہ ہر دم	گرد پہرتا ہی فلک صورت پای پرکار
مائل عالم گلشن ہو جو وہ عالیجاہ	نذر کو لای زر گل چمنستان مین بہار
پرتو افگن ہوا گر تیغ زمین پر اوسکے	حشر تک صاعقہ نکلی عوض جوشش بخار
نگہ مہر سے دیکھے طرف ذرہ اگر	تیغ صدقی کری خورشید کو نمین سے پار
لب جان بخش کی جنبش سی اجل عیسا یوں	نہ ٹلے حشر تلک ملک عدم کا بازار
تنگ ہی وسعت میدان تصور ہمدم	کیا لکھون مین صفت تیزی گام رہوار
اس جہان سے صفت روح فرشتہ ہم ہین	جا کے پہر آتا ہے صحرای ازل سے سو بار
رفعت قصر معلے ہی خدا کی قدرت	انتہا جسکی ہے تخییل ملک سی بیزار
دیکھے گر طالع بیدار کو چشم بد سے	گہر کری دیدہ دشمن مین سدا خواب قرار
اوسکا ہمسر ہون تو مین ہون اگر اتنا ہی فرق	وہ شہ فہم ہے مین خسرو ملک اشعار
مختصر عالم اسباب ہی اوسکی آگے	کیجیے فیض مطول کا کہانتک اظہار
حلم وہ حلم کہ دشمن کو ہوا امید عطا	خشم وہ خشم کہ ہے جسکو کبھی سی انکار
تا کجا طول سخن فرصت اندیشہ کہان	ای لئیم اب نفس چند ہین تکلیف سی یار
پڑہیے اشعار دعا جسکو فرشتے سنکر	چار سو عرش برین پر کہین آمین ہر بار
ای خدا جلوہ فراز یر فلک ہین جبتک	روز و شب صبح و مسا شمس و قمر کی آثار
شش جہت مین ہی ممدوح کو ہر دم حاصل	عشرت و نام و نشان طرب و عز و وقار

ایضاً

بعد مدت فکر کا کرتے ہین ہم آج امتحان	ایک ساعت ای فلک بنجا خدا را مہربان
فکر صائب کے بدولت اصفہان ہی لکہنو	ہے مری فیض سخن سی عزت ہندوستان

جی مین لہراتی ہین میدان ثنا کی گردشین
آبرو رکھتا خداوند زمین و آسمان

آرزو ہی گوہر مضمون کی لڑیان گوندہ کر
کیجیے آراستہ بازار معنی مین دکان

وہ متاع قیمتی ہون مشتری کر لے پسند
پوچھی گر قیمت کہون احسان بحال نیمجان

طعنے دیتی ہی مجھے پیری پریشان خاطری
ڈھونڈھنے نکلا ہون اطراف جہان مین قدردان

مے سے توبہ کر چکا پرہیزگاری ہی مجھے
لا گلاب صاف ایسا ساقی کہ مین دھولون زبان

ابر تر دکھلا رہا ہی بجلیون کی چشمکین
دل یہ کہتا ہی کہ لکھہ اشعار صنف قدردان

ہاتھ ہوس اک مطلع مستانہ ہو زیب قلم
جس سے امنڈی کیف مثل گوشۂ چشم بتان

مطلع

صورت مینا ہین لبریز سخن کام و دہان
ریزش پیہم سے تر ہوتا ہی دامان بیان

کرتی ہین اٹکھیلیان مضمون خیال ناکسی
گدگداتے ہین مجھی الفاظ و معنی ہر زبان

تا کجا پاس ادب اظہار مطلب شرط ہی
روکتا ہی کیون دل مشتاق کو کہہ دی کہان

ای فلک شمس و قمر پر ناز کیا کرتا ہی تو
دیکھ میرا دل کہ اسمین کسکا جلوہ ہی نہان

حامی دین محمد عاشق نام خلیل ع
آبرو بخش وزارت ناظم ہندوستان

جسکہ ہی راحت رسان خلق نظر خوف سے
ہوگیا بے زہر کام افعی زلف بتان

شوکت افزای ضعیفان ہو گر ہیبت سے ہم
مور کو تخت سلیمانی پہ ہو نقل مکان

ہر بشر کی آرزو یون شایق پابوس ہی
جس طرح اپنی ہوس کا بخت حاسد پاسبان

آرزو کی طرح یون ہر دل مین کہتی ہی ہجوم
جیسے لبریز دعا ہو خانۂ بیچارگان

ہمت اقبال کی دیکھی جو ہر جانب عروج
آرزوے استقبال کو فریاد بخت دشمنان

مانع پیری سے حیرت جلوۂ رخسار کی
دخل کیا ہی بڑھ سکے جو توسن عمر روان

چرخ چہارم تک جمال پاک کا ہی تذکرہ
سورۂ والشمس ہے ہر صبح ورد قدسیان

دیکھکر بزم طرب ایسا دل حاسد جلی
روشنی دی شمع سے مانند مغز استخوان

نطق ہم عالی سے وہ اطمینان سکو ہوگیا | شانہ برہم کر نہین سکتا ہی گیسوے بتان
قصد خاطر سوی اعدا آئے گر دل شاہ کا ہو | خون دشمن کی حنا بند ہی خیل دستان
فہم فلاطون سپند شعلہ ادراک ہی | کیا کہون کیا حال ہی عقل ارسطو کا یہان
تازہ معشوقی نیاز عاشقی سب محو ہین | خلق والا کی زبان خلق پہ ہی داستان
کونسا دل ہی نہین جو اوسکا پابند خیال | کون ہی جو خوان بخشش پہ نہین ہی میہمان
یہ نہین ممکن لب سایل کو جنبش ہو سکے | قصد سی پہلے صدا آتی ہی لو آؤ یہان
لطف وہ پیدا کیا احسن سخا و جود نے | ہوگیا خالی مزی سی گوشہ چشم بتان
حرص سایل ہن کرے دون اگر پیدا کرے | سیر ہو جاتی زبان سے جنبش فقرہ ہی کہان
آرزوی مردہ جی اوٹھتی ہی فیض عام سی | کم نہین اعجاز عیسی سی سخاوت کا بیان
ٹھوکرین کھاتے ہین گوہر سا ملوکی راہ مین | نصیب ہوتی ہین جو اوجا ہر جابی سنگ آستان
خامۂ قدرت نے لکھا لوح پر روز ازل | عرش رفعت ماہ طلعت آفتاب عز و شان
شادیون اہل غرض ہوتی ہین اوسکی نام سے | جسطرح ہر قالب بیجس مین آجاتی ہی جان
دست زرافشان کی جس جا نسے صد ہوتی ہی | بھول جاتے خلق تکلیف جفای آسمان
جوش الفت مین سے ہی سبہار ہا ہی یہ نسیم | ہون قصیدے مین غزل کی کچہ ادا رنگینیان

مطلع

نور حق کا عارض روشن پہ ہوتا ہی گمان | آتی ہی جو سی زمین ہر دم نگاہ قدسیان
گر دکھا دے جلوہ رخسار کو ہٹکر نقاب | داغ سمجھے مہر کو سینے پہ اپنی آسمان
وہ جبین یا چشمۂ خورشید جسکی روشنی | تیرہ بختو نکے لیے ہی صبح صادق کا نشان
تھی جو کچہ آئینہ دل ہاے مشتاقان مین بال | سو فرہ تنکر ہوی ہین پیرا برو وہ عیان
جلوہ خط حلقۂ آور رخ کے تابان پر ہی یون | جسطرح ہالہ رہی انوار مہ کا پاسبان
ق
اب نظر خوف ادب سے لغزشین کہنے لگی | چاہتی ہی عزت پابوس مثل عاشقان

کہ رہی ہی حسن سے مانع پوچھیے کسطرح
تا قدم ہی شعلہ روشن گذر ممکن کہان

کچھ نہین کہتے اگر آنکھین اوٹھا کر ایکدم
دیکھ لو تو حال ای خستہ دلونکی قدردان

اب تو وہ صورت ہی جو صورت کبھی ممکن نہ تھی
کیا تعجب ہے اگر ہو جاؤ تم بھی مہربان

مفلس ایسے ہین تمہاری بھی نظر پڑتی نہین
جانتی ہو سینہ خالی ہو چکا ہی دل کہان

آرزو گرم تقاضا ہی کہانتک انتظار
جی مین آتا ہی کہون لیکن ادب ہے پاسبان

صدقی جاؤن جو تبش غفلت مین نہایت چین تھا
دیکھ لو پھر اوس نظر سی بھول جاؤن دو جہان

چاہتا ہون تم کہو اتنا کہ ہان پھر کیا ہوا
کہہ رہا ہون پرسی ہین اپنی دل کی داستان

مین تو آیا بھی نہین کسکو کہا چلئیے بھی
کل کے کہنی کا ہوا اک وہ پہلی امتحان

نام نامی سنکے کہتا ہون بوس پا بوس کے
ای وزیر خسروان ای آصف ہندوستان

کچھ نگاہ مہر کو رخصت ادہر بھی دیجیے
رات دن چکر مین ہون مانند دور آسمان

بس بہت کچھ ہرزہ پیمائی ہوئی چپ ہو نسیم
لکھ مضامین دعا جو دل مین کہتا ہی نہان

فضل حق سے مسند دولت رہی تیرا قدم
تا ظہور آفرینش تا قیام دو جہان

خضر کے صورت بقائی عمر ہو تمکو نصیب
حشر تک یا رب رہی نام ورد قدسیان

قصیدہ در مدح ظفر الدولہ معتبر الملک رفیع المنزلہ نواب علی اصغر خان بہادر ناصر جنگ

کثرت عیش سے یہ بیخبری ہی ہر دم
کہ فراموش ہین جو یاد تھی گردون کو ستم

آج کل قوم بشر کے وہ بڑہی ہین اعزاز
کہ ملک کہاتی ہین آسایش انسان کی قسم

وسعت حوصلہ کی حد نہین ہوتی معلوم
ہر زیادہ خطر آتا ہی نگاہون مین کم

برہمی ایسی زمانے سی ہوی ہی معدوم
کہ پریشان نہین ہوتی کبھی گیسوی صنم

لفظ دشنام حسینونکی دہنمین ہی قید
لے رہی ہین لب عشاق یہ بوسے پیہم

کبھی عاشق کبھی معشوق کبھی سب سے پاک
سیکڑون رنگ بدلتا ہی مزاج آدم

مژدہ دیتی ہے صبا پیرہن عاشق کو — کہا چکا دست جنون چاک گریبانکی قسم
ہوچکی چشم عفیفہ نہین ممنون اشک — اوٹہ گئی عنصر ہر فرد سے پیدائش نم
وقت تحریر جو کی غین و رمل نے تکرار — صفت جاہل مغرور اٹکتا ہے قلم
کوئی دم اے دل بیتاب ٹہہر جاتو ہی — کہ قضا مین تمنا خبر سنائین تجہہ ہم

مطلع

مجمع خلق و حیا زینت قوم آدم — ای جناب ظفر الدولہ رئیس اعظم
صدقی اس طرۂ فرقی کی دل و جان بشر — کردیا سلسلہ کن فیکون کو برہم
جلوۂ نور جبین سے وہ عطا کی حیرت — ہر طرف شمع ہی ہی نہین قابو مین ہم
شوق کہتا ہی کہ لون بوسۂ ابرو کیونکر — الحذر یہ تو کوئی تیغ کشیدہ ہی دودم
چاک کسطرح نہو تیغ نظر سے سینہ — تیر مژگان کی یہ چوٹ ہی کہ جگر دیکہین ہم
للہ الحمد کہ ہین شرم سی نیچی انکہین — ورنہ ہوا ایک اشارے ہین صفائ عالم
نظر آئی کشش حسن جو بینی سیمہا — چہٹ گیا ہاتہ سی استاد ازل کے یہ قلم
ماہ و خورشید سی بہتر ہین نہین رخسارے — ہی زوال اونکو یہ تابندہ شب و روز بہم
سبزۂ خط لب جان بخش دہن کی نزدیک — خضر و عیسی نظر آتے ہین کنار زمزم
ہی اسطرح ہر اک عضو مین کیفیت نور — گردن و سینہ سے تا آئینۂ حد قدم
زلف کہتی ہے دم حشر کرونگی فریاد — کردیا ایک نظر نے مجھے ایسا برہم
شانہ کہتا ہی کہ مین چاک جگر کہتا ہون — کیا نہ پوچھیگا خداوند ازل حال ستم
کہ رہا ہے دل خستہ کہ الہی فریاد — جلوۂ حسن خداداد سے ہے یہ عالم
دادخواہی کے لیے بس ہی نہین تو دامن — اشک خاموش یہ کہتی ہین کہ کہتی نہین ہم
نکل آتے ہین دم سرد جو آہونکی ساتہ — گرمی نالہ کی کہاتی ہین لب خشک قسم
کہ نہین ضبط سخن کا ہمین یارا باقی — کہ لین اب ہم بہی غنیمت ہی فرصت یکدم

واقعی قدرت خالق کا نمونہ ہے تو / علم میں حلم میں احسان میں کرم میں خرم
کامل علم سخن شاعر یکتاے زمان / روح صدقی ہو جوا وصف مضامین میں قلم
خلق ہوتی نہ اگر طبع معلی تیری / دفتر راز معانی نظر آتا برہم
جلوہ دیتا نہ اگر نور مضامین خیال / میل کرتا نہ کبھی حسن سخن پر آدم
گر نہ افسانہ افکار سناتے اوسکو / چاک دامن نظر آتا نہ گریبان عدم
خلق ایسا کہ جہاں رہیں محبت ہوکر / مخلصے چاہی نہ تا عمر قدم توڑی دم
آدمی کیا کہ ملک بھی کہیں سبحان اللہ / بیٹھیں گر خدمت عالی میں فرشتہ ہوکر باہم
وہ حیا غنچہ سربستہ بھی شرما جائے / وقت احسان نظر آئی جو بدن کا عالم
کثرت زر کی دکھائی بھی سنئے یہ تاثیر / داغ ہو جاتا ہی ہر دامن مفلس میں درم
اثر فیض سے ہر شے میں یہ استغنا ہی / کہ نہیں زخم جگر کو بھی ہوا سے مرہم
مژدہ بیخبری لطف نے ایسا بخشا / روح رفت نہیں حالات بدلنے محرم
کسقدر غلغلہ جو دنے رفعت پائی / حوصلہ کرتا ہی تیرا سے نیے روح حاتم
نام آجائے زبان پر جو **علی اصغر** کا / کیوں نہ آسان ہو انسان کے لیے کار اہم
ہیبت ایسی کہ دلیروں کی جگر ہوں مضطر / نام سنکر تہ و بالا ہو فراز رستم
رفعت حوصلہ کا حال اگر کچھ سے لکھے / پہونچی شاعر کی تصور کا فلک پر پرچم
حملہ آور ہو عدو پر تو کرے اتنا قتل / خون شمشیر سی ٹپکے صفت ابر کرم
چار عنصر میں بسی خصم کی یوں گردش خوف / جیسے اوزان یہ باعی پہ تصدق احزم
چاک دل دی خبر خواب لحد دشمن کو / خندۂ زخم سے پیدا ہو صدا سے ماتم
شہرت قوت بازو جو ندامت بخشے / پی لے دشمن عرق شرم سمجھکر زمزم
خوف تیرا ورق دہر سی کہو دی ہر حرف / دہن اخفی گیسو میں نہ باقی رہے سم
تیغ اس دست بلوریں کی جو دشمن کہائے / خون ٹپکے دہن زخم سے ہوکر شبنم

عفو تقصیر نہین جوش محبت سی خیال　　کیا کیا خاطر بیتاب نے تفویض قلم

بخدا خادم صادق ہون نہین شک اسمین　　یاد کرتا ہون تری جوش محبت کی قسم

ای نسیم جگر افگار نہ بک بیہودہ　　آگیا پیش نظر حسن دعا کا عالم

ای خدا تا کہ رہے سلسلہ چرخ و زمین　　ہر دم و ہر لحظہ ترقی پہ رہین تار و نعم

ای خدا بے خلش غیر میسر ہو اسے　　دولت و عمر ابد راحت آغوش صنم

رات دن محفل عشرت مین بسر ہو اوقات　　خوار ہون حاسد و بدخواہ و احبا خرم

ایضا

یہ رفعت کلام کسی کے لیے کہان　　ہمزادہ خیال ہے ہمراز آسمان

مانند ذات حق ہی تعلق سی فکر پاک　　مضمون مین دہن ہی نہ الفاظ مین زبان

روشن ہون ہر طرف صفت نور آفتاب　　میری سخن کی فیض سے ممنون ہے جہان

مثل عروس حسن مضامین کو ہی حجاب　　کیا دخل جو ہو سکے کسی نا فہم کا گمان

بس اب خیال اور طرف سیر چاہیے　　موقوف کر یہ سلسلۂ ذکر این و آن

لکھ جلد ایک مطلع آغاز مدعا　　جس سے اوٹھائی لطف سخن طبع قدردان

مطلع

ای خامہ ہوشیار کہ ہی وقت امتحان　　مدت کے بعد آج طبیعت ہے مہربان

مضمون بشکل ابر کرم ریزش مین ہین　　کہتی ہے مجھسے فکر مرے یار بار ہان

لا واسطے نثار کے کچھ گوہر سخن　　ایسا ملے گا پھر نہ زمانے مین قدردان

خورشید منزلت ظفر الدولہ اسکو خلق　　کہتے ہی دیکھکر شرف خلقت جہان

پہنچی جدھر نگاہ عنایت ہوا یہ حال　　دامن مین زر زبان پہ دعا جسم مین جان

اللہ رے کرم کہ یہ عالم ہی ہر طرف　　مسرور ہی ہوس صفت خواب پاسبان

ایسا ہی کون جسمین ہون اوصاف سب بہم　　حلم و حیا و خلق و وقار و عروج و شان

جوش سحاب فیض سے ٹھنڈی ہوئی جو دل ــ پہلے ہوا ہی دامن الفاظ مدح خوان
ہر سر بلند پست ہے ہمت کو دیکھکر ــ حاسد کا دل جلا ہی تو دیتا نہین دہوان
دیکھا ہے جو خلیق تو ہر دل سے کے آرزو ــ اکسیر تحسین سے صفت صبح تو نتان
شرما رہی ہین عارض خوبان روزگار ــ تابان ہین اسطرح گہر گوش بندگان
کیا دخل مثل عمر گذشتہ پہر آسکے ــ وہ آرزو جو مہر قدم جس ہو وہان
ابتک تو انتہا ہی عنایت نہین ملے ــ عاری ہین خیال و گمان اسپ بے عنان
ہر جسم و جان پہ سایہ دامان التفات ــ رہتا ہی مثل کثرت احسان مہربان
کہتے ہی دل کے بہید سراپا ضمیر صاف ــ رکھتے نہین بمشکل سخن گو لب وہان
پایا نہ یہ جمال کسی مین وہ مثال ــ ڈہونڈا کیے خیال و تصور کہان کہان
حیرت سے تنگ جلوہ عارض کی ہین خموش ــ غنچونکی لب گلونکی دہن برگ کی زبان
نطق زبان کو بسکہ درشتی ہی عار ہے ــ رکہتا نہین ہی جسم سخن وہم استخوان
اوصاف بیشمار ہین پاتا نہین ہے بس ــ بڑہتا ہی روز کچہ نکچہ اندازہ گمان
حسرت فزا ہی صحبت وقت گذشتہ شوق ــ جسکو نصیب دیر کی خدمت ہی یکزمان
جو بار یاب بزم نہین ہی تو اوسکی پاس ــ کیسے ہین کچہ نہین بگرا اوقات رائیگان
تہے جتنے راستے وہ عنایت ادہر ہوے ــ اولٹا لکہا گیا ورق بخت دشمنان
اوصاف سے ملے وہ جہتی شکل خیال ــ آغوش فلک مین نظر آتا ہے آسمان
طے ہو سکی نہ راہ ثنا جب کسیطرح ــ عاجز بمشکل تو بہ واعظ ہوا گمان
یارب برآئین دلمین مرادین یون جسقدر ــ تا انتہاے عمر زمین اوج آسمان

قصیدہ در مدح نواب امیر الدولہ بہادر ابن نواب محسن الدولہ بہادر

تحریر کا وقت آگیا لکہ نام اقدس اے قلم ــ نواب امیر الدولہ عالی مرتبت والا ہمم

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

ہی وہ سخی ابن سخی عالم مین ہی جو چاہیے

چشمۂ ہمت ہی وہ ہنر قہر رحمت ہی وہ

حال عنایت کیا لکہون تشبیہ کس شے سے دون

ہی ہر کی کثرت ہر کہین آبادی وی مین

دریای بخشش ہے روان ہر وقت ہی گوہر فشان

جو رنج مین ہو مبتلا جسکو ہو صدمہ ہر کا

قسمت ہو یاری پر اگر آجای جوش لطف پر

اللہ رے خلق و وفا اللہ ری جود و سخا

خالق نے بخشا وہ اثر حاصل ہو گر فیض نظر

قربان ہی رخ پر قمر لب پر فدا گلہای تر

دولت سے دامن کو بہرا جو مینہ سی مانگا مل گیا

لفظ ثنا تر ہو گئے آباد دفتر ہو گئے

بخشش یہ ہی وہ ستر سے سنتی نہین آواز بس

ہر شی مین فیض اوسکا ملا دیتا ہون اک تازہ پتا

کیا شان ہی اوسکی کہی تعریف کیونکر ہو سکے

جو کوئی اوس پر گیا بر آیا دل کا مدعا

فیض لب جان بخش سی حصہ کسیکو گر ملی

گر دیکہ لے لطف و وفا یار نیز شرم سے سمجھا

ہی فضل حق سی وہ سخی گر لکہیی افسانہ در

غل الحذر کا ہو بپا آجای غصہ گر ذرا

بحر رجز کی دو سُن اشعار ہوتی ہین رقم

دنیا مین خلیل آدمی ہی اوسکا ممنون کرم

سرمایۂ دولت ہی وہ با عزت و جاہ و حشم

دے حوصلی سی وہ فزون ہر چند مانگی کوئی کم

دنیا مین مثل اوسکا نہین لکھا تا ہون مضمون کی قسم

آتا نہین بستہ زبان اللہ ری جوش ہمم

ہو در پہ اوسکی جبہ سا جاتی ہین درد و الم

بخشے یہانتک سیم و زر بہولے گردون کے ستم

اللہ ری لطف و عطا ہر لحظہ ہی جوش کرم

گلشن مین ہو ہر شاخ تر گلدستہ باغ ارم

خامہ نے سلک گہر گر وصف دندان ہون رقم

جسطرح قسمت کا لکہا ہوتا نہین ہی بخشش و کم

سب نقطے جوہر ہوگئے تسلیم ہی اشک قلم

رکہتا ہے جینی کی ہوس ہر راہی ملک عدم

لالہ بہی کہلانی لگا گلشن مین تصویر ارم

اکسیر سمجھی خلق اوسی حاصل ہو گر خاک قدم

اہل دول ہو یا گدا ہی سب پہ احسان کرم

ڈہرکانہ ہر نیکا رہی پکہا کمر ہی حسن قدم

ہر فرد ہو محو دعا جبتک ہی سینی مین دم

حاتم کا عالم سی ابہی جاتا رہی سارا بہرم

ہو ہر عدو کا سر جدا کہینچے اگر تیغ دو دم

منظور ہو گر امتحان ہون اسقدر خونریزیان
دی کلک شاعر گر نشان نگین ہو تحریر قلم

بس ہی نسیم بخیر ہی شوق مین اہی کہ ہر
شعر دعا لکہہ جلد تر دکھلا دی انجام رقم

مقصد ہو جو کچھ آپکا بر آئی از فضل خدا
خوش ہون عزیز و اقربا جبتک ہین ہیچ و بہم

حامی سدا ہون پنجتن جبتک ہی بنیاد زمین
تازہ رہی سارا چمن مسدود ہو ہر رنج و غم

جبتک ہی کاخ آسمان جبتک ہے قوم انس و جان
جبتک ہی بنیاد جہان حاصل ہی عز و درم

قصیدہ در مدح وصی علی خان بہادر

ذرا تو چین دی او دل تجھی خدا کی قسم
کہ اور فکر مین ہے آج خاطر برہم

خیال صاف کو گلگشت باغ مضمون ہے
برس رہی ہے طبیعت بشکل ابر کرم

کہان عروس سخن ہی کوئی بلا لائے
کہ ہی ضرورت اشعار کچھ کہین گے ہم

مزاج کو ہے تماشا گل معنی سے
کہلین گے زلف کی مانند عقدہائی اہم

نسیم اوٹھاؤ قلم وقت امتحان آیا
جمال شاہد تحریر مین ہو حسن رقم

خیال طرح رئیس زمانہ ہی دل کو
ادب کی جا ہی یہان گردن قلم ہو خم

جھکاؤ سر پے تسلیم عرض حال کرو
کہ ای امیر فلک مرتبہ جہان کرم

کمال مضطرب الحال تھا خوشا قسمت
نصیب مجکو ہوئی آج بوسہ ہائی قدم

بس اب زمانہ تحریر نام اقدس ہی
گلاب و مشک سی دھوتی ہین ہم زبان قلم

الٰہی اپنا کرم رکھہ وصی علیخان پر
وہ ہی سپہر کرامت کا نیر اعظم

زمانہ کہتا ہے اسکو کریم ابن کریم
وہ اپنی وقت کا ہی آج دوسرا حاتم

نگاہ فیض اثر سے جو سوی گل دیکھے
دُر خوش آب ہو ہر ایک دانہ شبنم

ہوای بزم طرب خیز کی یہ ہے تاثیر
نہ دیکھی چشم تصور ہی صورت ماتم

محبت پنجتن پاک ہی دل و جان سے
فدا ہی نام بتول و رسول ہے ہر دم

یہ فیض تیغ ہے اوسکا پڑی جو اعدا پر — ہر ایک زخم مین پیدا ہوئے سو دہان باہم
وہ باخدا ہی جو نکلے زبان سی اقرار — بصورت خط تقدیر ہو نہ بیش و نہ کم
فروغ روی مبارک ہی آیت اسلام — بجا ہی کہیے اگر اوسکو قبلۂ آدم
وہ آفتاب جہانتاب ہی اگر چاہے — ہر ایک ذرہ مین پیدا ہو نور کا عالم
خلاف اوسکا جو چاہی تو ہو خلاف ایسا — مٹے مزاج عناصر سے اتحاد بہم
نہ روح جسم کو دیکھے نہ جسم صورت روح — کہ جیسے ہین حسی فہما و قدر نہین توام
وہ برگزیدۂ حق ہے کہ وقت عزم دعا — عجب نہین جو ہو تقدیر سے زیادہ رقم
نہین ہی یاد خدا سے وہ کوئی دم غافل — ہمیشہ ذاکر حق ہین لب و زبان باہم
صفای قلب سی کشف ضمیر حاصل ہی — نہین ہے آینہ دل پہ زنگ تاز و نم
کجھون کو راست بنائی خیال شوق اوسکا — مٹے کشاکش شانہ سے زلف کا ہر خم
کہان نصیب جو لی بوسہ رکاب اوسکا — ہزار بار اگر پشت آسمان ہو خم
لکھون مین وصف اگر اوسکے جمال روشن کا — رہے زبان پری پر فسانۂ آدم
جبین وہ ہی کہ جیسے لوح نور کہتے ہین — بھوین نہین ہین وہ دشمن کچھی ہی تیغ دو دم
مژہ مین نوک وہ ہی سجھی ہر حسین نشتر — دم نظارہ صفین کی صفین ہین برہم
نہین وہ چشم کنار حیا مین ہی معشوق — کہ جسکے رشک سے نرگس ہی سرنگون ہر دم
نہین ہی اپنی شفاف شمع نوری ہی — بجا ہی گر الف اللہ کا اسی کہین ہم
لبون مین ہی اثر دم سوال و جواب — کہ زندہ کرتے ہین وہ ہاں مردہ کو ہر دم
دہن نہین ہے وہ ہی درج ذکر الا اللہ — کہ جیسے ہی کلمہ حق کا برزبان ہر دم
غرض نمونہ قدرت ہی سی تا ناخن — کہان مجال قلم ہی جو وصف سب ہون رقم
اب اور طرز کے اشعار چند لکھتا ہون — مزاج جوش مین آیا پھری عنان قلم
کریم وقت ہی نواب امیر والا جاہ — ہزار گردن تسلیم تیرے در پہ ہو خم

نگاہ لطف سے مجھ خستہ حال کو بھی دیکھ
کہ بھول جاؤں فلک کی تمام جور و ستم

ثنا میں تیری کروں اور رہوں ذلیل و خراب
یہ شرط لطف نہیں ایسی ہیں اہل کرم

اب اور کون ہے ایسا کہ جس سے حال کہوں
سناؤں کس کو میں اپنا فسانۂ غم

غریب و بیکس و ناچار و مضطرب ہوں میں
رئیس عیش ہو تم میں اسیر رنج و الم

آو تو جلد آو دم بھر کی بعد ایجان
مجکو نہ پائیے گا مجکو نہ پائیگا

سن لیجیے گا جو کچھ مدت سے آرزو ہی
فرصت ہو گر میسر دم بھر کو آئیگا

کچھ دور مین نہین ہون لازم ہی یاد کرنی
مانند دل مجھے ہے پہلو مین پائیگا

۷	ٹھنڈی کبھی نہ ہونگی کیا گرمیان تمہاری آخر نسیم کا دل کبتک جلائیے گا	۴۶

بڑھتی بڑھتی لاغری پنہان بدن ہو جائیگا
تن گمان ہوگا گمان آخر کو تن ہو جائیگا

گر یہی ہی ناتوانی فکر عریانی ہی کیا
دامن نظارہ تن پہ پیرہن ہو جائیگا

ایک چادر خاک کی ہی اک ردائے آسمان
اس تن عریان کا بی منت کفن ہو جائیگا

لذت تکلیف تازہ سے نہ ہونگی سیر ہم
زخم کھائینگے جو داغ دل کہن ہو جائیگا

اشک و پیدہ ہین ہمین کیا خانہ ویرانی کی فکر
گر پڑے جس جا وہین اپنا وطن ہو جائیگا

خار ہونگی نخل گل ہوگا حنا ہر برگ کام
اشک خونین سے مرا صحرا چمن ہو جائیگا

۱۰	بسکہ ہی مضمون نازک ہین تیرا کال اے نسیم شہرۂ آفاق تیرا بھی سخن ہو جائیگا	۴۷

چار دن کی بعد فرق درمیان ہو جائیگا
دوست تو ہوگا تو دشمن آسمان ہو جائیگا

شعبدہ اک اور او قاتل عیان ہو جائیگا
تیر اگر زخم کی منہ مین زبان ہو جائیگا

کسقدر شوق شہادت سے ندامت ہی مجھی
یہ نہ سمجھا تہا کہ قاتل مہربان ہو جائیگا

سینۂ سوزان پر اشک آتش تو آئی دیکھی
جلتے جلتے آگ پہ پانی دہوان ہو جائیگا

گر خدنگ نالہ کرونگی مشبک غم نہین
دود دل پیوند زخم آسمان ہو جائیگا

میری تلوونکا لہو چکھی تو ہر ہر خار دشت
توبہ کرنیکے لیے مثل زبان ہو جائیگا

آرزو جنت کی مین کرتا نہین اس واسطی
نام سنکر حور کا وہ بدگمان ہو جائیگا

آب ہو جاتا ہی آہن وہ اثر نالونمین ہے
دیدۂ زنجیر سے آنسو روان ہو جائیگا

یا کہ جائین گے تیری یاد مین جیسے ہم
جو نشان آنکھون کی آگی سی نہان ہو جائیگا

۹	شعر مضمون ترا لکھی جا رہا نہ افسردہ نسیم ایکدن کوئی نہ کوئی قدردان ہو جائیگا	۴۸

رنگ کیا کیا نہ سپہر جفا جو بدلا
ہان مگر او دل بیتاب نہین تو بدلا

کنج مدفن مین یہ تہا چین کہ جیسے سوئے
ایک پہلو سے نہین دوسرا پہلو بدلا

لذت ذبح زبانسے نہ گئی برسونتک
سالہا سال نہ جلاد نے زانو بدلا

رہگئی کونسی منت جو نہین کی لیکن
نہ کسی طرح مزاج بت بدخو بدلا

کیا بلا جوش جنونکو ہی ترقی ہر روز
ڈہنگ وحشی کا تری کچھ نہ پریرو بدلا

وسمہ و آب حنا سی نہین ہوتا ہی شباب
جب ہوئے پیر تو رنگ سر مو بدلا

ایک سا حال ہی خونناب دل کا میرے
آج تک دیدۂ تر کا نہین آنسو بدلا

۱۴	کم ہوا جوش جنون کچھ اطبا سی نسیم آب نارنج سے کیسے شربت آلو بدلا	۴۹

مژدہ دیوانگی کا زیر شمشیر دو دم نکلا
کہ زنجیر ہوا بنکر مری سینے سے دم نکلا

جبین سائی کو ہم کس حوصلی پر آپ تک آتی
نہ بل زلفونمین کم پایا نہ کچھ ابرو سی خم نکلا

بڑی ثابت قدم یارانِ ایذا و وحشت تجھ بن / کہ اشکِ دیدہ سی لختِ جگر ہوکر بہم نکلا

پتا ملتا نہین یہان بھی میان یار کیا شے ہے / یہی کہتا ہوا ہر قافلہ سوی عدم نکلا

نہ ڈوبی کشتیِ افلاک جوشِ چشمِ گریان سے / بہت سمجھی تھی اوس پا کو ہم افسوس کم نکلا

غضب کیا کیا نہین لائی نگاہ شرم زا تیری / جسے ہم لطف سمجھی تھی وہ آخر کو ستم نکلا

ابھی تک ہی ہی سودا تری الجھی گیسو کا / طبیعت کو نہین سیرِ عجب سے غم سے کم نکلا

پکارا مجلو وہان اوسکو ہوی منظور جب جا / جو نکلا نام بھی میرا تو مانندِ قسم نکلا

نہین سے بڑہ ہین اولی آسمان سے پہلے ہین / مگر چرخِ ستم پیشہ بھی پامالِ ستم نکلا

ہوا ہی مشغلہ یادِ خدا سی عہدِ پیری مین / گیا دل سے تو نکلا دھیان کبھی صنم نکلا

وہی زورِ جوانی ہین ابھی پشتِ خمیدہ مے / کمانِ آسمانِ پیر کا ایتا ہی خم نکلا

نچھوڑا خاک نے جز خاک کچھ اونکا نشان باقی / نہ دارا قبر سے نکلا نہ اسکندر نہ جم نکلا

ابھی پردیہہ ہین ہو جسپر پیامِ مرگ آتی ہین / قیامت اور آئیگی اگر باہر قدم نکلا

۱۱	زمانہ ہمسکو سمجھا ہی نسیم آباد ہی ابتو بہت ڈھونڈہا مگر کوئی نہ اربابِ کرم نکلا	۵۰

ہوس یہ رہ گئی دل مین کہ مدعا نہ ملا / بہت جہان مین ڈھونڈہا پر آشنا نہ ملا

ہوا ہی کونسا معشوق باوفا اے دل / گلہ عبث ہی اگر وہ ملا ملا نہ ملا

عجیب قسمتِ بد تھی شبِ فراق مین ہم / کہان ڈھونڈہ پھرے خانۂ قضا نہ ملا

ندی تو ہاتہ سی ہون ضعف سے مین تنگ ایسا / ہوا ہی شوق فنا مین جہان اوڑا نہ ملا

جواب دیگی بھلا روز بازپرس تم کیا / اوڑا اوڑا کی ہمین خاک مین صبا نہ ملا

وہ کشتہ نگہ قہر تہا کہ محشر مین / مرے جلانے کو احکام دلربا نہ ملا

غریقِ بحرِ ستم عمر کے ہوی کشتے / بہت سا ہمنے پکارا پہ ناخدا نہ ملا

کمالِ عیش و جوانی و ملک و مال طرب / یہ سب ملے ہمین پہ یارِ باوفا نہ ملا

عجیب جوش جنونمین ہوئی تھی پامالی | کہ ایک آبلہ تک دستدارِ پا نہ ملا
چبہے ہزار تمنا سے کیون نہ جی سے کھٹکے | کہ خار کو کوئی ہمسا برہنہ پا نہ ملا

۵۱ — بہت سی کرتی رہی باغ دہر مین گلگشت
پر اپنے بلبل دلکو نسیم سا نہ ملا — ۹

ساغر پلا کے بیخبر دو جہان بنا | اوپیر میفروش ہمین ہی جوان بنا
اللہ ری درازی آغاز مدعا | نکلا جو حرف منہ سی سیر داستان بنا
تہا کچھ تو جب بہی یہ نہ کہو تم کہ کچھ نہ تہا | گر کچھ نہ تہا تو کاہی سے سارا جہان بنا
اوٹہا مرا غبار جو تعظیم یار کو | ایسا ہوا بلند کہ اک آسمان بنا
وہ بی نشان تہا مین کہ یہانتک ہوا پنہان | سبحسے دہانِ یار بنا لامکان بنا
لیل و نہار گیسو و رخسار یار مین | جی چاہتا ہی بیٹہ رہین اک مکان بنا
ہستی کا بس مری وہین اطلاق ہوگیا | جسجا کہین کسی کی قدم ہی نشان بنا
عشاق جان فروش کی دیکہو تو حوصلی | مقتل تمام معرکہ امتحان بنا

۵۲ — بیکار تہی نہ خاک نہ دودِ جگر نسیم
اوس سے زمین ہس ہی مرا اک آسمان بنا — ۱۰

پوشیدہ ہی یہا ہوسی ہر اک زخم تن اپنا | پامال خزان آپ کیا ہی چمن اپنا
مصروف تبسم ہین نیا دیسی اجل کے | رکہتی ہین کہلا زخم جگر تک دہن اپنا
ہین وہم فراموش پتا کچہ نہین ملتا | مسکن ہے نسیما نہ کہین ہی وطن اپنا
اللہ ری بیتابی دل بعد فنا ہی | سو جا سی مشبک ہے مزار کہت اپنا
ہم گریہ کلرنگ سی یاد گل تر مین | صیاد بنالین گی قفس مین چمن اپنا
اک دل تہا سو وہ بہی نرہا پاس صد افسوس | پایا نہ کسیکو ہے شریک محن اپنا
اے غم ہمین اسدرجہ کہلادی تیری صدقی | ہم بار اٹھا نہ خیال کفن اپنا

ساقی وہ پلا مے کہ وہ عالم ہو نہ ہوش
ہو جائی خدائی سے نرالا چلن اپنا

وہ اشک تہی جو آنکہ سی ٹپکتی ہی ہوئی خشک
دم بہر نہ ہوا گوشۂ دامن وطن اپنا

۵۳	خاموش نسیم اب تہ بکو چپ ہو بس بس بیہودہ سناؤ نہ کسیکو سخن اپنا	۱۰

کسے صورت تو دلکو شاد کرنا
ہمین دشمن سمجہکر یاد کرنا

دعائین دینگے چہٹکر قیدی زلف
جہانتک ہو سکے آزاد کرنا

کہین وہ آفرین ایسا پڑے ہاتہ
نہ مجہپر رحم او جلاد کرنا

مسیحا سے دکہانا بعد مردن
جو دل چاہے تو کچہ ارشاد کرنا

اوڑا دو خاک میری ٹہوکروں سے
اگر منظور رہی برباد کرنا

ادب سیکہے نہین ہون نو گرفتار
بتاکر قاعدے بیداد کرنا

مزا تہا بیبسی کی گالیون مین
اوسے بہولے سبق کو یاد کرنا

بہت مشکل ہی ان سنگین دلون سے
خیال خاطرِ ناشاد کرنا

جنازہ اوٹہ چکے میرا تو تم سب ہے
ادا رسمِ مبارکباد کرنا

۵۴	نسیم خستہ دل کی جان تم ہی غضب لایا ترا بیداد کرنا	۹

اونکی آنکہین پہر گئی پر جو شادان دل ہوا
زندگی خوش ہی کہ اب ناجہی مشکل ہوا

راحتِ مرگ محبت اوس سی پوچہا چاہی
جو یہ سمجہی یہی جی مین مین بہی اس قابل ہوا

موت بہی قسمت نے کہوئی کیا بری شی ہی مہد
جب جہکی گردن مری وہ اور کا قاتل ہوا

مہربانی مجہپہ کیون کی تہی کیہ تیر نی کہ ہاے
مین نہ ہا زندہ وہ میرے واسطے بسمل ہوا

بل بی ظالم جو نپوچہی یہ بہی تیر ناز سے
کسطرف کوئی ہوا کس جا کوئی بسمل ہوا

نوجوانی کا برا ہوا وسکو مرجائی کیا
جی ہٹا جاتا ہی جب بیمار کی قابل ہوا

قدر مینا عزت جام و سبو جاتی رہی
جو تمہارے بزم مین ٹوٹا وہ میرا دل ہوا

بےمروت تندخو نا آشنا برہم مزاج
روئیے اوس بخت پر جو تجھی کچھ پیارا ہوا

۵۵ — گھیری ہتی ہین عزیز و اقربا اونکی آہین
ای نسیم اب دیکھنا بھی یار کا مشکل ہوا — ۷

چھیڑا جو مینے یار کو سب مین خجل ہوا
اے جوش شوق آج تو تو ہی مخل ہوا

تدبیر نیک دیتی ہی آخر کو آبرو
شیشے مین آ کی قطرہ مے مثل دل ہوا

حاصل تہا وہ فروغ چراغ فراق کو
خورشید داغ سینہ سی میری خجل ہوا

ہر استخوان بدن مین مری خاک ہوگیا
شعلہ تپ فراق کا جب مشتعل ہوا

رخسار کے جو وصف مین مضمون ہوے رقم
عارض کا نقطہ صفحہ کاغذ پہ تل ہوا

اظہار آرزو سے ندامت ہوئی مجھی
سنکر وہ حال شوق مرا منفعل ہوا

۵۶ — پھر سامنی مصیبت سابق ہی ای نسیم
پھر اندنون فریفتہ اک بت پہ دل ہوا — ۱۷

یہانتک اوج جنون مین مجھی کمال ہوا
خراش ناخن دیوانگی ہلال ہوا

عروج حسن مین وہ یار کو کمال ہوا
کہ آفتاب بھی اک نقطہ جمال ہوا

ہزار شکر کہ میرا بھی اب وہ حال ہوا
دعا کو ہاتھ اوٹھے آپکو خیال ہوا

نہ کھو لی مجھے بوسہ اگر لیا تو لیا
رقیب دل مین سمجھ لو اگر ملال ہوا

فروغ زیست ہوا سر کٹا کی صورت شمع
حیات بعد ہوی پہلے انتقال ہوا

خیال زلف اگر ہی تو دل کی خیر نہین
وہ ٹوٹ جاتا ہی شیشہ کہ جسمین بال ہوا

مرا فسانہ ہی مانند مژدہ دشنام
کہ آتے آتے در گوش تک ملال ہوا

مزار مین نظر آتی ہی خاک تک رنگین
غبار تن شہدا کا ترے گلال ہوا

نہین ہی حرص سی خالی کبھی مآل بشر
اوٹھا جو دست دعا کاسہ سوال ہوا

تری کمر تو نہ تہا مین جو موت کو تملا
شب فراق مین مرنا ہی کیون محال ہوا

بسان آخر روز و بشکل اول شام
وہی عروج ہی میرا کہ جب زوال ہوا

برہنگی کی ندامت ہی یہ تن کی ساتہ
کہ بعد مرگ ہی مزدور انفعال ہوا

درازی شب غم کا وہ ایک لمحہ ہی
جسے زمانی مین کہتی ہین وہ وصال ہوا

کہلا یہ عقدہ قدمبوس لعف سی ہمکو
چڑہا جو سر پہ وہ آخر کو پائمال ہوا

کنار قبر سے لاشے نی میری سر نکیا
ترے گمان بد انجام کا خیال ہوا

کہلا کہلا کے گہٹایا یہ سوز پنہان نے
گلو مین طوق گران صورت ہلال ہوا

۹	بصورت ورق گل خزان سے ابتر ہی نسیم کا چمن دہر مین یہ حال ہوا	۵۷

مین وہ ایذا دوست تہا راحت سے مجکو غم ہوا
زخم کو ناخن سی چہیڑا درد دل جب کم ہوا

موسم پیری مین اپنا کچہ عجب عالم ہوا
جسقدر بڑہتا گیا سن ہر ارادہ کم ہوا

شب گہٹی ہر پردہ دار عشق محو غم ہوا
رک گئین آہین مزاج آرزو برہم ہوا

جان لی یاد لب شیرین نے تیری ای صنم
میری حق مین التفات انگبین ہی سم ہوا

رات بہر دیکہا تماشا ہمنے برق و ابر کا
آہ کی شعلو نسے جب دود جگر باہم ہوا

درد دل زخم جگر کو انسے ایذا تہی مگر
ترک صحبت جسنے کی آخر کو اسکا غم ہوا

زخم پڑ کر کہل گئے سینون پر اہل بزم کے
تہا جو شادی مرگ ہنس ہنس کر مرا ماتم ہوا

پہر وہی سامان ہوا رہتا تہا جسکا ہمکو خوف
پہر مزاج زلف جانان اندنون برہم ہوا

۱۱	عمر کاٹی آرزوی وصل جانان مین نسیم کیا کہون کیونکر بسر کی کیا مرا عالم ہوا	۵۸

خون ٹپک کر آنکہ سی پہر اشک تر پیدا ہوا
معدن لعل بدخشان مین گہر پیدا ہوا

دہر مین ہی سایہ کب ہم بشر پیدا ہوا
ہر بدن کی ساتہ اوسکا ہمسفر پیدا ہوا

سر ترا اوٹہا فلک تیغ ابرو پر گئے
ماہ نو کا ہیکو سینے زخم جگر پیدا ہوا

خود بخود زنجیر کہیچ آئی تعجب ہے مجہے
سنگ مقناطیس کا پامین اثر پیدا ہوا

جسمین پر پڑ گیا عکس لب شیرین ترا
تخم جو دہقان نے بویا نیشکر پیدا ہوا

کیا غلط فہمی ہوی تار نظر اپنا وہ تہا
جانتی تہی جسکو ہم موی کمر پیدا ہوا

رات دن پڑتی ہین تہپڑا یکدم فرصت نہین
وہ شجر دیوانہ ہی جسمین ثمر پیدا ہوا

کچہ نہین ثابت کیا ان تہی کیا ہین کیا ہوجاینگے
آدمی ہستی ہی اپنے بیخبر پیدا ہوا

عمر گذری جستجو مین حوصلہ کچہ کم نہین
بی کمر تو ہی تو مین ہی بی جگر پیدا ہوا

کیا غضب ہے جسم خاکی کی قفس مین جان ہو قید
یہ وہ طائر ہی جو بام عرش پر پیدا ہوا

٥٩	پیس ڈالا آسیای چرخ نی اوسکو نسیم جسزمانی مین کوی صاحب ہنر پیدا ہوا	١١

عاشق نہین کون مجہسا ناتوان پیدا ہوا
نالہ بہی پیری دہن ہی بی فغان پیدا ہوا

بی نشان رنگ پریدہ کا نشان پیدا ہوا
یہ وہ طائر ہی کہ جو بی آشیان پیدا ہوا

پردہ پوشی قاتل بی رحم کی منظور تہی
ہر دہان زخم عاشق بے زبان پیدا ہوا

خاکساران محبت کو نہین رفعت پسند
آفتاب داغ دل بے آسمان پیدا ہوا

دوست کے آہ مین دشمن کا بہی مژدہ سایہ تہا
جب بہار آئی ہمین خوف خزان پیدا ہوا

دیکہنا اسکا بہی مشکل یار تا محمل رہا
شوق اپنی دلکا آنکہو نسی نہان پیدا ہوا

وای قسمت اہل دنیا ہی عجب ہین مردہ پسند
اوٹہ گئی جب ہم تو اپنا قدردان پیدا ہوا

انتہائی اوج کو پستی بہی ہوتی ہی ضرور
دیکہ لو پہر آسمان پر آسمان پیدا ہوا

ایک صورت پر نہی صورت نما نہ خیال
جب ہوی ہستی تہی نقل مکان پیدا ہوا

کس بلا کی شام گیسو تہی نظر آئی نہ صبا منہ
آنکہ جب اوٹہی نگاہ ہو نہین ہوان پیدا ہوا

٦٠	روز اول آفت ہی اسکی شبابی نسیم	خاک کا پتلا برائے امتحان پیدا ہوا	١٧

ہر حرف ہی پیدا اثرِ جوشِ بلا تھا
نامہ ترا کیا تھا مری قسمت کا لکھا تھا
کسطرح نہ بگڑون کہ یہ انداز نیا تھا
ایسا نہ ہوا تھا کبھی ایسا نہ کہا تھا
عادت سے ہین واقف ہون مگر یون کہ گئی تم
راضی ہوئے بوسے پہ خدا جانی یہ کیا تھا
کیون جی وہی پھر ہرزہ خیالی کی سمائے
کچھ یاد نہین کیا ابھی اقرار ہوا تھا
اب آہی تو آئے وہ تمنا نہین باقی
آتے شبِ ہجران مین تمہ آسان قضا تھا
دیکھا جو گیا روز جزا نامۂ اعمال
جس لفظ کو پڑہتی تہی تمہارا ہی گلا تھا
گرمی وہ دکھائی نفسِ سرد نے مجکو
اولی کیطرح آنکہ مین ہر اشک جما تھا
شکوہ بھی وہ کرتا ہون کہ جو یاد نہین ہے
کہتا ہون مجھی رنج مین کیا تمنی کہا تھا
نالونکی اجازت تھی کبھی آہ کی رخصت
تا صبح اسی طرح فراق رفقا تھا
آنسو کی ٹپکنے سے نہو کیون مجھی ماتم
سینہ مین بلا ہی جو آنکہو نمین رہا تھا
بیتاب ہوا یار تو سہ بار یہ لایا +
تکلیف کا باعث مجھی احسان و عا تھا
افشای محبت کا جو تہا خوف تو ہر اشک
آنکھو نمین نہان تھا کوئی دامن مین چھپا تھا
اب درد جگر یو کی نکلتا ہی دہن ہی
وہ جوش جو برسون مری سینی مین پلا تھا
کیا قوت بازو بھی رہی ہمت قاتل
دیکھا تو کئی کوس گروہ شہدا تھا
بخشا دم قسمت مجھی قسام ازل نی
وہ نالہ جو تاثیر فراموش بنا تھا
بیوجہ تو خود رفتہ نہین ہوتی ہین لالہ
یہ بھی وہی افسون ہی جو خادم پہ ہوا تھا

۶۱	سیکھا یہ نسیم اونسی فریب ستم آمیز ہر زخم رلانیکے لیے ہیری ہنسا تھا	۷

خلش نا آشنا گو ہر عدو تھا
مگر ہمکو خیالِ گفتگو تھا
مجھے حیرت ہی یہ کیا ہو گیا آج
ابھی کل تک مری پہلو مین تو تھا
خفا ہو ہو کے دلمین رہ گئی کیون
تمہین کسکا خیالِ آبرو تھا

جدا تمنے کیے کیون میرے اعضا
مرا داغ جگر کیا اوسکو بہاتا
نچھوٹا آجتک دامن سے تیری
قصور اپنی نظر کا تھا نسیم آہ ۶۲

ابھی کیا مین سبب ہے لفظ آرزو تھا
کہ وہ گل تھا مگر محتاج بو تھا
یہ کیسا داغ تھا کسکا لہو تھا
وگر نہ اوسکا جلوہ چار سو تھا ۸

کھل گئے پھر پھر کر ہی مجکو وہ فسون یاد تھا
آپ کو آزاد و کھلا کر کیا اورونکو قید
کم نہ تھی زخم جگر سے ایکدم خندیدگی
مدتون تک اپنی مجنون ہنسی بھی ڈرتا رہا
اس لیے مرتا ہون بہاتا ہے وہ مجکو انفعال
جب قریب نخل آیا ڈر سے کیے پھر پرواز
خشکی اعضا نے دونو کو برابر کر دیا

خندۂ زنجیر ساماں سیار کباد تھا
مین وہ صید خیرخواہ خاطر صیاد تھا
خاطر دشمن کیصورت بھی سبب ہے شاد تھا
طائر جان حزین مین اک مرغ نو آزاد تھا
جو ترے خاطر مین اپنی ظالم پس بیداد تھا
طائر خایف کیصورت آشیان برباد تھا
مین ادہر محجوب شرمندہ ادہر فصاد تھا

خاک گلزار جہان مین جی بہلتا اے نسیم
دید کے قابل نہ لطف گلشن ایجاد تھا ۶۳ ۱۰

بل بے تیری کاوشین جینا مجھی دشوار تھا
جب مین بیتابی سے گھبرایا شفی آنی کی
دلکی گھبراہٹ سے جب تڑپا شب فرقت مین
رات بھر سنتا رہا اب عذر لاعلمی نکر
ہای مین نی تو بہت تڑپا مگر ایجان جان
داستان عشق میری ہو نہ چکتی عمر بھر
یہ تو مضمون گذشتہ کچھ وفا آمیز ہے
اپنی محرومی گوارا کی نکی لیکن خبر

ای مری درد جگر تو بھی مزاج یار تھا
مونس جان حزین شب بھر ترا اقرار تھا
تیری ہی سے متصل اپنے پس دیوار تھا
بے سبب آئے نہ تھین آخر کوئی بیمار تھا
مجکو مرنا ہی شب غم مین ترا دیدار تھا
خاک سنتا وہ اسے اک حشر کا طومار تھا
کیا نصیب دشمنان تو بھی کسیکا یار تھا
جی دہل جاتا ترا وہ حال میرا زار تھا

غیر نے تیری سوا پائی نہ آنکھوں میں جگہ ‌ ‌ ‌ ‌ پاسبان خواب راحت دیدۂ بیدار تھا

۶۴

صدقے میں اس سرعت تیر نظر کی اے نسیم
اف بھی ہم کہنے نہ پائے وہ جگر کے پار تھا

۱۹

کب اس زمین پہ مجھے آرمیدہ ہونا تھا ‌ ‌ ‌ ‌ ہوا سے خاک کو برسوں پریدہ ہونا تھا

اگر تھی دامن جاناں کی آرزو اے دل ‌ ‌ ‌ ‌ تو چند دم کے لیے آب دیدہ ہونا تھا

کسیکے چہرہ پہ ہوتا کسیکے دامن میں ‌ ‌ ‌ ‌ مجھے بھی آنکھ کا اشک چکیدہ ہونا تھا

کبھی نہ خدمت دامن سے ہی سرفراز ہوا ‌ ‌ ‌ ‌ وہ ہاتھ ہوں کہ جسے نارسیدہ ہونا تھا

کمال بے ادبی سے یہ عرض کرتی ہیں ‌ ‌ ‌ ‌ ہمیں بھی اے قد جاناں کشیدہ ہونا تھا

اگر تھی لذت پامال کی ہوس اے دل ‌ ‌ ‌ ‌ بشکل سبزہ زمیں پہ دمیدہ ہونا تھا

کبھی نہ اے میری دکھاتی بہار لاکھوں کو ‌ ‌ ‌ ‌ بشکل ابروئے جاناں خمیدہ ہونا تھا

عجب نہ تھا کہ اوسے رحم کچھ نہ کچھ آتا ‌ ‌ ‌ ‌ مری امید سے تجھکے ابر دیدہ ہونا تھا

نہ برگ و گل نہ ثمر سب سے پاکدامن ہوں ‌ ‌ ‌ ‌ مری نصیب میں شاخ بریدہ ہونا تھا

بہانہ موت کا تھا جسم و روح کو ورنہ ‌ ‌ ‌ ‌ ہر اک کو اپنی طرح پر جریدہ ہونا تھا

امید راحت آغوش یار تھی جو مجھے ‌ ‌ ‌ ‌ بصورت دل عاشق تپیدہ ہونا تھا

کمال ربط میں ہوتی تھیں سیکڑوں باتیں ‌ ‌ ‌ ‌ نہ اسقدر تمہیں ہم سے کشیدہ ہونا تھا

زبان قطع نہ کام آئی سرکشی اے سرو ‌ ‌ ‌ ‌ نہ جانتا تھا کہ آخر خمیدہ ہونا تھا

خفا نہو جو ٹپک نکلے آنکھ سے آنسو ‌ ‌ ‌ ‌ یہ ابر عشق ہی اسکو چکیدہ ہونا تھا

یقین تھا کہ وہ ملیں کمال خوش ہوتے ‌ ‌ ‌ ‌ کچھ اور چاک جگر کو دریدہ ہونا تھا

وہ آبلہ ہوں نہ تھا جسکو نشتر بھی نصیب ‌ ‌ ‌ ‌ درون قلب میں مجھکو تپیدہ ہونا تھا

ترا جمال بتا میں کبھی کبھی احسان ‌ ‌ ‌ ‌ غرض یہ تھی کہ مجھے برگزیدہ ہونا تھا

بہار صحبت رندانہ بھاتی اے واعظ ‌ ‌ ‌ ‌ تجھے بھی عشق کا لذت چشیدہ ہونا تھا

١٥	کہلے اب آنکہ تو کیا فائدہ نسیم افسوس نہ سمجہے زیر لحد آرمیدہ ہونا تھا	٦٥

لب بستگی سے لطف عروسی سخن مین تھا
مثل زبان کلام حجاب دہن مین تھا

جبتک کہ تھا خیال رہا دل مین یار کے
ظاہر ہوا تو مثل سخن انجمن مین تھا

مانند روزگار بدلتا رہا ہون رنگ
صحرا مین سبزہ تھا تو گل تر چمن مین تھا

مثل رقیب روح کو اوس سے خلش رہی
جبتک کہ درد میری حجاب بدن مین تھا

اے اضطراب شوق تری عمر ہو دراز
راحت سفر مین ہے تحمل وطن مین تھا

بیہوشیان نصیب ہین سامعین کو
کیفیت شراب ناب مری ہر سخن مین تھا

دن کو زبان خلق پہ ہوگا مرا مقام
وہ ذکر ہون جو شب کو تری انجمن مین تھا

ہرگز مرا فریب نہ ثابت ہوا اسے
دشنام بن کی یاد مین تیری دہن مین تھا

دیکھا گیا جو لاشۂ عاشق تو بعد مرگ
اک ڈھیر استخوان کا حجاب کفن مین تھا

دل اوسکو جانتا ہے زبان سے مین کیا کہون
جو کچھ مزا فراق کی رنج و محن مین تھا

جلتا رہا ہون رشک عدو سے تمام رات
مین مثل شمع شب کو تری انجمن مین تھا

گر تھی حلب مین آئنہ رو کی تیری دھوم
شہرہ شمیم زلف کا ملک ختن مین تھا

بیوجہ اوسنے پانون نہین ہاتھ سے چھوے
او بت خیال اور دل برہمن مین تھا

کیون آتش غضب سے جلایا کہ باغبان
وہ دن کو آشیانۂ بلبل چمن مین تھا

١٠	کیا سرگذشت دہر کی مجکو خبر نسیم مین تو خیال دلبر گل پیرہن مین تھا	٦٦

بعد از فراغ روح بھی قید عدو مین تھا
مین صورت نوا لحد کے گلے مین تھا

کیسا مزا ہمارے جگر کے لہو مین تھا
خنجر زبان نکالے ہوی آرزو مین تھا

ٹانکے ہمارے زخم جگر کے ادھیڑ گئے
بل مثل موی زلف جو تار رفو مین تھا

بادہ کوی عروس ہی ساقی کہ رات بہر   ہر مست کی نظر سے حجاب ہبوئیں تہا
افسانہ میرا کیون نہ سراپا فریب ہو   یہ مدعا وہی ہی جو تمرسے گفتگو ہین تہا
پیوند نالہ چاک دہن مین ضرور ہو   آج انتہا کا ضعف صدا شور ہو ہین تہا
دشمن سے بہی ہمیشہ رہا مجکو اتحاد   مانند دست یار میان عدو ہین تہا
تہا گھر کہ ایک نقطہ آتہا ہزار شکر   اتنی تو آبرو تہی کہ مین آبرو ہین تہا
مطلب کی بات کہ نسکے انسے رات بہر   معنی بہی منہ چہپای ہوی گفتگو ہین تہا

٦٧

منظور تہی جو شہرت حسن سخن نسیم
مانند غنچہ پرورش رنگ و بو ہین تہا

٧

کچہ خون ہین تیر تیر نظر تہا کہ نہین تہا   کیون جی مری سینی ہین جگر تہا کہ نہین تہا
دو روز ہی بیٹہا نہ گیا آپ سی گھر ہین   کیون جذب محبت ہین اثر تہا کہ نہین تہا
دو بہی تو دیتی جو نہو سکتی تہی دس پانچ   آخر تمہین کچہ مد نظر تہا کہ نہین تہا
اسدرجہ ستم عاشق بیچارہ پہ بیجان   کچہ بہی تمہین اللہ کا ڈر تہا کہ نہین تہا
کیون دیکہ لیا جا کے ہوی ابتو تسلی   بیمار ترا شمع سحر تہا کہ نہین تہا
لو دیکہ چکے ابتو تشفی ہوی سے کہیے   پیوند جگر تیر دو سر تہا کہ نہین تہا

٦٨

بہولی رہی کیون غفلت ہستی پہ نسیم اب
آخر کبہی درپیش سفر تہا کہ نہین تہا

٩

لو مسلمان مجہے وہ طفل برہمن سمجہا   دوست نے خوبی تقدیر سی دشمن سمجہا
بیشتر مینے خس و خاک سی آنسو پوچہے   اڑ کے جو چہرے پر آیا ادسی دامن سمجہا
وقت گلگشت جو سر دامن گل تر دیکہا   آب شبنم عرق چہرۂ گلشن سمجہا
منہ چہپائے ہوے سینے سے جو شعلہ نکلا   مدعی شب کو چراغ تہ دامن سمجہا
دیسے آتی تہین جو بو مین ہوس مردہ کی   رخنۂ سینہ کو مین روزن مدفن سمجہا

عکس گیسو نظر آیا تو ڈرا ہے ظالم
آئینہ پھینک دیا ہاتھ سے ناگن سمجھا

مدتوں خون نے مری پرورش خنجر کی
ہای اسپر بھی وہ قاتل مجھے دشمن سمجھا

٦٩	جابجا خون کے دہبے نظر آئی جو نسیم گوشۂ دامن رنگین کو مین گلشن سمجھا	١١

پیار سے دشمن کے وہ عالم ترا جاتا رہا
ایسے لب چوسے کہ بوسوں کا مزا جاتا رہا

دل جو پہلو مین نہین کچھ مجھکو بیہوشی سی ہی
ڈہونڈتا ہون نہین معلوم کیا جاتا رہا

دم شب فرقت مین نکلا منتظر بیٹھی موت کی
ابتو تیرا بہی وہ احسان جفا جاتا رہا

اسقدر آنکہین ملین مین نے ہجوم شوق مین
پاؤن سے اوس شوخ کی رنگ حنا جاتا رہا

یہ تلافی کس لیے کچھ یاد وہ باتین کرو
مرگیا دشمن تو کیا میرا گلا جاتا رہا

کہکی تم کچھ رہ گئے سمجھون وہی کیا خاک مین
لفظ جب پورا نہ نکلا مدعا جاتا رہا

وہ نہ سمجھے میری بیتابی مین بہکی گفتگو
ہای عرض شوق سے بہی مدعا جاتا رہا

مجھسے وہ مین اونسے لپٹا ازدیاد شوقمین
یان لحاظ وضع وان پاس حیا جاتا رہا

تم رقیبون سے ملی ہنسنے بہی دل بہلا لیا
اب ہمارا آپکا وہ واسطا جاتا رہا

کیا گلا اسکا خلاف وضع دونو ہو گئی
ضبط مجھسے تمسے انداز وفا جاتا رہا

٧٠	عالم پیری مبارک کیا وہ مدفن ہی نسیم ولولے ٹھنڈے ہوی سب حوصلہ جاتا رہا	٨

کب مین فارغ قید وحشت سے ہی لیکن مین رہا
پاؤن مین زنجیر پہنی طوق گردن مین رہا

دل پریشان تہا تو آنسو بہی پریشان ہو گئے
ایک ٹہیرا آنکہ مین تو ایک دامن مین رہا

آتے آتے تا گلو سوز نفس سے جل گیا
ایکدم بہی کوئی پیراہن نہین تن مین رہا

رنج ناصح فرق کب عصمت مین آیا آپکے
پردۂ نظارہ میرا چشم روزن مین رہا

گہٹتے گہٹتے تن ہمارا رشتۂ باریک تہا
مدتون مسکن ہمارا چشم سوزن مین رہا

کی صفائی غیر سے لیکن کدورت کم نہین — بعد صیقل مورچہ ویسا ہی آہن مین رہا

کافر و دیندار ہم مشرب محبت مین ہوئی — فرق کیا تسبیح و زنار برہمن مین رہا

۷۱	ابتدا مین راحت دامان مادر ہی نسیم انتہا کا پھر مزا آغوش مدفن مین رہا	۱۱

ہنسانے سے یہ مطلب ہمنے پایا — ستانے کے لیے ہمکو ہنسایا

بشکل اشک ہون با قدر و بیقدر — وہ گوہر ہون کہ کھویا جسنے پایا

نہ طعنہ تھا نہ شکوہ تھا مرا نام — عجب ہی تیرے لب پر کیونکر آیا

سرشک چشم کوئے آبلہ تھا — جو نشتر نوک مژگان سے لگایا

وہ مشتاق شہادت تھا دم ذبح — گلے سے مجکو خنجر نے لگایا

نہ اوٹھا گر سکے آنسو کی طرح سے — عدم کا لطف ہستی مین دکھایا

ہوا سرمہ بھی شاید حسن اغیار — جو ایسا تیرے آنکھون مین سمایا

مزا جوش محبت سے یہ بخشا — گلہ بھی شکر ہو کر لب پر آیا

ہوئی جھوٹی قسم کھانی جو منظور — خوشا قسمت مین اونکو یاد آیا

مگر واعظ بھی کوئی درد دل ہے — کہ بیٹھا آپ اور مجکو اوٹھایا

۷۲	نسیم اعدا سے شکوہ کیا پس از مرگ ہمین یارون نے مٹی مین ملایا	۲۰

کب یہان مین خلش غم سے بھی دلشاد آیا — ساتھ قالب کے مری سایہ ہمزاد آیا

حشر مین جبکہ دم پرسش بیداد آیا — آپ کو گنگ بنا کر وہ پری زاد آیا

صدمۂ قید تعلق جو مجھے یاد آیا — الف وصل کے مانند مین آزاد آیا

موج مے جام و صراحی مین ٹھیری دم بھر — تیری آنکھون مین جو رہنی کا مزا یاد آیا

وہین زخم سے ہنس ہنس کی نکل جایگی جان — گدگدانے کو گلو خنجر جلاد آیا

یہ غلط ہے کہ مرا ذکر کیا ہو تو نے / کوئی طعنہ تو نہ تھا یہ جو تجھے یاد آیا

ایک نئی بھی نہ سنا روز جزا صد افسوس / شکوۂ یار جو بنکر مری فریاد آیا

دوست کیا تو نے تو دشمن بھی پکار اوٹھا آخر / اب وہ دہڑکا نہ رہا دل میں کہ صیاد آیا

گلۂ یار میں مصروف ہوے ہیں جو حسین / کیا فلک پر بھی کوئی عالم ایجاد آیا

بل بے غفلت کہ رقیبوں کی گلی سی کچھ کچھ / اپنی ہستی کا مجھے آج نشان یاد آیا

تھا خیال لب شیریں جو دم نزع مجھے / میں نے سمجھا ملک الموت کو فرہاد آیا

روح قالب میں نہ ٹھہری کہ ہوا غیر کا دخل / رشک تھا جسم میں کیوں نشتر فصاد آیا

مردہ و زندہ زمیں ہی نہیں باہر کوئی / ایک آغوش میں اوٹھا مجمع اجساد آیا

خانہ زاد دل بیتاب ہی کچھ غیر نہیں / نہ ڈرو لب پر اگر شکوۂ بیداد آیا

کر دیا اوس نگہ مست نے مجھکو غافل / آج آنکھوں میں مرے خواب خداداد آیا

جب امنڈتا ہی مری سینہ سے نالے معلن / آسمان اوسکو سمجھتا ہی کہ ہمزاد آیا

صورت جام ہوں آغوش کشادہ ہر وقت / دھیان رہتا ہی کہ اب کوئی پریزاد آیا

بد مزاجی نگر اس درجہ دم مرگ اے روح / تجھ میں بھی کیا اثر خاطر ناشاد آیا

ذبح کے وقت جو بیرحمی قاتل دیکھی / اپنے مرجانے پر احسان قضا یاد آیا

۱۹	نذر کیا دیجیے اوس قاتل عالم کو تسلیم ایک سر تھا سو تہ خنجر جلاد آیا	۷۳

ہوئیں جب بند آنکھیں تجھ سے پرسش کا یقیں آیا / ہوئی بیدار ہم جب وقت خواب واپسیں آیا

اوٹھی شعلی درون سینہ سے تعظیم فرقت میں / سرشک دیدہ استقبال کو تا آستیں آیا

تڑپ کر رات کاٹی ہی کہ افسوس ظالم / نہیں آیا نہیں آیا نہیں آیا نہیں آیا

وہ تھا محروم راحت میں جو مقبول بتاں تھا / کہ ایذا ڈھونڈھتی کو جو کوئی آیا یہیں آیا

نہ آیا کوئی کچھ ساہی زبان شاید زبانی میں / کہ ناصح سرزنش کرنیکو جب آیا یہیں آیا

وہاں تم گھر میں بیٹھے ہو نہیں توبہ کی محبت سے — نہیں عصمت کا دھیان آیا ہمیں پیچھے یاد دین آیا

ملا اعلی سی اعلی پست پستی سے ہوا باہم — فلک پر روح جا پہونچی بدن زیر زمین آیا

نڈالی آنکھ بھی اسقدر تیرا تصور تھا — فرشتہ موت کا سو طرح بنکر حسین آیا

کہاں تک شک ہوا و صید افگن تیر جی اسکا — کہ جو تیر نظر سینے تک آیا دلنشین آیا

ہوا گلزار ابراہیم دل آتش پرستوں کا — بہار اپنی دکھانی کونسا خلوت نشین آیا

نہیں تن جا ہی آبادی یہ ویرانہ ہی او غافل — ہوا اک روز راہی اسکا نہیں جب مکین آیا

خدا کی یاد تحفہ ہی جہاں سے جانی والونکو — وہی کچھ لیگیا دولت جسی کچھ پاس دین آیا

ادب او نالہ گستاخ بس آگے نہ بڑھ جانا — ٹھہر آہ شرر زا پاس اب عرش برین آیا

خبر اپنی نرکھی اور کا کیا حال بتلاتا — ہدف ہوکر گیا اوس کوچی مین جب شانہ بین آیا

غرض کیا تشنۂ دیدار کو ہی اس سی پیمانے — اگر لب تک چھلکتا جام آب آتشین آیا

اذیت دوست ہے ہر چند لیکن دل مبتلا ہے — سبب کیا ہی ابھی تک ناصح مشفق نہیں آیا

پھر آئی فصل گل اٹھکھیلیاں کرتی ہیں دیوانے — ترقی پر ترا سودا ہی زلف عنبرین آیا

کلام معترض کی جا سخن میں ہم نہیں کہتی — گیا محروم ہو کر جب کوئی یہاں نکتہ چین آیا

٤٤	نسیم اک اور بھی رنگین غزل اس طرح میں کہئے کہ ابتک جوش مضمونکا طبیعت میں نہیں آیا	٢١

غرض کیا ہی بہر ساقی جو وہ بیکش نہیں آیا — پھپھولے ڈالنے کو دلمیں آب آتشین آیا

فغان بی صدا فریاد پنہان آہ پوشیدہ — اوٹھے دل سے جو تیرا ذکر چشم شرمگین آیا

دو رنگی ابلق ایام کے طرفہ تماشا ہے — جسے بالای زین دیکھا وہی زیر زمین آیا

حیات چند روزہ پر غرور اتنا نکر غافل — کہ مرغ روح اوڑکر آشیانتک پھر نہیں آیا

ابھی سے فکر انجام میں آغاز عشق کے — کہ پھر افسوس ہی بیجا جو وقت واپسین آیا

بہت مدت میں دیکھا آج تجکو یار دیرینہ — کہاں تھا کس طرف سے ای دل اندوہگین آیا

ہوا ہی روح سے منظور پردہ جسم خاکی کو
مگر کاشانۂ دل مین کوئی خلوت نشین آیا

یہ رغبت ہے تری صید افگنی کی طبیعت مین
کہ خود صیاد آہو کی ہین کر پوستین آیا

اثر جذب محبت نی بڑی مدت مین دکہلایا
کہ جاتا تہا کہین وہ اور گہبرا کر یہین آیا

زمان فتح دل ہرگز نپایا اوسکی سینی مین
ہدف تیر نظر کا ہو کی جو آہوی چین آیا

ہمین تک وہ پری دیوانگی کی یادگار ہے
ہماری بعد صحرا مین نہ کوئی جانشین آیا

مقرر ظالمونکو ہی پسند آتا ہی جہک جانا
خم شمشیر قاتل دیکہ کر ہمکو یقین آیا

ترا جلوہ وہ ہی قربان جسپر ہو تو عالم ہے
تمنا مین تری ہی دنیا مین یوسف سا حسین آیا

لحد مین آکے دم بہر ہی نہ ہم اپنی بیکسی کی
نہ کوئی دوست یان آیا نہ کوئی ہمنشین آیا

سمجھ لینگے قیامت کو نظر سے ہو سکی حسرت ہے
لگا یا جام ہی منہ سے ہی قاتل مین مہ جبین آیا

دعا مستونکی بر آئی اوڈیلی تو نہی مے ساقی
غنیمت ہے سبو تک تیرا دست نازنین آیا

غنیمت جان مہلت زیست کی پیدا ہے وہ سینے
کہ پہر فرصت کہان جب حکم رب العالمین آیا

کہی کسوقت مشق چاک مین کی دست وحشت نی
گریبان کونسا دن تہا جو دامن تک نہین آیا

وہ ہیبت تہی کہ جسپر آنکہ ڈالی روح گہبرائی
اجل مشتاق ہی قاتل کی آگی سہمگین آیا

یہ سچ ہی خلقت اصلی بنائی سی بگڑتی ہے
صفائی پہر کہان جب نام کی نیچی نگین آیا

۷۵ — نسیم ایسی غزل لکہی کہ اسپر سب ہی پیدا
ہوئی شرمندہ حاسد سنکر و نکو اب یقین آیا — ۱۱

مجہکو احسان نظر یاد آیا
جب ترا بوسے کمر یاد آیا

جب نظر جانب خورشید گئی
جلوۂ داغ جگر یاد آیا

بیکسی اپنی وہ روتا تیرا
مجہکو ہنگام سفر یاد آیا

کہینچ لائی کشش دل اونکو
بعد مدت یہ اثر یاد آیا

کیوں لگا دی ہی جہڑی برسن کی
کیا تجہے دیدۂ تر یاد آیا

خلد مین جا کے نہ ٹھیرا دم بھر ۔ اپنا ٹوٹا ہوا گھر یاد آیا
بوسہ مانگا تو کہا شرما کر ۔ تھا فراموش مگر یاد آیا
کیا قیامت ہے یہ جلدی تیرے ۔ بات تک کی نہین گھر یاد آیا
دل ہوا چاک کتان کی صورت ۔ پھر کوئے رشک قمر یاد آیا
ہمسے رخصت طلبی کا باعث ۔ کیا کسے اور کا گھر یاد آیا

٧٦	بس ہمی پھر نظر آتی ہی نسیم طرۂ زلف دوسر یاد آیا	١٢

پریونکا پس و پیش جو سامان نظر آیا ۔ تابوت مرا تخت سلیمان نظر آیا
سمجھا مین اوسے عاشق دیوانہ تمہارا ۔ جو کوئی یہان چاک گریبان نظر آیا
بے قید کیا جسم کو احسان جنون نے ۔ دامن نظر آیا نہ گریبان نظر آیا
ہے گلشن ایجاد بہار نفس چند ۔ مہمان دو و روزہ یہ گلستان نظر آیا
دیکھا نہ کہین در نہ کہین صورت دیوار ۔ گھر اپنا مجھے صحن بیابان نظر آیا
افزائش وحشت سی رہا حال پہ برسون ۔ جب آنکہ کھلی مجھکو بیابان نظر آیا
تھا پرورش طفل مین آرام بھی لازم ۔ ہر اشک تہ سایۂ مژگان نظر آیا
پایا دل آشفتہ کو گیسو مین تمہاری ۔ پہلو مین پریشان کی پریشان نظر آیا
کیا سلسلۂ دہر بھی ہی طرۂ گیسو ۔ جو دل نظر آیا سو پریشان نظر آیا
ٹپکا جو مری آنکہ سی خون دل مجروح ۔ ہم رنگ چمن گوشۂ دامان نظر آیا
انجام محبت کو جو سوچا ستم ایجاد ۔ کچھ میری طرح وہ بھی پشیمان نظر آیا

٧٧	افسوس نسیم جگر افگار محبت پھر زلف کی مانند پریشان نظر آیا	٧

رخ پر جو ترے سایۂ گیسو نظر آیا ۔ خورشید تہ سلسلۂ مو نظر آیا

ظلمت مین مجھے نور کا پہلو نظر آیا
رخسار چراغ شب گیسو نظر آیا

قربان اجل تھا کبھی جلاد کے صدقے
ای یار جدہر آنکھ پڑے تو نظر آیا

میزان عدالت ہین مرے دیدۂ پر آب
ہم وزن ہر آنسو کا ہر آنسو نظر آیا

سمجھا ہین ہم بدر و ہلال ای فلک حسن
رخ پر جو تمہارے خم ابرو نظر آیا

قاتل ادب فرج سکھایا کیا ہر روز
برسون مرا سینہ تہ زانو نظر آیا

سرمی کا جو دنبالہ تری آنکھ مین دیکھا
اک ناوک پران پس آہو نظر آیا

۶۸	و له	۷

گلی مین محبت کی اونکا ہی کچھ قصہ نکل آیا
ہوی تھی صلح کس مشکل سی پھر جھگڑا نکل آیا

مین اپنی شوخی کی صدقی کہ دیکھا آج تو او
پھرا غصے مین گہر سی شوخ بی پروا نکل آیا

ندامت جو ہوی ین گالیان افسانہ گو نکچھ
وہ سنتی تھی کہانی ذکر کچھ میرا نکل آیا

کسیکا گھر نہین یہ تو گلی ہی سوچ او ظالم
گہر کتا کس لیی ہے بہولا راستا نکل آیا

مری تقدیر بدلی ضعف سی آواز کیا بدلے
وہ اپنی دلمین دشمن کے صدا سمجھا نکل آیا

جو سچ پوچھو تو صدقی مین تمہارے ملک عاشق کے
کنول پھولے دلون کی رنگ غنچہ کا نکل آیا

۶۹	تسلیم اونکو جو اپنا جذب خاطر اس طرف لایا گلی میں دل کی رونق حوصلہ دل کا نکل آیا	۱۲

قلق سے دم لیو جو خواہش دیدار مین آیا
وہ آیا ہی تو چھپکر پردۂ اسرار مین آیا

رقیبونکو جلایا آتش دیدار ہی سنے
دل عاشق نئی صورت سی بزم یار مین آیا

سواد حسن گلشن کم نہین تحریر رنگین سی
صحیفہ سو ہم گل کا خط گلزار مین آیا

برابر عاشق و معشوق کو رکھا مقدر نی
وہ ملک حسن مین ہم عشق کی سرکار مین آیا

ہمارا بھی خدا ہی زاہد دانانہ اترا و
وہ کافر ہی جسی شک رحمت غفار مین آیا

مجھے حیرت ہی حالت دیکھ کر شیخ و برہمن کے
کہ ہر داناں فریب سبحہ و زنار مین آیا

بہت مشکل ہے رہنا پاکدامن لعنت دنیا سے
اوجھ کر رہ گیا جو وادی پر خار مین آیا

برہمن دیر کو راہی ہوا اور شیخ کعبی کو
نکل کر اس دوراہی سے یہین کوی یار مین آیا

خط شبرنگ نے آکر مٹائی حسن کی قیمت
خبر پہنچی کہ بال آئینۂ رخسار مین آیا

برا ہی جان جان دل توڑنا امیدوارونکا
خلاف وضع ہی گر فرق کچھ اقرار مین آیا

نہین کرتے تمیز نیک و بد کچھ رند بدمشرب
بنی گا محتسب گر صحبت میخوار مین آیا

گڑے جاتی ہین شمشاد و صنوبر فرط غیرت سے
الٰہی کونسا سرو روان گلزار مین آیا

۸۰ **وله** ۱۵

بھلا کیا خاک زیر خاک پایا ÷
گریبان کفن تک چاک پایا

ملا کیا اور رونے سے مگر اشک
حجاب دیدۂ نمناک پایا

مزا بخشا تری صید افگنی نے
کہ مر کر گوشۂ فتراک پایا

کھلی گر آنکھ بھی تو کچھ نہ دیکھا
کہ سر پر سایۂ افلاک پایا

دم خلقت جو ہستے پر نظر کے
بشر کو ایک مشت خاک پایا

لیا بوسہ تو فرمایا بگڑ کر ÷
نہایت آپ کو چالاک پایا

زمانے مین زبان یار تھا مین
کہ جب پایا مجھے بیباک پایا

کہان خونریز عالم اور ایسا
غنیمت تجھکو او سفاک پایا

نہ تھا کچھ زلف برہم ایسجون مین
جھجیون ہر تار دامن چاک پایا

دل ناخن زدہ کیونکر نہ چمکے
کہ اسنے جلوۂ حکاک پایا

دم مستی نہالان چمن کو
بہت تاکا تو نخل تاک پایا

ٹھہرا سے حسرت دل اور تجھکو
انیس خاطر غمناک پایا

اثر زا تھا وہ حال وحشت دل
قلم کے بھی جگر کو چاک پایا

وہ گرمی تھی تب سوز نہان کی
ہما نے استخوان کو خاک پایا

۱۴	محبت کین نسیم دہلوی کو غلام سرور لولاک پایا	۸۱

یقین کو اپنی عاشق نے ہمیشہ بی خلل پایا — تصور حبیب ہو اصادق تجھی زیر بغل پایا
مقام ناز کیا ہی سینہ عاشق مین آنی تیر — جناب عشق نی لوٹا ہوا دل کا محل پایا
فراغت کب میسر آہی روحونکی کشاکش سے — نہین خالی مشقت سی کبھی مستاصل پایا
نہ غم ہی ہلکی رنج اوٹھانیکا نہ کھٹکا ہی جگانیکا — نہایت بی تردد آنکہ نی خواب اجل پایا
وطفلی سی جاہئین سیکڑون قربان ہوتے ہین — تمہاری مردم دیدہ کو بیمار ازل پایا
نہین ہوتے وہ سیدھے جنکو قسمت پیچ دیتی ہی — ہمیشہ طرہ ہائی زلف مین پیشانی نی بل پایا
اسیکے مہربانی سی یہ تکلیفین اوٹھاتی ہین — دل مضطر کو ہمنے دشمن زیر بغل پایا
پسند طبع ہوتا ہی جو معشوقونکو مرجانا — ہمیشہ روح کو عاشق کی مشتاق اجل پایا
حقیقت مین پسند طبع صانع بی لباس تہی — کہ جانے تن کو تن نی جان عریان ازل پایا
سفر صحبت ناجنس سی توقیر گھٹتی ہے — ملے جب نقرۂ مس رتبہ سیم دغل پایا
خدا کی راہ مین مرنا حیات جاودانی ہی — فنا ہوکر بقا کی لطف کو نعم البدل پایا
نہین خالی رہیگا کوئی آسیب زمانہ سے — کسیکو آج حاصل ہی سینے رہ کی کل پایا
الٰہی روز سو جائی یہ ہین فتنۂ عالم — مزا جو سونیکا ہمنے آج کی رد و بدل پایا

۱۶	نسیم اطراف مضمون کسقدر سرسبز ہین دیکھو زمین شعر مین حسن روش سے ہمنی گل پایا	۸۲

جہان مین تنقص پیر سے فر ظالم نی کم پایا — کہ پشت تیغ قاتل کو ہمیشہ ہمنے خم پایا
مکان ہو تو مکین ہوتی ہین از خود غیب سے پیدا — کہ چشم مردہ کو بھی منزل خواب عدم پایا
بشر کا ایک صورت پر ارادہ رہ نہین سکتا — کبھی دیکھا دل ممسک کبھی ابر کرم پایا
کبھی دیکھی نہ ہرگز اشک ریزی کی ترقی نی — مرے آنکھونکو دامن نے سدا ابر کرم پایا

نہین ممکن جدائی رات اور دن کی تسلسل مین
کہ شکل عاشق و معشوق دونو نکو بہم پایا

کہلا اوج زمین کا حال ہمکو بعد مرنیکے
کہ اوسے بالا ہی دیکہا جسے زیر قدم پایا

رہا ترک ادب کا پاس مجکو اسقدر باقی
مین دوڑا سر پہ لینی کو جسے تیر ستم پایا

بشر سے قالب آہن زیادہ عمر رکہتا ہی
ہمیشہ سینہ شمشیر قاتل کو دودم پایا

ہزاروں نیتین کین پر خلاف اوسکی نہین دیکہا
تمہاری ہٹ کو بہی یکسان جان ہمنی قسم پایا

جہان سینی مین دل ہی آرزو بہی ساتھ ہی اوسکے
ہمیشہ دو لبون کی طرح دونو کو بہم پایا

جہکا دیتی ہی حاجت بیشتر عالی مزاجون کو
سدا اپنی سرونکو پابوس رستم پایا

نکل جائین گے دلمین جو صلے جو جو کہ آئین گے
کہ گردش کو مری مضمون کی میدان قلم پایا

تصور میرا جیسے ہر طرح قسمت مین بہتر ہے
کہ جیب عینی اسی دیکہا ہم آغوش صنم پایا

فراموشی ہوئی قالب سے اپنی روح کو حاصل
ہجوم خواب کو بہی ہمنی سامان عدم پایا

تصدق جائیے سو طرح تقدیر عاشق کے
ملی راحت نہ دنیا مین نہ آرام علم پایا

۶	نسیم اب شکر کی جا ہی لحاظ انکار کا ٹوٹا ملی ہمکو اجازت لطف پہلوی صنم پایا	۸۳

مقام شکر ہی جلا دسے گر زخم تن پایا
نہ دفن ہی ہستی کے لیے ہمنی دہن پایا

نہ خوش آیا ہمین کچہ اس دل افسردہ کی باعث
نہ راحت و غربت مین دیکہی لطف فرا چمن پایا

بشکل شمع ساری رات رو رو کر بسر کی ہی
یہی اس عالم فانی مین لطف انجمن پایا

پریشانی مین کاٹی عمر جبتک دم رہا باقی
نہ کچہ لطف سفر دیکہا نہ راحت اے وطن پایا

ہوئی بخشش سے قسام ازل کی مہربانی سے
تو روح ناتوان نے اپنے خاکی پیرہن پایا

۷	نسیم اب تک وہی خم دم مین پیری مین جوانی کا کسی نے بہی نہ ہمنی تمہارا بانکپن پایا	۸۴

افتادگی سے اور ہی عالم دکہا دیا
نقش قدم سمجہ کے ہر اک نے مٹا دیا

پردرد اسقدر تھی مری داستان غم — دریا بہا دیا جسے قصہ سنا دیا
احسان بڑا یہ تو نے کیا ہم پہ اے صبا — اک مشت خاک تھی سو اسے بھی اڑا دیا
سمجھا وہ کھیل کار قضا و مسیح کو — مارا جو چشم سے تو لبون سے جلا دیا
ہین عندلیب نالہ کی زورون پہ چہچہے — داغون نے بوستان مرا سینہ بنا دیا
یہ حسن تھا کہ آنکھ ہماری جھپک گئی — پردہ پڑا جو یار نے پردہ اوٹھایا

۸۵	گم گشتگی نصیب کے دیکھو تو اے نسیم قاتل نے یاد کر کے مجھے پھر بھلا دیا	۱۰

دل کسی مشتاق کا ٹھنڈا کیا — خوب کیا آپ نے اچھا کیا
آج سیا آنکھ کی کچہ اور ہے — چاہنے والا کوئی پیدا کیا
ہای رے پیمان شکنی کی مزے — جب مین گیا وعدہ فردا کیا
کچھ تو کہنے انہین سمجھا دیا — ہم جو گئے آج تو پردا کیا
کو کہ نہ تھا میری طرف مست مگر — تم بھی نگاہون سے وہ دیکھا کیا
آہ کے تقصیر نہین ہے مگر — بے اثری نے مجھے رسوا کیا
کہہ کے آتی ہین تمہین ہوشیار — یہ نہ کیا ہمنے تو پھر کیا کیا
سوت کے صدقی کہ یہ کہتی تھی وہ — آج نہ اوسنے کوئی پھیرا کیا
آپکی احسان کی تعریف ہے — مینے اگر شکوۂ اعدا کیا
نام میرا سنتے ہی شرما گئے — تمنے تو خود آپ کو رسوا کیا
قدر میری تمنے نہ کی ورنہ مین — کیا کہون کیا آپ کو سمجھا کیا
مینے تو ایجان جہان جان دی — تمنے ادا حق وفا کیا کیا
پھر وہ نہائے عرق شرم مین — کسنے مری عشق کا چرچا کیا
ہین دل صد چاک کا کہتا تھا حال — شانہ عبث زلف سے اولجھا کیا

٨٦	اوسکی نظر مین ہو اوسکا نسیم مجھسے مرے شوق نے یہ کیا کیا	١٧

شکایت سے غرض کیا مدعا کیا — نہین تو دوست دشمن کا گلا کیا
نہ آیا نامہ بر گھبرا رہا ہون — نہین معلوم کیا گذری ہوا کیا
بہت اچھی نہایت خوب گذری — اجی آفت زدونکا پوچھنا کیا
نہ مجھکو مبارک باد بے سود — بُری تقدیر والونکا بھلا کیا
یہ کیون چتون پھری کیون آنکھ بدلی — بھلا مینے قصور ایسا کیا کیا
کبھی اوس کوچے مین ٹھیریگی مری خاک — نہ ہوگا کوئی احسان ہوا کیا
امید اوس سے غلط سمجھا یہ دل — ستمگر سے تمنائے وفا کیا
بڑھا کر ہاتھ لین اونکو یہ مشکل — نصیب ایسے مبارک پھر دعا کیا
نہ گھبراؤ اجی کروٹ نہ بدلو — ارادے ہین ابکی خاطر مین کہا کیا
یہ کبتک پارسائی عاشقو نسے — محبت ہی تو پھر ہمسے حیا کیا
جگر پانی ہے صدمو نسے لہو دل — مرے سینے مین او ظالم رہا کیا
کیا ہوتا کوئی احسان تو ظالم — کرین گے شکر تیرا ہم ادا کیا
نہین ممکن کہ تجھکو رحم آئے — وہ مین کیا اور میرے التجا کیا
معاذ اللہ گر ہے نوجوانی — رہوگے عمر بھر تم پارسا کیا
کہان ہی درد دل مین جو کبھی — مزا دیگا ہمارا ماجرا کیا
کسے دیکھا کہ بھولا آپ کو بھی — تعجب ہی یہ مجھکو ہو گیا کیا

٨٧	نسیم آؤ ذرا تم بھی سنو تو یہ چرچا ہو رہا ہے جا بجا کیا	٩

رحم سوئے خاطر ناشاد کیا — مہربان بھولے ہوؤن کی یاد کیا

کب وہ آتی تھے کہین راضی ہوا — منہ دکھائے گی مجھے فریاد کیا
راحتین ہونگی نصیب دشمنان — مجھپر احسان مبارک یاد کیا
کس ستم سے تیرے پھیرا ہمنے منہ — کہہ رہا ہے اوستم ایجاد کیا
قتل بھی کرتا نہین اتنا تو کہہ — آرزو ہے تجکو او جلاد کیا
چاہتے تھے جنکو اونکی لو خبر — پھر رہے ہو اپنی گھر مین شاد کیا
ہاے وہ حسرت جو میری ملین بھی — اوسکی پرسش اوستم ایجاد کیا
یہ وہ لذت ہے کہ جو آئے نہ یاد — بھول جائینگے تری بیداد کیا

٨٨	لکھہ بطرز خود غزل کہی نسیم امتحان خاطر آزاد کیا	٧

وہ نہین تمکو نہو گے یاد کیا — ایسے ملنے کی مبارک باد کیا
کچھ اثر مجھ مین نہ میری شور مین — ہاے مین کیا اور مری فریاد کیا
بندہ پرور یہ بناوٹ تو معاف — تم بھلا مجکو کروگے شاد کیا
مین ابھی راضی نہین ہان اور بھی — کچھ نئی کہاتین نہین ہین یاد کیا
دل دھڑکتا ہی تامل سے تری — سوچتا ہی جی مین او جلاد کیا
چاٹتا تھا تیغ خون آلود کو — تھا حریص لذت بیداد کیا

٨٩	فکر بے پہلو سے حاصل کیا نسیم ہو گئے اس مضمون سے خاطر شاد کیا	١٩

ای مرگ دیکھتی ہی انہین بار بار کیا — سینے کے زخم بھی ہین شگاف غزار کیا
بدلو جو رنگ رو کی طرح اختیار کیا — ای جان امید وعدہ بی اعتبار کیا
اس وصل مین فراق فلک بھی نکر سکا — لپٹے ہوے ہین ہم اس لیل و نہار کیا
آنکھین کھلی ہوی ہین جھپکتی نہین پلک — تکلیف نزع بھی ہی شب انتظار کیا

بھری ہو تم ہے ناصح نافہم کیطرح
مانے نہ مانے مرگ سہی کیونکر کرون سوال
جو پوچھتا ہون پوچھتے ہو بار بار کیا
جسطرح تیرا دل کہ مجھے اختیار کیا

کب ہی فریب راحت دشمن پر اعتماد
تلوے کہا ہی کی خلش نوک خار کیا

رکھتی ہے مثل روح جو آغوش میں خراش
معشوق آبلہ ہی کوی نوک خار کیا

سائل ہون ایک بوسیکا دو چار کا نہین
ہین طعل مدعا مین کرون اختصار کیا

انجام دیکھتی نہین آغاز سے سوا
ہے طول زلف رحمت پروردگار کیا

بیتاب ہو سنکے نازا و ٹہائی ہین رات بھر
تہا جوش شعق جلوہ دیدار یار کیا

ہنگام وصل یار ہی یہ بہولتا نہین
داغ فراق ہے ستم روزگار کیا

قاتل نے بعد ذبح کی آنکھین نکال لین
دیکھین گی شکل راحت خواب مزار کیا

مانند بوے چارہ رلبو نمین نہان نہین
پوشید گی ہو میری بہلا آشکار کیا

نیلی سے دیدے اک کفنی دود آہ کی
اے روح پوشش بدن سوگوار کیا

چکر مین ہی نصیب تو گردش مین آرزو
ہم دور آسمان ہی مرا روزگار کیا

جھگڑے مین ہون کشاکش انفاس کیطرح
کم ہو سکے گا مشغلہ انتشار کیا

مانند روح قید تعلق سے عار ہے
جب جسم ہی نہین تو نشان مزار کیا

۱۷	بدلا ہوا ہی رنگ مزاج اندنون نسیم دیکھین جہانکا گلشن ناپائدار کیا	۹۰

قالب ہوا خراب ترے غائبانہ کیا
مجنون کی سرگذشت نہایت ہی پر سند
ادمرغ روح بھول گیا آشیانہ کیا
اید وست نے اثر تہا ہمارا فسانہ کیا

شب کیا ہوئی جہان مین اندھیر ہو گیا
بدلا ہی ایک رنگ مین رنگ زمانہ کیا

یاران غمگسار بہت جلد اوٹھ گئے
کیا ہو گئے وہ لوگ ہوا وہ زمانہ کیا

مانع ہوی حنا ی قدم گل خرام کی
دیکھین تو آج یار کرے گا بہانہ کیا

دو دن کے شور مین تری حسن ملیح کی
اید وست یہ رہی گا ہمیشہ زمانہ کیا

آغاز گفتگو ہی سے ہین بدگمانیان
سمجھا ہی کوی دوست انہین وفا کیا

یہ بے کہے کھاتا ہی پالا کیونکے زور
رہوار عمر کو خلش تازیانہ کیا

ثابت ہوا کہ عالم ہستی ہی بی ثبات
کھینچے گا پھر عدم کیطرف آب و دانہ کیا

زلفونکی بھی ہوس ہی محبت ہی خال کی
لائیگا اپنے دام مین ہمکو یہ دانہ کیا

منظور جبہہ سائی عاشق نہین تجھے
خالی پڑا رہیگا یونہی آستانہ کیا

مقتل مین ہی اجازت جار و بعد قتل
قاتل مگر پڑھے گا نماز دوگانہ کیا

عاشق کا دل نہ دیکھ کہ جاتی ہین جہاں
نظارہ سوی سینہ صد چاک شانہ کیا

رو یا یہ آسمان کہ ہی تر دامن زمین
مطرب نے میرے حال کا گایا ترانہ کیا

دیکھا ادھر کو تونے پڑا تیر نا ادھر
استادہ رخ بدل کے اڑایا نشانہ کیا

خط ناتمام سائل رخصت ہی مرغ روح
قاصد سے پہلی ہو گا ہی خود روانہ کیا

۹۱	کیا تاب مدعی جو زبان تک ہلا سکے لکھی تسیم نے غزل عاشقانہ کیا	۱۵

وہ نمانینگے احبا انکو سمجھائینگے کیا
پہلی ہی قسمت کے ٹھہری ہی پھر اٹھینگے کیا

وای قسمت کہ رہی ہین وہ رستے دیکھکر
کس لیے تکلیف کی ہی آپ فرمائینگے کیا

دیکھ لے تاثیر انکی ہی فراق یار مین
نالی خود شرمندہ ہین تک مری آئینگے کیا

غیر ممکن ہی کہ پا آرام ہی سونین حریص
ہاتھ تو کچھ پا نہین ہی پانو پھیلائینگے کیا

انکی ہر جیسی کہ نہ تا ہون جنکو ہو لحاظ
منہ تو کھلاتی نہین آنکھین وہ دکھلائینگے کیا

آپکو فرصت ملی رونے سی بیحال
اور سیر طرح سی عاشق نہ ہو جائینگے کیا

کب تعجب ہی وہ آئین لاش عاشق دیکھنے
ہمسے مانا جان ہی کھو لی تو پھر پائینگے کیا

بعد مرنے کے ہین سے گو داغ سینہ جلوہ گر
گلشن تربت میرے بونین گل مرجھائینگے کیا

سر بکف پھرتی ہین بہت سی امید مرگ مین — کھینچ کر تیغ دو دم ہمکو وہ دہمکائینگے کیا
یہ ادا یہ ناز یہ شوخی کہانسے پائینگے — حور و غلمان و پری مجکو بہلا بہائینگے کیا
رہ گئی ہین ٹوٹ کر شانی مین گیسو کی جو بال — الجھے مردہ ہین یہی دوست الجھائینگے کیا
جھوٹے وعدے کا ارادہ دل مین آیا شاید آج — کیون بلایا ہی مرے سر کی قسم کہائینگے کیا
کسطرح بہلائین گے مجکو یقین آتا نہیں — حور و غلمان بہی تمہاری شکل بن جائینگے کیا
گہورتا ہی یہ او نہین وہ میل کرتا ہی ادہر — دیدۂ و دل میری مجکو یا مین سنبہالینگے کیا

۹۲	یہ غلط ہی حشر کو پردہ کرین اے نسیم عاشقوں کو دید سے بہی اپنی ترسائینگے کیا	۹

اضطراب دل مرا آخر فزا دکہلا گیا — اپنی بیتابی کی ہین صلتی اوسی رحم آگیا
ہای قسمت بختو نسے میری راضی تہی مگر — کچھ لحاظ پاک دامانی اونہین سمجھا گیا
دیکہا خنجر بکف مجکو امید مرگ مین — ہنسکے فرمانے لگے مرنا تجھی بہی آگیا
کیا کہون دیکھی کی دی کس کس نے بہوس شوق مین — تیری صورت بن کی جو آیا تجھی ترسا گیا
دیکی حکم قتل میری لاش پر رونے لگا — ذی مروت تہا نہایت درد الفت آگیا
کی صبا نے کونی گستاخی متر زلف تو ان — سامنے آنکھونکے اک دو جگر سا چھا گیا
تو نے اتنا بہی نپوچھا کی سبب یار تیری ان — مد تو نتک ابر گریہ روز منہ پر سا گیا
ایک بوسہ بہی نہین اچھی طرح لینے دیا — بوسے جہنجلا کر اجی بس مر گھبرا گیا

۹۳	دیکہیے عمر دو روزہ مین ہو کیا صورت نسیم ایک ہی لقمی مین غم سارا کلیجا کہا گیا	۷

خندہ کیون لب پر تری او مجھ سیدا آگیا — کیا تجھی کوئی ستم بہولا ہوا یاد آگیا
شوخی تقدیر بد پر ناز کرنا چاہیے — سو ہی گل دیکھا نہ تہا ہمنے کہ صیاد آگیا
وصل کی شب تا سحر ہو ہی تبسم کی لیے — ہجر مین منہ چومنی کو جوش فریاد آگیا

دی صبا رکبا د آزادی اسیرونکو جل
پانوسے زنجیر نکلے سر پہ جلاد آگیا

رک گیا ساقی کا جی رندونکے پھری ہین اوس
دیکھ تو محفل مین تیری کون ناشاد آگیا

ہای بھیجا ہی رقیبونکو عیادت کی لیی
ہمکو تیری رحم مین بھی لطف بیداد آگیا

۹۴ — ۱۴

دید کی قابل ہی اوسکی ناامیدی اے نسیم
ہاے وہ طایر جو زیر دام صیاد آگیا

زخم بالیدہ ہوے داغونپہ جوبن آگیا
پرورش پا پا گیا جو زیر دامن آگیا

دوری امید آخر کھینچ لائی متصل
دشنۂ قاتل قریب خط گردن آگیا

اشک خون آلودہ سی ہی پیرہن بلبل فزا
اور ہی رنگینیونپر آب تو دامن آگیا

کونسا یہ خاکسار آتا ہی دیکھو اوشہسوار
اک بگولا سا قریب گرد توسن آگیا

دست وحشت نے مٹا دی آج دونوں کی خلش
کچھ گریبان جھک گیا کچھ پاس دامن آگیا

شورش ہر خیز محشر نے جگا یا تھا مگر
سیری آنکھونکو لحاظ خواب مدفن آگیا

بہ گیا دل خون ہوکر رہگیا درد فراق
دوست کے بدلی مری پہلو مین دشمن آگیا

توڑکر تسبیح میل رشتۂ زنار ہے
بعد مدت یاد اک طفل برہمن آگیا

دشمنونکی پردہ پوشی کی ہوائی شوق نے
گرد تومین خار کے پیراہن تن آگیا

آتش داغ تمنا پرورش کرنے لگی
مثل اخگر دل تہ داماں گلخن آگیا

باغ عالم مین بشکل بلبل تصویر ہون
کچھ غرض رکھتا نہین گر سوی گلشن آگیا

صورت سوزن بنا کر بخیہ گر کی ہاتھ مین
بوسہ چاک جگر لینے کو آہن آگیا

ای فلک شاید گمان خندہ آسیری ہوا
جو لب ہر زخم زیر نیش سوزن آگیا

۹۵ — ۱۰

آج راحت پا کے احسان اجل سی اے نسیم
فاتحہ پڑھنے لحد پر یار بدظن آگیا

کیا آج جلد تیر نظر کام کر گیا
اف تک نہ کر سکے کہ جگر سے گذر گیا

جوش سرشک دیدۂ ترین کی کہان
دریا یہ وہ نہین کہ چڑھا اور اوتر گیا

اللہ رے سیاہی شام شب فراق
مجھسا امیدوار اجل صاف ڈر گیا

روز جزا ہی پاس رضا آ گیا مجھے
منکر ہوی وہ قتل سے مین بھی مکر گیا

چلا رہا ہون یاد دل گم شدہ مین مین
ای میرے لاڈلی میری پیارے کدہر گیا

جاگو غنودگان اجل خواب تا کجا
تا جیب طول چاک قبا ہی سحر گیا

اللہ رے کرشمہ تیغ ادائے یار
کوہی ذبیح کوہی طپان کوہی مر گیا

اب دست احتیاج اوٹھانی سے ہی فایدہ
برسون گذر چکے کہ دعا سے اثر گیا

تنگی نے اعتقاد دہن دل سے کہو دیا
افراط نازکی سے گمان کمر گیا

۹۶	سمجھا نداق شعر ہمارا وہی نسیم طی جو کہ راہ منزل ادراک کر گیا	۱۵

کس منہ سے کہتی ہو کہ ترا وقت ٹل گیا
کچھ آپکا مزاج نہ تہا جو بدل گیا

خالق کو تہی پسند جو برگشتگی مری
پتلا ہزار بار بنا اور بدل گیا

اب جا ہی خون دہان جراحت مین پیپ کے
کیا انقلاب ہے کہ لہو تک بدل گیا

مانند طفل اشک ہون ابتر شرارت مین
پیدا ہی ہوتی آنکھ سے باہر نکل گیا

انجام عمر سے بڑہی کیا کیا خمیدگی
دن کم رہا تو سایۂ دیوار ڈھل گیا

اللہ ری بیکسی کہ یہ نوبت ہی آج کل
ارمان تک ہی دل سے ہماری نکل گیا

پہونچی سنائی یار نے آ کے ہلال عید
ملنے کو بھاگ کی مین جو قریب بغل گیا

ہان التفات یار سے بیمار جان بلب
اچھا تو کیا ہوا ہی مگر کچھ سنبہل گیا

بوسے سے غیر کی لب شیرین ہوی ہین تلخ
بگڑی وہ چاشنی وہ قوام عسل گیا

کب برہمی کی شکل نہ پیش نظر رہی
کس روز تیرے طرۂ گیسو سی بل گیا

ممکن نہین کہ راست کبھی کج مزاج ہو
اس چرخ پیر کا نہ جوانی سے بل گیا

پھر کہدیا کچہ اوس بت وعدہ خلاف نے — پھر کچہ دنون مریض محبت سنبہل گیا
تہا خوف اسقدر چمن روزگار سے — جب کوئی گل ہنسا تو مرا جی دہل گیا
صیاد ساتہ ہی چمن کائنات مین + — قسمت تو کیا کرین گے اگر دل بہل گیا

۹۷	مدت کے بعد ربط سخن پہر بڑہا نسیم مضمون کی تازگی سے ذرا دل بہل گیا	۱۱

ٹہیرے اوکہڑ کے سانس کا وقت ٹل گیا — منت کچہ اور مان کہ مین پہر سنبہل گیا
شانے کی راستی یہ بہی کیا مٹا ہی گی — ہم بندگی کرینگے جو زلفو نسے بل گیا
دوڑو خدا کیواسطے دیکہو تو کیا ہوا — کہتا ہی کوئی ہای کلیجا نکل گیا
کیون لای دوست اوسکو عیادت کیواسطے — دیکہا جو میرے زخم جگر کو دہل گیا
موقوف کر لگائیگا پہاہی کہان کہان — اے چارہ گر تمام کلیجا ہی پہل گیا
جہوٹے تسلیون کی توقع گذر گیی — جلدی آ ترے مریض کا منکا ہی ڈہل گیا
افسوس کر رہا ہی وہ پہچانتا نہین — اس حال پر نثار مین ایسا بدل گیا
توبہ تو ہی بلا سی جو ویسا نہین سے ہل — زاہد بشکل شیشہ سے کیون اُبل گیا
افسوس ہم جہان سے بے آرزو چلے — لو وہ بہی آکے خود کف افسوس مل گیا
دیکہا جو اوسکو آنکہ جہپکی کچہ نکہہ سکا — واعظ کا بہی قدم نہ تہما لو پہسل گیا

۹۸	سامان سفر کی ساتہ ہین ہر وقت اپنے نسیم کیا خاک اس جہان مین مرا جی بہل گیا	۱۴

ہیبت سے مرغ روح بدن سے نکل گیا — تیر نگاہ جب کوئی سن سے نکل گیا
تکلیف ہو نہ بازوے قاتل کو اسلیے — اک ایک استخوان مری تن سی نکل گیا
کیا تنگ گور کین دل بیتاب ہی رہے — تڑپا مین جب مزار کہن سی نکل گیا
کیا کیا نہ دود آہ نے کین سربلندیان — ایسا بڑہا کہ چرخ کہن سے نکل گیا

اللہ رے سوز ہاتہ ابھی تک بندہی تہے
شعلہ بھڑک کے تارِ رسن سے نکل گیا

بخشی درازدستیِ وحشت نے مخلصی
لاشہ مرا حجاب کفن سے نکل گیا

اب جاہِ حسن سبزۂ نوخیز سے ہے نمود
آبِ حیات چاہ ذقن سے نکل گیا

لاشہ مرا لحد سے ہوا جا کے ہمکنار
دولہا کا اشتیاق دلہن سے نکل گیا

مضمونِ آبدار نے جنبش لبونکو دی
گوہر سخن کا درجِ دہن سے نکل گیا

تن کاہشِ فراق سے مثل خیال تہا
گذرا لحد سے صاف کفن سے نکل گیا

پائی نہ قدر سیری تہی قد کے روبرو
بل راستی کا سروِ چمن سے نکل گیا

اصلاح کی یہ نکہت گیسوی یار نے
سودا دماغ مشکِ ختن سے نکل گیا

رخ جلوہ گر ہوا شب زلف سیاہ سے
مدت کی بعد چاند گہن سے نکل گیا

یاران رنج دوست نے دین وہ اذیتین
مین منہ چھپا کے اپنی وطن سے نکل گیا

۹۹	مانع ہوئی نہ کچہ سپر آسمان نسیم ہر تیرِ آہ چرخ کہن سے نکل گیا	۱۳

جب اختیار قید سخن سے نکل گیا
نالہ کلام ہو کے دہن سے نکل گیا

کیا رنج ترکِ صحبت احباب کا ہوا
دو چار کوس جب مین وطن سے نکل گیا

آئی نظر نہ تربتِ پروانہ جب کہین
ہر اشکِ شمع بہ کے لگن سے نکل گیا

کیا حال دل چھپے کہ جہان وہ گواہ ہون
رد کا نگاہ کو تو دہن سے نکل گیا

باقی رہے صراحیِ غنچہ نہ جام گل
سامانِ انبساط چمن سے نکل گیا

دنیا کے رابطے سے فراغ دلی ملے
مردونکا کام صحبت زن سے نکل گیا

زلفین ہٹا کے بوسہ رخسار لے لیے
مطلب ہمارا سانپ کے من سے نکل گیا

ایدل ہزار حیف جو قاتل سے پا سکے
وہ سور پھر نہین ہی جو ہرن سے نکل گیا

دامن تک اشک آکی تھا ٹپکے آنکہ مین
پھرتا نہین گہر جو عدن سے نکل گیا

رشک اسقدر دیا لب و دندان یار نی	گوہر عدن سے لعل یمن سے نکل گیا
رہوار عمر کی نظر آئی نہ گرد تک	توسن کمال تیز تہا سن سے نکل گیا
افسون و فریب سے ہم آشنا نہ تہی	آخر کو یار حیلہ و فن سے نکل گیا

۱۰۰	کس ہوم کی پڑہی ہی غزل اپنے نسیم تحسین کا شور بزم سخن سے نکل گیا	۱۱

د سے لگے آتے ہی یہ نقشا ہو گیا	کیا بتاؤن دوستو کیا ہو گیا
تمنے فرصت پائی گہر بیٹہے طبیب	مر گیا بیمار اچھا ہو گیا
کر چکا تہا کام افسون رقیب	آج ہمسے اونسے پرچہا ہو گیا
اونپہ دل آیا بڑی مشکل پڑی	مدعی پہلو مین پیدا ہو گیا
ہای بیتابی نے میرے کیا کیا	حال سب اونپر ہویدا ہو گیا
ایک ظالم پر طبیعت آ گئے	پہر وہی اب حال میرا ہو گیا
شکر ہی پیدا کیا خالق نے جسم	روح کا کچپر دنکو پردا ہو گیا
کہل گئے زخمونکے مُنہ اچہا ہوا	درد کے بڑہنے کو رستا ہو گیا
تو ہی چل ای روح جوش شوق ہی	خط کے آنے مین تو عرصا ہو گیا
وقت بد کچہ پوچہ کر آتا نہین	ہنستے ہنستے اونسے جہگڑا ہو گیا

۱۰۱	حال کہون ابتر ہی اسد رجب نسیم سچ کہو دل کسپہ شیدا ہو گیا	۱۰

مجکو سمجہاتا تہا یا تو آپ شیدا ہو گیا	مین تو دیوانہ تہا ای ناصح تجہی کیا ہو گیا
آدمی کیسے فرشتے سیکڑون موجود تہے	میری لاشی پر جو وہ آئی تماشا ہو گیا
مین نہ کہتا تہا نہ دیکہو آئنہ اچہا نہین	صدقے جاؤن حال میرا سا تمہارا ہو گیا
ابتدا افسانے کی میری ہر طرف اک دہوم ہی	مر گیا گو مین بلا سے نام تیرا ہو گیا

شکر ہی دنیا سے اوٹھا آج شیدا آپکا
جان دینا اس مرض والی کو اچھا ہوگیا

دشمنی کی تجسے میرے از دیادِ شوق نی
اضطراب ایسا بڑہا آخر کو پردا ہوگیا

سوگئی اونکی فریب عدہ سی شب کٹ گئی
ہائی اب چونکے کہ جب ایسا سویرا ہوگیا

کوئی ناواقف اگر کہتا تو کہتا غم نہ تہا
کیون جی تم بہی مجکو کہتی ہو کہ سودا ہوگیا

یہ فکا یہ عقل لیسے ہوش سب جاتی رہی
مجکو حیرت ہی خدا جانی مجہے کیا ہوگیا

١٠٢ — ١٢

پہر وہی دہومین پڑین وحشت کے میری ای نسیم
پہر وہی جوش گذشتہ دلمین پیدا ہوگیا

تیری بالائی کا شہرہ سب سے بالا ہوگیا
تو نرالا کیا ہوا عالم نرالا ہوگیا

شام مرقد چاندنی تہی تیری رخ کی ہیا سے
چاند میرا سامنے آیا اوجالا ہوگیا

وہ بہی تہا بعد مردن دین ہما کو ہڈیان
گوشت باقی تہا سو مرقد کا نوالا ہوگیا

حلقۂ سرخ زلف تہی تہا نو سرخ کا گر زلف
ہالۂ مہ شب ہوئی مہ شب کا ہالا ہوگیا

اوس گل کو زندگی تہی زہر ہو دی کو ہے
سانپ نے چاٹی جو شبنم منہ مین چہالا ہوگیا

ساغرِ امید بن جاتی ہی انسان کی دعا
ہاتہ جب سوی فلک اوٹہا پیالا ہوگیا

دل مشبک ہی تو سینہ ہر طرف سی ہی شگاف
تیرے مژگان کا تصور ہمکو بہالا ہوگیا

ابر نیسان کی پڑین بوندین جو تیری کلفی
موتیون کا گردن افعی مین مالا ہوگیا

مرگئے تیغ نگاہ یار سے جہگڑا مٹا
چین برسون کا ہوا دم بہر کسالا ہوگیا

انتظار سنگدل مین سنگ بہی آنکہ سے
تا بدامن اشک آتی آتی نالا ہوگیا

پہر خم شمشیر ابرو کا ہوا سودا مجہے
زخم خشکی پر نہ آیا تہا کہ آلا ہوگیا

١٠٣ — ١١

ناسخ مغفور تہا اوستاد کہتا ای نسیم
لکہنئو والون مین وہ سب سے نرالا ہوگیا

جان بلب ہون جیسی وہ بیرحم بدظن ہوگیا
حال میرا اب مبارک بادِ دشمن ہوگیا

کچہ عجب تاثیر تہی اوس بت کی نظارے مین جو
مسلمان اسطرف گذرا برہمن ہوگیا

صدقے مین کتنا ترا تیر نظر بیتاب تہا
چہد گیا پہلو کبہی چہلنی کبہی غربال ہوگیا

بے ہوا اوڑتا ہون جبتک بیان کرتا ہون دل
کاہش الفت سے کیا ہلکا مرا تن ہوگیا

مین بہی مرنے کے لیے آیا ہون آزردہ نہو
اب یہ وہ کوچہ کہان لوگونکا مدفن ہوگیا

ہای کس پردہ نشین کی آبرو کا پاس تہا
اشک جو دامن پہ آیا زیر دامن ہوگیا

وہ توقع تجہسے برآئی جو مجہکو اوس سے تہی
او عدو کے دوست تو بہی اب تو دشمن ہوگیا

حلقۂ زنجیر جب پہنی تو یہ ثابت ہوا
پاؤن میرا شاہد آغوش آہن ہوگیا

بڑہ کے ٹہیرا جب یہ سمجہا مین کہ وہ آتی ہے موج
بارہا میرا تصور مجہکو رہزن ہوگیا

سوز پنہان کی یہ کثرت تہی کہ ہر استخوان
رات کو مثل جبین صبح روشن ہوگیا

٩	سر اوٹہانے کی کہان طاقت کسی بسمل مین ہم آج تو احسان قاتل بار گردن ہوگیا	١٠٤

لو فراغت ہوگئی کیسا سبکجان ہوگیا
چاک دامن ہوگیا ٹکڑی گریبان ہوگیا

عشق مین زلف و رخ دلدار کی تمثال کی
کوئی ہندو ہوگیا کوئی مسلمان ہوگیا

گہٹتے گہٹتے ناتوانی سے وہ ہون کاہیدہ تن
ذرۂ افتادہ ریگ بیابان ہوگیا

آنکہین کہلاتی ہین مشعل پاسبان منکر نکیر
گنج مدفن بہی مجہی قسمت سے زندان ہوگیا

کی گہر ریزی ہماری آبلون نے پہوٹکے
تہا متاع عمر جو وقف بیابان ہوگیا

حسن جانان نے کیا گرما کے کامل تجلی
داغ میری داغ سے مہر درخشان ہوگیا

آتش جانسوز نالہ شعلہ ہای آہ دل
ایک مشت استخوان پر سب کا احسان ہوگیا

ناتوانی نے یہانتک آج کی تاثیر کی
نالۂ زنجیر کا بہی شور پنہان ہوگیا

٩	کچہ نہین لطف چمن کی ہمکو خواہش ای نسیم شکل گل ہر زخم دل سینے مین خندان ہوگیا	١٠٥

التماس شکر مین دل رہ گیا	سر پہ تیغ احسان قاتل رہ گیا
رحم آیا ناتوانی پر مرے	ذبح کرتے کرتے قاتل رہ گیا
تم نے اک بوسہ دیا احسان کیا	بات میری رہ گئی دل رہ گیا
صلح کی اب پھر گلے پر سے گئے	سہل ہو کر کارِ مشکل رہ گیا
تیری جلدی سے نہ بر آئی مراد	اے اجل دیدارِ قاتل رہ گیا
کاوشِ صیاد نے فرصت نہ دی	دلمین ارمانِ عنادل رہ گیا
جلوۂ رخسار نے ساکت کیا	آئینہ ہو کر مقابل رہ گیا
غیر ممکن ہے کہ آسان ہو سکے	رہ گیا جو امرِ مشکل رہ گیا

منہ نہ کھولا یا سوال بخشش تقصیر نے

۲۹۱ | ولہ | ۵

کچھ سمجھتے ہین جو اوس ظالم کی سمجھائی ہوے
پھر پلٹ جاتی ہین شکوے تک زبان آئی ہوے

یاد آتی ہین جو احسان اونکی وقت اضطرا[ب]
نالی بھی منہ سے نکلتی ہین تو شرمائی ہوے

تم نے کیون بوسے لیے ہین لکھ رکھو کس طرح
آفتین ڈہاتی ہین کیا کیا الزمین پائی ہوے

ہٹ یہ کیون ہو لو دل افسردہ حاضر ہین مگر
کیا پسند آئینگے تمکو پھول مرجھائی ہوے

۲۹۲	دیکھتا ہوں میں نہ مجکو دیکھتے ہیں وہ نسیم ابر دو دو سے لکے ٹکڑے ہیں ہو شب جہانی ہے	۱۱

سوال طرز سخن سے تمہاری پیدا ہے
ہماری سر کے قسم تمکو آرزو کیا ہے

امید مرگ ہیں قطع امید تم سے کی
مزاج عاشق افسردہ آج اچھا ہے

خفا ہیں جسکے سبب آپ کل سی اسکو ہم
ہمیں تو آجکی شب بھی وہی تمنا ہے

سیاہیاں شب فرقت میں تھیں کہاں ایسے
مگر یہ دو دو جگر کا مرے اندھیرا ہے

نہ چین ہے مجھے گہر میں نہ دشت میں حسرت
عجب طرح کا کچھ اثر وزدون حال میرا ہے

عجیب طرح لے آتی ہیں گھٹتیں شب روز
کسیکا عقدہ گیسو پھر آجکل وا ہے

اوداس ہو سبب انفعال کچھ تو کہو
یہ کیوں عرق ہی جبین پر مزاج کیسا ہے

کہاں بسر ہوئی اوقات پاک بندہ نواز
بہت دنوں تمہیں ہمنے آج دیکھا ہے

خوشا نصیب چھپاتی ہو راز دل ہم سے
مجھے بھی آپنے بدخواہ کوئی سمجھا ہے

وہی لحاظ کی ہوتی ہیں باتیں جلسے سے
ابھی تک آپکو ایجان ہمسے پردا ہے

ہزار کوئی کہے کب کسیکی سنتا ہے
نسیم آپکی باتوں پہ دل سے شیدا ہے

۲۹۳	غزل ذو بحرین	۵

وہی تو نے دیکھا کہ جو دل کہا تھا نہ ہوا سینہ شیالہ دیدہ بلا ہے
گلاب ہی بیچا کہ یہ ہو گیا کیا کیا تو نے جیسا وہی یہ سزا ہے
نہ وہ اب اشارے ہی نہ وہ اب نظارے ہی نہ وہ کہتا آرزو وہ کہنا چلے
گئے لطف سارے ہی ہو یوں کنارے ہی چلو خیر پیاری مرا اب خدا ہے
ہوا وسیلہ آل ہوا غم سی شاغل ہو سخت مشکل کہاں تک کہاں
نہیں ہی وہ غافل سنے گا وہ قاتل کریگا وہ بسمل تری لب قضا ہے
یہ ہیں لطف بیجا سبب ہیں منع جو ہر شب آیا دل جب تو وہ باتیں ہیں کب

ابھی مکر ہیں سب کہاں بوسۂ لب ہے جانئے اب کہ وہ بیوفا ہے
کھول کر ہاتھ مری گھر چلو گے کہا جو کرو گے دراغم سنو گے
گلے سے ملو گے تجھے بوسے دو گے کوئی دم ٹھہرو کہ یہ سب دغا ہے

۲۹۴	ولہ	۳

شب وصلت میں گھڑیالی ہمیں کیا کیا رلاتا ہے — گھڑی بھر رات آئی ہی پہ ظالم بجاتا ہے
لنڈھا دے ری سبو کو توڑ شیشہ چور کر ساقی — لہو فرقت میں پیتی ہیں کسے ساغر پلاتا ہے
دل امنڈا آتا ہی از خود گلے ملکے رونیکو — کر بستہ سفر خستہ سفر کوئی آتا ہے

۲۹۵	ولہ	۵

رنج باہم میں زبان پر جو گلہ آتا ہے — کچھ عجب لطف کا روٹھنی میں مزا آتا ہے
میں جو سمجھاتا ہوں ت اونکو تو یہ فرماتی ہیں — اے یہ خوش جاہی یہاں سے تجھے کیا آتا ہے
دل ہلا یا تا ہی ہر نالہ و فریاد کے ساتھ — پھر او نہیں کا کوی مظلوم جفا آتا ہے
شانہ وہ زلف میں کرتے ہیں جب آخر کے — پھر مرے واسطے طوفان بلا آتا ہے
طاقت جوش جنوں کی مری کیا شہرت ہے — سیکڑوں میں کا ہر اک حلقہ پا آتا ہے

۲۹۶	ولہ	۲۳

گناہ ہیں جنکو خموشی کا مزا ہوتا ہے — دہن زخم میں خود قفل حیا ہوتا ہے
آنکھیں وہ دیدۂ نرگس کی فرصت کم ہے — دم کوئی دم میں قدم بوس قضا ہوتا ہے
نالہ افسانۂ بیداد سناتا ہی وہیں — کشش آہ سے اظہار بلا ہوتا ہے
کیوں نہ پیمانۂ دشنام دہن کو سمجھوں — کہ برابر تری گالی کا مزا ہوتا ہے
حاجت شمع نہ پروا ہی چراغ لحد کی — پاک احسان سے مزار غریبا ہوتا ہے
اسی کیونکر شب فرقت میں کہ جنبش محال ہی — شوق دل سلسلہ پا ہی قضا ہوتا ہے
تجھ دیدار ترے ہم کس قیلو سے ملیں — اب بھلا پردہ کبھی تیری کیا ہوتا ہے

زاہد اسواسطے کرتی ہین بتونکو سجدہ
جلوۂ حسن بتونکو نور خدا ہوتا ہے

خط نو سبز ترا حجت خونریزی ہے
سرخ سبزی کے سبب رنگ حنا ہوتا ہے

یار خواہان شفاعت ہین یہ ہٹ ہے ظالم
دل دہڑکتا ہی مرا دیکھیے کیا ہوتا ہے

اسطرف بہی ہو کوی گردش خنجر قاتل
گلو خشک کو اب رشک قضا ہوتا ہے

توبہ کرتے ہین جوانی سے کہ پیری آئی
پا سے تہکے ہاتہ ہما خواہ دعا ہوتا ہے

غیرت حسن سکہا دیتی ہی آداب کورت
دہن غنچہ پہ خود قفل حیا ہوتا ہے

اژدہا بنکے ڈراتا ہی شب فرقت مین
زلف کا دہیان ہی موسی کا عصا ہوتا ہے

آج ہی رسم رہائی تری دیوانی کی
پیرہن قیدی ہستی کا قبا ہوتا ہے

یار روتی ہین مرے قتل سی مین ہنستا ہون
بزم شادی مجہی سامان عزا ہوتا ہے

کہو نہ مشتقی او نہین ایجاد سکہا دیتی ہی
ہر ستم لطف ہین دیکہا تو نیا ہوتا ہے

ڈہنگ کا ہیکو ہین یایان اجل ہین ظالم
ہر ادا مین تری سامان قضا ہوتا ہے

جان نثاری کی اجازت نہین دیتا قاتل
بیوفا باعث تکلیف وفا ہوتا ہے

سرفروشان محبت کو محبت سی ہی کام
قابل بوسہ مزار شہدا ہوتا ہے

دم کہنچا ہے تہجی سی شمشیر دو دم آقاتل
جدا ارادہ ہی ترا ہوش ربا ہوتا ہے

بیوفائی کی وفا باعث آرام نہین
شکر انجام کو دیکہا تو گلا ہوتا ہے

۲۹۷ — ای لبنسیم چمن آرای فصاحت تجہسی
گلشن سبزہ نو خیز ہرا ہوتا ہے — ۷

بہار غنچگی دیتا ہی جو دل خستہ ہوتا ہے
پس از خندیدگی کہلا کی گل سربستہ ہوتا ہے

نشان وصل ہی کٹ جدائی چشم عارف مین
کہ بعد از قطع شاخین ملکی اک گلدستہ ہوتا ہے

معانی زخم خوردہ لفظ کا تری بنا ہین اہتر
دل عاشق کی صورت شعر اپنا خستہ ہوتا ہے

ہمین فرصت ہی صیاد ظالم کیون کہتا ہی
کب آزاد ہیکہ قابل طائر پربستہ ہوتا ہے

بہلا آسان ہو کیونکر شگافی فکر مشکل کے		کہ ہر عقدہ بشکل زلف وابستہ ہوتا ہے
دکھا دیتا ہی ہر ساعت نیا گھر جوشش تیا ہے		سدا انقل مکان مانند گرد جستہ ہوتا ہے
کچھ ایسے دو مصرع ایک ہو جاتے ہین مضمون مین		کہ سامع کو گمان ابرو پیوستہ ہوتا ہے
۲۹۸	ولہ	۹
دکھاتا ہی جہری سپہر مژدہ بیداد دیتا ہے		مبارکباد بیتابی ہمین صیاد دیتا ہے
کبھی کچھ ہی کبھی کچھ ہی مزاج یار کیصورت		مزا آنکھوں مین کیا کیا عالم ایجاد دیتا ہے
وہ محتاجی ہوی ہی دولت تقدیر سے حاصل		کہ سایہ بھی نہین یان دامن فریاد دیتا ہے
نہ بازو مین تری قوت نہ خنجر مین روانی ہی		ہمین تکلیف بیجا کسلیے جلاد دیتا ہے
لہو کیسا فراق روح ہوتا ہی کوئی دم مین		ندامت کیون ہمین اپنی نشتر فصاد دیتا ہے
نہ توڑین آج تک بھی بیڑیان زور جنون تو نے		جھکاؤن کیون نہ سر طعنی مجھے حداد دیتا ہے
یہ کیون گھبرا گئے فریاد بیتابی سنی ہی یار		دعائین تمکو کوی بندۂ آزاد دیتا ہے
سنائینگے نوید قتل وہ شاید کہ پہلے ہی		مجھے جوشش سرا تم مبارکباد دیتا ہے
۲۹۹	نسیم دہلوی تو بھی مگر شاگرد مومن ہے کہ ہر ہر شعر لطف بندش استاد دیتا ہے	۳
یہ حالت ہی تشفی کیا تو ایدم باز دیتا ہے		کہ نالہ بھی دہن مین اب نہین آواز دیتا ہے
مناسب ہے مبارکباد بیتابی تو دی جاوے		کہ دل سینی مین اب کیفیت پرواز دیتا ہے
جو پہلے کہ چکے تھی پھر وہی کہنے لگی وہ بھی		مرا انجام بھی کیفیت آغاز دیتا ہے
۳۰۰	ولہ	۴
قفس بر دوش صیاد جفا طینت کا پھیرا ہے		مقام گلشن ایجاد دم بھر کا بسیرا ہے
متاع عالم اسباب چند انفاس غفلت مین		زر و سیم و جواہر کچھ نہ تیرا ہی نہ میرا ہے
کہانتک کروٹین بدلا کریگا خواب مستی مین		ذرا کھول آنکھ او غافل کہ دم بھر مین سویرا ہے

چہپا دن دوپہر ہے منزل اوٹہا جلدی قدم غافل | فروغ زندگانی چند دم ہی پہر اندہیرا ہے

ولہ ۳۰۱ — ۳

محتسب مانع ہی ہی ہمین پروانہ ہے | جب چہٹی پہر وہی شیشہ وہی پیمانہ ہے
ادب بادہ پرستی نہ گیا مستی مین | صورت کعبہ طواف در میخانہ ہے
بے نیازی ہی مجہے اور ہر کو یکسان | بے ہوس مین ہون تجلی در مرا کاشانہ ہے

ولہ ۳۰۲ — ۱۴

نئے ڈہب کا کچہ جوش سودا ہوا ہے | خدا جانے ابکی مجہے کیا ہوا ہے
تعلق اون آنکہون سے پیدا ہوا ہی | بہت دنکا یہ خواب دیکہا ہوا ہے
نہ عالم مین سمجہا نہ سمجہا جہان مین | نہ ایسا ہوا ہی نہ ویسا ہوا ہے
نہ لے قیس آگے مری نام وحشت | ابہی کل کے ہی بات پیدا ہوا ہے
پہر اوٹہتا ہی درد محبت جگر سے | وہی حال اگلا سا پہرا ہوا ہے
گہر بار ہے دیدۂ اشک زا سے | مرا دامن آغوش دریا ہوا ہے
وہ وادی الین پہ موقوف کیا ہی | ہمارا ہر اک دشت دیکہا ہوا ہے
ذرا دم تو لینے دی ای چشم جادو | بڑی مدتون مین دل اچہا ہوا ہے
کہا سنتے تمہاری ہی بات سن لو | کہا ہنسکے تمکو تو سودا ہوا ہے
ترقی پہ ہی نوجوانی تمہاری | ابہی کیا ہوا ہی ابہی کیا ہوا ہے
حجاب نظر سے کہلے بہید دل کے | عبث ہمسے ظاہر مین پردا ہوا ہے
ہماری تمہاری تو ہین لگی باتین | تما تو اگر اسکا چرچا ہوا ہے
نہ گہبراؤ جانا ابہی ہم ہی سمجہے | کہین اور بہی آج وعدا ہوا ہے
منائین گے ہم آج لیتے بلائین گے | بہت روز امروز فردا ہوا ہے
اگر تم بہی دیکہو تو رونے لگو گے | مری جان یہ حال اپنا ہوا ہے

۳۰۳	تسلیم اب کہان قدردان سخن ہین کہیے شعر یہ بہی جو چرچا ہوا ہے	۸

پیتے ہین مے گناہ بقصد صواب ہی — مستی کے ولولے ہین یہ ہان شباب ہے

ای چارہ گر ندامت بیجا نہ لیجیو — دل چاک ہو چکا ہے جگر آب آب ہے

زاہد معاف ضبط طبیعت نہین ہے ہین — ساغر چہلک رہی ہین ہوای شباب ہے

بیداریان ہین دیدۂ زنجیر کیطرح — وہ آنکہ ہی ازلسے جو محروم خواب ہے

ای شور حشر ٹہیر کہ فرصت نہین ہین — ہین غفلتو نکے جوش جوانی کا خواب ہے

ایشیخ طول ریش مقدس کہان ہی — حد سے زیادہ جو ہی اوسی پر عذاب ہے

اے بیخبر قریب ہی فردای بازپرس — ہشیار ہو کہ جلد زبان حساب ہے

۳۰۴	دیکہا نگاہ غور سے ہمنے جو ای تسلیم ہر شعر اس غزل کا تری انتخاب ہے	۱۶

لب پر اک پردہ نشین کا شکوۂ بیداد ہی — میری نالے ہین اچہوتی پارسا فریاد ہے

ہو چکی رسم اسیری دل نہایت شاد ہے — حلقۂ زنجیر آغوش مبارکباد ہے

بہولتی ہین کب نگاہین چشم جادو بین کی — ہمکو سامان فراموشی سب اپنا یاد ہے

گہر کہان ویرانیان بستی ہین ہجر یار مین — اب ہمارا خانۂ دولت خراب آباد ہے

دی صدای کوس رحلت ضربت تیشے نی — خندۂ زخم جگر شور مبارکباد ہے

صورت گل جلوہ گر ہین وہ اٹہا ای دوستی — کعبۂ دل مین بہار گلشن شداد ہے

لفظ بس سے پاک ہوتی ہی حدیث عاشقی — اپنا افسانہ تو قید ختم سی آزاد ہے

خاکساری مین بہی ہو نہین اسقدر عالی مزاج — ہم گریبان ہلال لب دامن فریاد ہے

پوچہ لے گر پوچہتا ہی خون عاشق کی بہا — چند ساعت تر زبان خنجر جلاد ہے

غم نہین گر چہپ رہا ان کم ہین وہ خندہ زن — مین ہون آزردہ بلا سے قاتل شاد ہے

سخت جانی کا برا ہو نفعل کیسا کیا
جلد آ فصل بہاری آرزو ہین تا کجا
دیکھیے کیونکر گذرتی ہین جفا کی صحبتین
آپسے تو منہ نہین کھولا مگر محبوب ہین
اپتو جی اٹھتی ہین کب تک انتظار رستخیز

موت کو ارمان رہا نا دم مرا جلاد ہے
بد تو نسے اشتیاق خانہ صیاد ہی
مین اسیر تو ہون نا واقف مرا صیاد ہے
ہمت دیوانگی منت کش جلاد ہے
مرغ جان مدت سی اپنا آشیان برباد ہے

٣٠٥	سبزہ رنگان جہان کو روز و شب تک نسیم دید کے قابل بہار گلشن ایجاد ہے	٧

عجب تیر نگہ مین کچہ اثر ہے
مآل عاشقی کیا پوچھتے ہو +
وہ جیسے صبح ویسی ہی شب ہجر
قفس چھوڑا عجب صدمے سے ہمنے
تمہین کیا ہمپہ جو گذری سو گذری
لگے لو شمع سان اک شعلہ رو کے

نہ بر مین دل نہ سینے مین جگر ہے
جگر کے پار ہر تیر نظر ہے
غضب کی رات آفت کی سحر ہے
نہ بازو ہی نہ گردن ہی نہ سر ہے
حساب ایجان ہمارا حشر پر ہے
بلا سے سر کٹے اب کسکو ڈر ہے

٣٠٦	غرض مطلق نہین مجکو کسی سے نسیم اپنے خدا ہی پر نظر ہے	٩

راز مخفی لب تلک آئی کہان مقدور ہے
ایک شعلہ داغ سوز انکا ہی میر آفتاب
دل مرا پیری مین ہی محو خیال زلف یار
ساقیا مین زخمی تیغ نگاہ مست ہون
ناتوانی سے خط باریک ہی ایسا بدن
حسن عالم تاب ہی تیری مثال مہر کیا

دل ہمارا جلوہ گاہ شاہد مستور ہے
آسمان نیلگون وود تن مخمور ہے
نافہ مشک ختن بے پردہ کافور ہے
ہر دہان زخم مین خون بادہ انگور ہے
ہیچ پکین ہین بدن زنجیر پا کی مور ہے
یہ سراسر نور ہی وہ اک چراغ دور ہے

کم کسی صورت نہین کاشانۂ تن خلد سے — ہر نفس دل جلوہ گاہ حسن رشک حور ہے
ہوگیا بیہوش جسپر آنکہ تیری پڑ گئی — کسقدر لبریز مستی سے نرگس مخمور ہے

۳۰۷	اور بھی شاعر زمانی مین ہین اکثر الٰہی نسیم پر جناب پاک کا کچہ اور ہی دستور ہے	۱۶

یاس ہو کر کچہ دنون ہم چشم بسمل مین رہے — داغ بنکر تہوڑے دنون دامان قاتل مین رہے
الٹے شکوے طعنے بے سود اقرار دروغ — جو تمہاری منہ سے نکلے سب مرے دل مین رہے
خاطر گل عاشقو نکو تہی جو منظور فراغ — بے اثر ہو کر اثر شور عنادل مین رہے
اونکو نیند آئی نہ اپنی آنکہ جہپکی ایکدم — ذکر ہو کر رات بہر ارباب محفل مین رہے
سادہ لوحی دیکہنا وعدہ جو ظالم نی کیا — تا سحر ہم انتظار عہد باطل مین رہے
کثرت تکلیف سی ہم آپ نالی ہو گئے — لب پر آئی یا کبہی بیمار کے دلمین رہے
خنجر قاتل کی ایذائین اجل کی سختیان — روح بسمل کیطرح ہر وقت مشکل مین رہے
اشک ناطاقت کیصورت ہر قدم پر گر پڑے — وہ مسافر تہی کبہی آکر نہ منزل مین رہے
خوب ہی سوجہی احبا آفرین ہمکو کہہ — ہم خیال یار بنکر یار کی دل مین رہے
پہر بیجا حجت بے سود تقریر فضول — جوش کس کس کی مزاج مرد جاہل مین رہے
تیرہ بختی نے بہی کہلائی ہمین آخر فروغ — داغ ہو کر ہم کنار ماہ کامل مین رہے
نام آزادی زبان پر آگیا تہا اسلیے — پاؤن سے تہوڑے دنون قید سلاسل مین رہے
خشم ناصح طعنۂ احباب تکلیف فراق — زندگی جبتک رہی کیا کیا قلق دلمین رہے
دیدۂ گریا نکی عزت کسقدر دریا کے — اشک جو ٹپکے مری دامان ساحل مین رہے
نقش کے امید نے نقشا دگرگون کردیا — تا فراق روح و تن ہم فکر عاجل مین رہے

۳۰۸	اونکی نگاہ کے تہی ہم مشتاق برسون نسیم اس لیے شب بہر رقیبونکی بہی محفل مین رہے	۱۳

کسقدر قید تعلق سے طبیعت پاک ہے
دامن مدفن ہمارا سو جگہ سی چاک ہے

ماتم خاموش یہ کسکا تہہ افلاک ہے
غنچے ہیں لب بند ہر گل کا گریبان چاک ہے

کوئی بہی عریان زمانی مین نظر آتا نہین
جسم سمجھے ہین جسے وہ روح کی پوشاک ہے

مفسدی اٹھتے ہین سیاری تو فیمابین ہین
ملگئے جب عاشق و معشوق جھگڑا پاک ہے

عصمت جاوید شکل دیدۂ زنجیر ہے
آنکھ اپنی تہمت نظارگی سے پاک ہے

کس غضب کے شوخیان ہین حلقۂ زنجیر مین
بے نگاہی ہی مگر کیا دیدۂ بیباک ہے

ایکدن وہ تہا کہ تہین بالائی سینہ کروٹین
ایکدن وہ ہی کہ ہم ہین پاکنار خاک ہے

رخصت ای توبہ معاف ای پاس تقوی الحذر
دلولی ہین سینہ کی دختر رز کی تاک ہے

فکر آرایش نکر قاتل مرا سر کاٹ لی
ہان اسی تیغی کے قابل حلقۂ فتراک ہے

اپنے دم تک ہی فقط آبادی زندانکی ہے ہم
ہم نہین تو دیدۂ زنجیر مین بہی خاک ہے

مژدۂ راحت مبارک ہو تجہی ای ہمنفس
یہان تو الدل ہی سو وہ بہی طرح غمناک ہے

اب خدا رکہے ہماری عصمت پروانگی
گہورتی ہین دیدۂ زنجیر سیدھے تاک ہے

۳۰۹ | پھنکے ہی ہین پاؤن سے الفت سے ہم | مرگی ہی ہی لکھ خیال کسی آشنا کے ہے | ۸

سفر ہی دار خواب کبتک بہت ہی منزل عدم ہے
نسیم جاگو کمر کو باندہو اٹھاؤ بستر کہ رات کم ہے

غفلت کے چل ہی ہو اسند ہی ہین قضا کی نیندین
کچھ ایسا سوئے ہین سونی والی کہ جاگنا حشر تک قسم ہے

جوانی و حسن و جاہ و دولت یہ چند تقاسکے ہین ہمدم
اجل ہے استادہ دست بستہ پئے رخصت ایکدم ہے

یسان سے سوال سایل تہی ہین ہر ایک عاجز
نیاز ہی بی نیاز کیونکر سوال ہین کل صورت صنم ہے

مآل کار جہان فانی کبہی نہین لیک قا عدی ہے
جو چار دن ہے وفور راحت تو بعد اسکی غم و الم ہے

دبیلغ کرتا نہ زور بازو ٹالی ساری کہتے تگو
نہین وہ جاسی کوئی قاتل کہ سر ہے خنجر دو دم ہے

زبان تیغ کو بہکاسی ہی ہو سرورد و شیفتہ جوشن ہے
می وصال شب تمنا ہر ایک لب سی ابہی بہم ہے

۳۱۰ بدمصرع مخمر مصیبت کمال ہے یا پسند آیا
نسیم جاگو کمر کو باندہو اٹھاؤ بستر کہ رات کم ہے

یہ نہ سمجھے ہا ہی یہ آغاز بد انجام ہے ۔ میری رسوائی مین اونکا بہی تو آخر نام ہے

وصل مین انکار تیرے ہجر مین دل بیقرار ۔ کب مجھی راحت ملی کس دن مجھی آرام ہے

واہی حسرت موت آتی ہہی یار آتا ہی پاس ۔ عاشقی شاید کسیکی قسمت ناکام ہے

صبح سے تا شام رہتا ہون ہمیشہ منتظر ۔ مہربانی پر تری کیا کیا خیال خام ہے

کوٹھے پر سونے کو کیا آیا ہی وہ آرام جان ۔ آج جو نالہ ہی میرا آشنای بام ہے

جذب دل روکے ہوی ہی تمکو مدفن پر مرے ۔ ورنہ سبکے واسطے ایجان اذن عام ہے

۳۱۱	کیا برا ہوتا ہی جھگڑا دوستی کا ای نسیم بیگانہ عاشق ہمیشہ مورد الزام ہے	۶

لو ضعف سے اب یہ حال تن ہے ۔ سایہ تن بس بدن سے ہے

یہان تن ہی نہین ہی لاغری سے ۔ ہمکو کیا حاجت کفن سے ہے

مثل نکہت ہین جامہ کیا ہو ۔ اپنا تو بدن ہی پیرہن سے ہے

ہون بلبل بوستان تصویر ۔ بیخوف خزان مرا چمن ہے

ہون کشتہ تیغ شرم جانان ۔ ہر زخم کا بیزبان دہن ہے

۳۱۲	لاریب نسیم دہلوی تو اوستاد نزاکت سخن ہے	۷

سوز فرقت سے یہ گرمی پہ مرا شیون ہے ۔ جو گرا اشک یہان آبلہ دامن ہے

بلبل روح دم قتل چہک کر نکلے ۔ چمن جوہر شمشیر نہین گلشن ہے

مرگئے ہم مگر اسکے نہ گئی خاموشی ۔ دہن زخم بہی گویا دہن مدفن ہے

کسقدر زخم قدہ جلد بہرا دامن نے ۔ جانب اشک پڑی آنکہ تو بہی روزن ہے

بچ رہا تہا جو ستم چادر گلنے بخشا ۔ قطرہ شبنم کا مجھے آبلہ مدفن ہے

محتسب کیون نہ ہی میر طیر فسی منظور ۔ آبلہ کا ہیکو ہی شیشہ کی گردن ہے

۳۱۳	کیون جنازہ سے لپیٹ کرو بہشت کی نسیم کفن لاش ہی کیا پیرہن شبنم سے ہے	۹

بلا ہی کون جان بر ہو سکے آفت کا سامان ہے
نقاط افعی رہزن تری زلفون کی افشان ہے
گلے سے تا کمرگھٹ پڑ ہی ہیری سیل گریہ کے
کبھی طوق گریبان ہی کبھی زنجیر دامان ہے
خیال یار سے بیٹھے ہین چو کیدار آنکھون مین
کہانسے نیند آئی مردم دیدہ نگہبان ہے
دو رنگی سے نہین خالی تقاضا تمنا ہے
کبھی بوسو نکی حسرت ہے کبھی وصلت کا ارمان ہے
ارادی تہک گئے خصوصی طلب ہے طاقت حشمت
کہانتک طی کرین ہم منزلون طول بیابان ہے
ہزارون کوس سے دلکو بہی کہیکے لائی ہین
اوٹھا جلد ہی قدم وہ دیکھ آگی کوچۂ جانان ہے
نظر پڑتی ہی جس منہ پر ہین اک شعلہ روشن ہے
تماشا دیکہ لی عاشق سراسر چراغان ہے
پڑی زنجیر پیرون طوق لپٹا آکی گردن مین
جنون میرا اسیر آرزو سامان زندان ہے
وہی رفعت ہی دیوانی کی میری بعد مرنے کے
ہوا کے ساتہ گرد و ہیر غبار تن پریشان ہے

۳۱۴	ولہ	۱۲

کہین کیا دست وحشت کا کہانتک ہمنے پہیلا ہے
کہ اب تار گریبان ہے نہ باقی تار دامان ہے
مقام سیر ہی کنج لحد بہی یاد گلرو سے
جگہ کے داغ گلشن ہین کفن صبح گلستان ہے
بڑہی لو اور چالا کی جیبہی جو پاؤن مین کانٹے
کہ پائی آبلہ اپنا سرا کخار مغیلان ہے
یہ حالت ہی کہ ہی زنجیر بہی محتاج نالی کے
ہلا سکتے نہین پاکو بہانتک تنگ زندان ہے
بہلا کیا زندگی کا لطف محبسی تا تو انکو ہو
کہ ہل جانا ہر رو کا قضا کا میری سامان ہے
مرا لطف اسیری ما تم صیاد ہی اے دل
کہ آغوش قفس تک آتی آتی رخصت جان ہے
بہار سبزۂ نو دیکھتے ہین جوش گریہ ہی
دل وحشی کی بہلانی کو مرقد بہی بیابان ہے
کیا چاک بدن جب کچہ نہ پایا دست وحشت نے
یہانتک اب برہنہ ہین کہ اپنی جان عریان ہے
نہین مدفن ہین بہی آرام بسترِ غم پہ نالۂ شب فرقت
صدا ہی نالۂ مرغ سحر سے دل پریشان ہے

بہاکر خون پہینگے کفن کا ماتمی لالہ کا
کہ اپنی وجہ خونریزی حنا وستہ جاناں ہے

ہوا تیغ تبسم سے جو کشتہ دلربائی میں
بشکل گل ہر ایک زخم بدن شاد ستی خنداں ہے

٣١٥	بجز فضل خداوند حقیقی کون ہی اوسکا نسیم بیکس و مضطر غریق بحر عصیاں ہے	٥

وصل کے نام سے آزردہ جو تو ای جاں ہے
منفعل ہوں کہ مری لمیں ہی زباں ہے

آج سمجھے تری کہنے سے کہ اے شکر تو کہہ
جس سے مر جاتے ہیں عاشق وہ ستم احساں ہے

کہنے سُنی سے بدل جائے یہ کیونکر زاہد
کیا ہمارا دل بیتاب ترا ایماں ہے

سمجھ دیکھیں ترے ساقی اونہیں راضی کر دے
سمجھ عاشق نہ سمجھے ملیں کہیں حیراں ہے

اے حیا آج تو للہ کنارا کر جا
مختصر وصل کی ہی رات صنم مہماں ہے

٣١٦	ولہ	٥

اثر نصیب کی گشتگی کا مریں میں ہے
نہ چین دشت میں مجھکو ملا نہ گھر میں ہے

خیال دوست سے آنکھوں کو روشنی بخشی
سدا وہ چاند سا مکھڑا مری نظر میں ہے

ہتوں کے عشق نے پتھر بنایا مجھکو
نہاں یہ سوز مثال شرر جگر میں ہے

صفا سی حسن چھپا سی ہی چھپ نہیں سکتے
نظر یہ چڑھ گیا آئینہ کو کہ گھر میں ہے

٣١٧	فراق یار نے زندہ بگور مجھکو کیا نسیم اپنا ستارہ اجل کے گھر میں ہے	١٧

اوس گل کا جلوہ گر جو سراپا نظر میں ہے
دہوکا ہمیں نشان دہاں کمر میں ہے

ہے شب سی فکر یار و غم ہجر میہماں
دلکی طلب میں کوی خیال جگر میں ہے

صیاد کر قفس شکنے کا نہ اہتمام
کب زور اسطرحکا مری بال و پر میں ہے

دوزخ کے تیز کرنے کو لیجائینگے ملک
وہ شعلۂ فراق جو مری جگر میں ہے

دو چار کیا کہ لاکھ جگر سے گذر کیا
کیسا غضب کا زور خدنگ نظر میں ہے

افسوس اذن ضعف اسی ہی تو اپن | وہ اشک مضطرب جو اسیر نظر مین ہے
پیغام مرگ سنتی ہی بیہوش ہو گئے | کس درجہ جوش بیخبری اس خبر مین ہے
کھٹکا ہی ہی غفلت تقدیر سے مجھے | بھولے نہ قصد وہ جو دل نامہ بر مین ہے
کڑوے ہوئی ہوا ایسے جو منہ سی لگا کے تم | کس خاک تلخ کا یہ مزا نیشکر مین ہے
تابان نہو بصورت خورشید دفعتاً | داغ وداع یار حجاب سحر مین ہے
اے روح کر نہ جسم سے اپنی مفارقت | یہ ایک پیرہن ہی جو تیری ہی بر مین ہے
کہتا ہی بوسہ لب شیرین یہ بار بار | وہ مہرہ ہون ازل سے جو تنگ شکر مین ہے
نالون نے شب جو سینۂ شب فراق کے | ہی تہرتہری زمین کہ فلک الحذر مین ہے
آنسو ہین پاک رشتۂ اسباب دہر سی | سوراخ تک نشان نہین اس گہر مین ہے
وہ نقطہ ہون ازل سے جو لکہا گیا ہی فرد | مطلب کے تحت مین ہی کبہی فوق زیر مین ہے
آنکھین لگے ہین طرف در تمام رات | دل اب بہی جذب ہی کے فریب اثر مین ہے

٣١٨	دیکھا کبہی بہار لحد مین بسے الے نسیم کیا لطف اپنی گلشن داغ جگر مین ہے	١٣

بلند بو نہیں ہی اپنی ہستی اوج کس خاکسار مین ہے | پسند آئی فلک سے پستی وہ سرفرازی غبار مین ہے
خوشی شب روز رو رہے تہی تبسم انگیز گفتگو تہی | ہمیشہ ہنس ہنس کی جو ہی تہی ہین تنگ مزار مین ہے
عجب طرح جلکی پہی ہی مشکل ہوئی ہین وقت مقابل | بدن تک قید کفن ہی حال کفن جو قید مزار مین ہے
بدن سے لپٹا کفن کا جہگڑا اجل سے چھوٹی ہین تحتیا | سمجھ کے آئی تہی جا بہی تنہا سو یہ بکھیڑا مزار مین ہے
فراغ زیر لحد کہان ہے وہان ہے تکلیف امتحان بہی | بدن تو اس مرحلہ نا توان ہے زمین افشار مین ہے
اسیطرح انتشار میں تہا ہماری جب اختیار مین تہا | جو عالم اوسکا کنار مین تہا وہ حال اپنا فشار مین ہے
سپہر اور خنجر مٹا دیجی گر ستم مین قاتل لحاظ کسکا | دبی ہین زیر زمین کی نیچی اعضا رگ گلو اختیار مین ہے
بہ سیارہ سے جل بل نہین ملا دین کہین نہ یکتا وہ دیکھا دین | جو گود مین آج تو بہا دین یہ مزا اختیار مین ہے

لیے جو یہ شی ہوشیار قصور وہ کے ہو بیچ گیا ہان ۔ خفا نہ ہو ابھی اجل مری جا ہو ابھی بس و کنار مین ہے
یہ نہ جو دیکھا ہو ابھی عالم کہ سو گیا تھا جو یار کے ہم ۔ کئے برس جو چلی ہین یہ ہم یقین ہے دلبر کنار مین ہے
نہ پوچھیے لطف زندگی کا ہو اٹھی حال زار اسیر ۔ کہ جس سے ملے جسے تمہارا وعدہ تزلزل اعتبار مین ہے
لیس از رفتار فتنہ مین ہم یہ نصیحت عزیز ہیچ کم ہین ۔ زمین کے آغوش مین جو ہم ہین یہ ہین فلک کے کنار مین ہے

۳۱۹	نسیم کیا جستجو سے ہوگا نہین ہی تقدیر مین جو لکھا سوائے سرگشتگی بیجا بگولے کے کیا کنار مین ہے	۱۴

مخلصے کب ہی کہ مرغ روح قید تن مین ہی ۔ جان یہ نہین ہی بدن آغوش پیراہن مین ہے
رو رہا ہی وہ بھی میرے اضطراب اشک پر ۔ کوئی آنکھ مین تڑپتا ہی کوئی امن مین ہے
انقلاب ایسا دکھا اے لطف قاتل آج تو ۔ زخم مین آئی جو وہ درا و یدہ سوزن مین ہے
بعد مردن دیکھنا دیوانگی کا سیر اوج ۔ ماہ نو ہوگا وہی طوق آج جو گردن مین ہے
خاطر صافی مین تیرے کس طرح سے آئیگا ۔ وہ جو میرے قتل کا کینہ دل دشمن مین ہے
گدگدی ہونے لگی پائی نگاہ یار مین ۔ فرش نظارہ جو اپنا دیدۂ روزن مین ہے
بعد مردن آرزو مین خاک سے پیدا ہوئین ۔ سیر الاشہ صورت دل سینۂ مدفن مین ہے
خون روئے عمر بھر اغیار صورت دیکھکر ۔ میرے زخمون کا نمک شاید تری چتون مین ہے
زخم کے دامن مین اے قاتل چھپیگا تو کہ ہم ۔ چشم کی صورت جو حلقہ جوہر آہن مین ہے
گل ہوا جب غنچہ شرم نو عروسی پھر کہان ۔ شاہد رو پوش ہی جبتک کہ پیراہن مین ہے
سجھ گئے پھر بھی یہ تجلی شمع دیکھ صبح تک ۔ اشک کا خرمن لگن کی گوشۂ دامن مین ہے
لگ گئے سینہ خاک کسکی حسرت پابوس مین ۔ اک بگولا سا مری گرد رم توسن مین ہے
اتحاد یکسوئے نے کر دیا روشن ضمیر ۔ کھل گیا صاف آئینہ جو شکوہ دل بدظن مین ہے

۳۲۰	باغ ہستی کی ہوا سے سیر پھر کیا اے نسیم ہو سکیگا مردہ جو گل سر کی گلشن مین ہے	۷

توہی آتا ہے نہ آتی ہے قضا — دیکھتے ہین جسکو وہ آزردہ ہے
جسطرح جی چاہی رکھین میرا دل — جانتے ہین وہ کہ مال مردہ ہے
منزل الفت مین رکہین تو قدم — رستم و سہراب کا کیا گردہ ہے

٣٢٣	کون سُنتا ہے تمہاری ای نسیم کسکے پاس خاطر افسردہ ہے	٩

سُن لے یہ التماس مرا دوستانہ ہی — ہشیار ہو کہ تیرا اجل کا نشانہ ہے
کبتک رہیگی مسند کمخواب زیر پا — کاہ خمیدہ یار ترا شامیانہ ہے
دنیا کے مخمصی ہین یہ فرزند و اقربا — بیگانہ سب سے ہو کہ اجل کا یگانہ ہے
ای عندلیب جان چمن تا بہ چند پہول — ویرانہ ایک روز ترا آشیانہ ہے
انفاس مستعار پہ کیا اعتبار زیست — اک دم مین مثل موج صبا تو روانہ ہے
یہ جلوہ ہای بوقلمون بے ثبات ہین — ہی زندگی طلسم جہان اک فسانہ ہے
رکتے نہین ہی باگ کسی شہسوار سے — ہر دم سمند عمر کو اک تازیانہ ہے
کیا سرکشان دہر کے قصے نہین سُنے — کیا ہو گئی وہ لوگ کہان وہ زمانہ ہے

٣٢٤	کہنا تہا جو نسیم تجھے سب سنا چکے نزدیک اختتام ترا کارخانہ ہے	٧

سرمست کس کی چشم سیہ مست ساقی مستانہ ہے — گردش سر ہے مثل گردش پیمانہ ہے
اسقدر بیہودہ دیکہو عادت پیمانہ ہے — آشنا ہر لب سے اور ہر ایک ہی بیگانہ ہے
جو سخن منہ سے نکلتا ہی مستانہ ہی — ہمدمین مینا ہی ہر لب پیمانہ ہے
اشک محرومی سی کیا امید رکہین بد نصیب — ابر رحمت سے نہ ہو سرسبز پژمردہ دانہ ہے
پردہ عصمت نہین ہوتا حسینون کا حجاب — شمع کا فانوس مین حسن مستورانہ ہے
آجتک باقی وہی ہی مجنون تاثیر جنون — کہائی جس کتے نے ہڈی وہ سگ دیوانہ ہے

۳۲۵	ساکن مسجد کبھی گہہ معتکف ہی دیر کا ملت و دین نسیم دہلوی رندانہ ہے	۷

گلے پر آج رکھکر تیغ قاتل نے اوٹھا لی ہے
فقط دست اجل پر اب مشکل کشائی ہے

پھر اجاتا ہی قاتل کرکے وعدہ قتل کا مجھسے
دو ہائی ہی دو ہائی ہی دو ہائی ہی دو ہائی ہے

لپٹ جاؤ وہ ڈر کر تو خود گلی سی تیغ قاتل کے
کدورت دور کر اے دل اگر ذوق صفائی ہے

اثر ہی فراق یار سے جیا ل پونہچا ہی
نہ تن سی جانکو اور جانکو نہ تن سے آشنائی ہے

نہیں حاصل ہی مطلق مزرع دنیا سے کچھ ہمکو
مگر کچھ دانہ ہائی اشک خجلت کے کمائی ہے

تہی ساغر ہی گردن خم ہوئی جاتی ہے مینا کی
جہاں سے آج تیری مست کا وقت جدائی ہے

نہ آئیگا نہ آئیگا وہ بالین پر عیادت کو
خدا جانی مری جانب سے کیا دشمن سجہائی ہے

۳۲۶	ولہ	۱۰

کہلے ہی آنکہ جوش انتظار یار جانی ہے
بشکل دیدہ زنجیر خواب پاسبانی ہے

لبہ پر آچکا دم کوئی دم کی زندگانی ہے
چل او ٹھا دیو فا پہلو سی کیسی مہربانی ہے

لگا دوں آگ اف کرنی میں شعلہ زبانی ہے
بشکل شمع سارے جسم میں سوز نہانی ہے

کلام حضرت واعظ نصیب دشمنان بادشہ
اونڈیلا جو میں ساغر کہاں پہر نوجوانی ہے

اونگلیں ہیں جو بیعت میں پہر ہیں ہستیاں ملین
ہوئی جاتی ہیں آنکھیں بند کیف نوجوانی ہے

عذاب غفلت قاتل سی کج کشمکش میں ہوں
بہ دام مرگ بی تقصیر ذوق جانفشانی ہے

خبر کیا پوچھتا ہی ہمنفس کیونکر گذرتی ہے
جگر جلتا ہی دل ہنستا ہی اشکوں کی روانی ہے

ادا و ناز ایما چشم غمزہ گو وہ کوئی ہو
تعلق جس سے ہو جاتی بلا ہی ناگہانی ہے

پسند آئی ہے اسقدر جہ اذیت دوستی ہمکو
نظر میں موج ہی سبہی دشت مصیبت کے سودائی ہے

۳۲۷	خیال سبزہ زائی اسی نسیم دہلوی کب تک پھسلو ٹیکی ہی ہوئی ابر رحمت الٹی جوانی ہے	۴

دیتے ہو بوسہ تو کہیں لاؤ بہے — خیر کسے طرح سے شرماؤ بہے
آپکے وعدون کو ہمارا اسلام — دیکہ چکے خوب ایسے جاؤ بہے
ہم تو ابہی صلح پہ موجود ہیں — فیصلہ یارو کوئے ٹہیراؤ بہے
نقل کباب جگر سے کیجیے — کہاؤ مرے سرکی قسم کہاؤ بہے

۳۲۸	ولہ	۵

پہر اوسکے پہندے میں جا رہی ہیں کہ جسکے پہندے میں جا چکے تہے — وہ پہر مصیبت اٹہا رہی ہیں کہ جو مصیبت اٹہا چکے تہے
کہو جو بیجا بجا ہی مجکو سزا ہی جو نا سزا ہی مجکو — گلہ نکار و نا پڑا ہی مجکو جو پہلے تو تنک رولا چکے تہے
جو اونکے خو تہی سو اونکے تہی جو گفتگو تہی سو گفتگو ہی — پہر انسے ملنی کی آرزو ہی جو ہر طرحسے ہٹا چکے تہے
عدو کا میں تہمتن عدو ہو تقریر لب آپکی ہو بجی سب — بہلا بدلتا نہ رنگ کیونکر وہ رنگ اپنی جما چکے تہے

۳۲۹	کسیسے کوئی نہ دل لگائے نسیم کیا کیفیت بتائی وہی آب آنسو بہائی آئی لہو جو پہلے بہا چکی تہے	۳

خوف مانع ہی ترا و ستم ایجاد مجھے — ورنہ سمجہائی ہی کیا کیا مری فریاد مجھے
کیا کڑی ہی آنکہ سے زنجیر جنونکو دیکہون — حیا ہی ہی ادب حضرت جلاد مجھے
ہاتہ ہر وار میں جو میں ہیں تصدق ہو کر — یاد کرتا ہی پس از مرگ بہی جلاد مجھے

۳۳۰	ولہ	۴

ملا ہی دل بہی محبت سے داغدار مجھے — خدا نے آنکہ بہی دی ہی تو اشکبار مجھے
ہوا و فہم میں تیغ دو نیم ابرو سے — دکہایا یار نے اعجاز ذو الفقار مجھے
ہوس یہ ہی کہ ہنسینگے سو لب پہ لاتا ہی — تبسم لب زخم دل فگار مجھے
عدم بہی ہو کی چہٹا میں نہ قید ہستی سی — بنایا کاہش غم نے میان یار مجھے

۳۳۱	ولہ	۵

کیسے سجدے سے ہوئی کافر نہ کچہ دل میں [illegible] مجھے — ہمیں بندہ بنایا ہی بت بیستے خدا سمجھے

کلام ناسزا بھی جو ہوا سرزد سزا سمجھے
وہ گو تم نے کہا بیجا مگر ہم سب بجا سمجھے

نہ دشمن دوست ہو نہیں اور نہ بیگانہ یگانہ ہیں
جو وہ سمجھے تو کیا سمجھے تو یہ سمجھے تو کیا سمجھے

کہا میں نے اوٹھا و ہاتھ تم بھی پیر مشکل ہے
تو بولی ہم سے مستدعا دعا کی عا سمجھے

حباب آسا کوئی لحظہ ثبات عمر فانی ہے
جو عاقل ہو وفائی زندگانی بیوفا سمجھے

۳۳۲	ولہ	۹

مرے جان رنج گھٹتا ہی تھم اگلی اب نہ ٹہرا ہی
ادہر آتی ہی ادہر آتی ہی ادہر آتی ادہر آئیے

کہڑے کب سے ہم سراہ ہیں کہیں جلکیں کچھ بیاہ ہیں
ہدف خدنگ نگاہ ہیں فقیر آنکہ ادہر بھی بلائیے

بھلا آنا آپکا کام ہی یہ تمام طرح تمام کلام ہی
ابھی بس ہمارا اسلام ہے کہیں اور باتیں بنائیے

تہ تیغ تیز ہی اک جہان کوئی کشتہ ہی کوئی نیم جان
جو ہو تیغ تو چھریاں کبھی ہاتھ ادہر بھی لگائیے

کبھی مے سے منہ کو نہ توڑی ہو شراب چھوڑی
سر محتسب سے نہ توڑی جو کمال غیظ پر آئیے

یہ کمال لطف ہی ساقیا ہمیں ہوس ہی ہی عا
رہے ہوش ہی نہ خیال پا اگر ایسی مے پلائیے

جو وہ قوم حیثیت سے سر آب ہو تو جہان تختۂ آب ہے
ابھی نوح کا سا عذاب ہو اگر اشک چشم بہائیے

وہ کہا عدو سے ہی ہی کیا کہ ہمیں ہیں آپ جیون خفا
یہ غضب یہ جھوٹ یہ افترا مری سامنے تو بلائیے

۳۳۳	غزل ایسی کامل وزن متفاعلن متفاعلن ہو ہی نسیم طاقت ہوش سن کوئی شعر اور سنائیے	۳

نہ یوں نیچے کیے گردن کو چلیے
ذرا دیکھے کیسے جیتوں کو چلیے

ہجوم کشتگان اسے جان بہت ہے
ذرا روکے ہوئے توسن کو چلیے

تصدق ہونے والے بس بچائیں
اوٹھائے ہاتھ سے دامن کو چلیے

۳۳۴	ولہ	۷

آجاتی ہے موت بلبل ناشاد کے لیے
تکلیف رحم بھی نہ ہو صیاد کے لیے

جاتے ہیں جسطرف دل شوریدہ کھینچ لے چلی
اب قید کیا ہے بندۂ آزاد کے لیے

عہد سکوت توڑ دیا ہجر یار نے — منہ کھولنا پڑا ہمین فریاد کی لیے

اے چرخ ڈہونڈکر کوئی تسکین دل پذیر — رکھ چھوڑنا مری شب فریاد کی لیے

او تیرے ملک فلک سی حسینونکے دیدنی — کیا مرتبے ہین حسن خداداد کے لیے

گھبرا گیا کشاکش ہستی سے اپنا دل — پھر بیٹھے راستے عدم آباد کی لیے

۳۳۵	ہر رنگ مین نظیر تمہارا نہین تسلیم زیبا ہی رشک حاسد ناشاد کی لیے	۳

جو چوٹ ہی اے دل ترے خالی نہین جاتے — آخر کو وہی کی جو سنبہالی نہین جاتے

اللہ رے مکار خدا تجہسے بچائے — رونین بہی پہر کی بحالی نہین جاتے

جو بات نہ کہنی تہی وہی یار سے کہدی — ابتک بہی مری ہرزہ خیالی نہین جاتے

متفرقات

ہو زبان بند جو محشر مین مرا نام آئے — سوچ رکہنا کوئی افسون کہ وہان کام آئے

دیوانگی مین جب کہ ہر اک سی بگڑ گئے — زنجیر اہل درد تہی وہ پاؤن پڑ گئے

بہلا ہم اور کیا تکلیف دیجان بن جاتے — کچہ اپنا حال دل کہتے اگر تم مہربان ہوتے

قفس سے ایکدم ملتے اگر فرصت ہائی ہوتے — چمن مین بیٹہ کر یا ہم شریک دوستان ہوتے

مغرور کو تسلیم کے پروا نہین ہوتے — توڑ ایسے بہی خم گردن مینا نہین ہوتے

مقتول خدنگ نگہ ناز کے آگے — کچہ عزت اعجاز مسیحا نہین ہوتے

بہت کچہ کر چکے تدبیر سے — پہر اب وہ کیا کرین تقدیر سے

خبر خود ہو رہی گے اونکو اے دل — کہ میرے ساتہ ہی زنجیر میر سے

سلے رہتی ہین دامان دو گیسوئی تو رسے — تعلق ایکدن ہو گیا شانہ کمر سے

خدا ہی جانے کیا گذری ہی تین عاشق تک — کہ پوتے نوعروسی آتی ہی پہولونکی چادر سے

کام کیا نکلے کسی تدبیر سے — آدمی مجبور ہے تقدیر سے

روتی ہی حال پر وہ قتیلان یار کے
آنسو تو پونچھ دو کوئی شمع مزار کے

سے لے ابتو گالیاں تجھی یار کہا چکے
بس او زبان دراز بہت کچھ اٹھا چکے

ایجان اب نہین ہوس مخلصی ہین
وہ چھوٹنے کے رنگ گلستان سے جا چکے

آیدل پھر اوسنے دوستے کی
اوخانہ خراب پھر وسے ہے کے

کیونکہ ہوا ہی وصل صنم و لیسے جائینگے
عادت بگڑ گئی ہی یہ مشکل سے جائینگے

رہتی نہین آغوش کبھی یار سے خالی
پھرتے ہے نہین حسن کے بازار سے خالے

مرقد مین جو دیکھا تو نکیرین ہین موجود
آغوش لحد بھی نہین اغیار سے خالے

یہ کرلے شرط تو اے یار سے پہلے
کہ ہوگا حشر سے دیدار سے پہلے

یہانتک تھے حریص نالہ بلبل
نکالے بیضے سے منقار سے پہلے

کیا جلوہ حسن خود نما ہے
سبحان اللہ واہ وا ہے

بیٹھے بیٹھے یہ بیقرار ہے
کچھ خیر تو ہے یہ آج کیا ہے

کھلتے ہے جب آنکھ طول شب ہی
کٹتے نہین رات کیا غضب ہے

دلکو خیال کاکل عنبر شمیم ہے
ہر وقت مجکو مشق الف لام میم ہے

کس سخت جان کے ذبح سے تو بچا ہے [illegible]
ابروکی یہ جو تیغ ہلالی دو نیم ہے

دنکو ہجوم نالہ و زاری شبکو فریاد و آہ و فغان ہے
فائدہ کیا اسکے سینے تا صبح لاگ لگی [illegible]

نور دل ہوس کیسے ہند و مین نہین ہے
جو بات ہی عارض مین وہ گیسو مین نہین ہے

سمجھا ہین جسے ڈھونڈھتی ہے یا قسم لوگ
پہلو مین نہین ہی وہ پہلو مین نہین ہے

سیکڑون [illegible] ہی زنجیر مرگ [illegible] ہے
واہ کیا شوکت سامان گنہگاری ہے

[illegible] مرگ لحد کا فشار باقی ہے
بڑی بڑی خلش روزگار باقی ہے

چار دن [illegible] زمین مین دفن کرو
ہمارے بعد نہین اختیار باقی ہے

تجھے غم ہی تجھی اسی [illegible] جا لی ہے
تری آغوش مین [illegible] آغوش خالی ہے

دزدیدہ نگاہ ہونگے اشارے نہین اچھے ‏— یہ ڈھنگ سے پہچان تمہاری نہین اچھے
آشنیے سینے سے لپٹ جائیے — آج تو للہ نہ شرمائیے
لاؤ وہ خنجر تو اوٹھادے ہمین ✤ — روز یہ کہتے ہو کہ مرجائیے
منہ سے ہٹاتے ہین احبا کفن — دیکھنے ہو شکل تو جلد آیئے
کھلے جو مزاج بت بیہوش ہین آئے — سمجھینگے کسی روز اگر ہوش ہین آئے
دہوکا او نہین اسکو نے دیا شکل بدل کر — سنتا ہون گہر ینکے بنا گوش ہین آئے
سمجھ کے تازہ خریدار گرمجوش مجھے — بلا رہی ہے نگاہ اجل فروش مجھے
لحاظ بیخبری ہی او ٹھائین سر کیونکر — بہت دنون سے نہین التفات ہوش مجھے
اوٹھا سکونگا نہ تکلیف پیرہن ہرگز — وبال سینگی ہے لباس دوش مجھے
ہان کوے تدبیر بتادیجیے ✤ — دل تو دیا اب او نہین کیا دیجیے
ضد یہ نئی ہے کہ مرا لیکے دل — کہتے ہین ایک اور بہی لا دیجیے
کار دین یا فکر دنیا کیجیے — زندگی تہوڑی ہی کیا کیا کیجیے
چاک ہو خود وہ لباس ناتوانان چاہیے — شب کا دامن صبح کا ہمکو گریبان چاہیے
ہین تعجب خود وہ خاک ہون ظالم کہ میرے واسطے — اک ہوا ہی جنبش دامان مژگان چاہیے
جو پوچھین او دنا سے تو کہنا یہ تیر شید اکی گفتگو ہے — خلاف وعدہ وہ پہر چکا جی سب صبا وفکی آرزو ہے
بہرا نہین ساقی سنگا کی گالی تمام شہ ہو ہی بین چھلکے — ہوی ہین شیشے سے ختم آلی شراب کا ہیکو بہی لہو ہے

مخمس غزل نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان بہادر متخلص بہ جابل

بوسہ دیتے مین غضب لائیے گا — جہوٹہ سچ بول کے سمجھائیے گا
آج تو کہتے ہو کل پائیے گا ✤ — کل ہے من پہیر کے فرمائیے گا

آج گہر جائیے کل آئیے گا

سچ تو اغیار سے فرمائیے گا — جہوٹے فقرے مجھے بتلائیے گا

میں سمجھتا ہوں جہاں جائیے گا
میرے گھر کا ہی تو آپ آئیے گا

غیر بنیادی ہی کو بلوائیے گا

غصہ اوترے گا تو غم کھائیے گا
رنج تنہائی سے گھبرائیے گا

ابتو کیا ہو شمیں جب آئیے گا
میرا دل پھیر کے پچتائیے گا

ایسا جانباز کہاں پائیے گا

مدتوں لطف ہزاروں دیکھے
ایسے بیزار نتھے وہ پہلے

ابتو بگڑے ہیں یہانتک ہمسے
وصل میں کہتے ہیں بیٹھے بیٹھے

آپ سایہ میں لپٹ جائیے گا

چند ساعت میں وہی ہی سامان
جسکا تھا دل میں تمہاری ارمان

پوچھتے کیا ہو یہ ایجان جہان
کسطرح ہجر میں جاتی ہے جان

دیکھنے سیر چلے آئیے گا

گر پڑے اشک جو بنکر اولے
ہنسکے فرمایا کہ اچھا روئے

جب کہ اندوہ کے دفتر کھولے
سُنکے حال شب فرقت بولے

کہیے کچھ اور بھی فرمائیے گا

روز کل کل ہے کہ کل آئیے گا
کوئی کسے کل سے یقین ہو جسکا

آجکل ڈھنگ تمہارا ہے نیا
کل گئے آج ہے کل کا وعدا

جیسے کل آئے تھے کل آئیے گا

نہ ہلا مسل کہ پیمن جاسے
کوئی مر جائیگے رکھتی نہیں سے تھے

کسطرح رات کٹے گی ہمسے
دیکھیے جان پہ کیا بنتی ہے

آپ تو اُٹھکے چلے جائیے گا

پارسا بنکے جو آتے ہیں آپ
اب کھلا جال میں لاتی ہیں آپ

ہنسے ظاہر یہ دکھائی ہین آپ	چھپکے غیرون کو بلاتے ہین آپ

دیکھیے دیکھیے پچھتائیے گا

جو کہ مشتاق دعا ہوتے ہین	کب وہ پابند حیا ہوتے ہین
منہ سے اقرار سدا ہوتے ہین	ایسے ہی وعدہ وفا ہوتے ہین

ہان بجا سچ ہے ضرور آئیے گا

ہوے وین آپ اگر ہین شاہد	پھر منائینگے خدا سے شاہد
ہم ہین آزاد نہین کچھ زاہد	جیتے جی ہو جیسے واحد شاہد

کچھ قیامت مین نہ کام آئیے گا

کس لیے گنتے ہو گھڑیان چھ سات	جانتے ہین کہ بہت کم ہی رات
جیمین چل دینی کی سوچی ہو گھات	ہم وہ ہین دل کے سمجھتی ہین بات

آپ کچھ منہ سے نہ فرمائیے گا

خیر بہتر ہے اب ایسا نہ سہی	ہر سحر گردش بیجا نہ سہی
یون ہی منظور تو اچھا نہ سہی	روز کے آنے کا وعدہ نہ سہی

چلتے پھرتے تو کبھی آئیے گا

ان دنون تمنے جو پرسش کم کی	آرزو ہے گلہ پیہم کی
گو کہ تکلیف تو ہی کچھ دم کی	بات رہ جائے مریض غم کی

دو گھڑی بیٹھ کے اٹھ جائیے گا

جب پسند آئے گا اچھا کہنا	ننگ سمجھو گے یہ بیجا کہنا
ورنہ ہوگا کبھی میرا کہنا	ٹوٹ گئے ربط تو پھر کیا کہنا

لاکھ بار آئیے گا جائیے گا

سیل خون گریہ نہ بہکے نکلے	پھر بہت رنج یہ سہکے نکلے

چند دن تن میں جو رہ سکے نکلے	روح قالب سے یہ کہکے نکلے

دل کسی اور سے بہلائیے گا

خون کس کس کا کرے گی نہ یہ آنکھ	کیا مرے جان کو لیگی نہ یہ آنکھ
سچ کیونکر مجھے دیگی نہ یہ آنکھ	پہینتا ہوڑ سے تو رہیگی نہ یہ آنکھ

ایک کروٹ میں بدل جائیے گا

یہ پشیم آپکا حیران ہے یہ	دین ہے یہ تو ایمان ہے یہ
دشمن جان و جگر یان ہے یہ	اسے خلیل اقعے پہچان ہے یہ

زلف کو چہوکے خطا پائیے گا

ایضا

حکم پوچہینگے تو فرمائیے گا	آج چکمہ کو سے دیجائیے گا
رنگ اب اور ہی کچہ لائیے گا	کہیل مین جان پہ کہلائیے گا

ہمکو شمشیر سے سر آئیے گا

سوزش غم سے شرر دلپر ہین	ڈہیلے آنکہ سے نکے نہین انگر ہین
خشک لب تفتہ جگر مضطر ہین	تشنہ آب دم خنجر ہین

تہوڑا پانی ہمین پلوائیے گا

پوچہتا کیون نہ ہہر ون مین ہر سو	کہ نہین عقل کو ملتا پہلو
سخت حیران ہون یہ کیا ہی جادو	تیغ بنجاتے ہین کیو نکر ابرو

لاگ کچہ اسکے بتا جائیے گا

لو وہ دلکو مرے بہلاتے ہین	باتین تسکین کے کہہ جاتے ہین
جب عیادت کو مری آتے ہین	نزع مین دیکہکے فرماتے ہین

ہم چلا لینگے جو مر جائیے گا

رنگ اب اور طبیعت لائے ۔ آگ غیرون نے بہت ٹھہر کائے
مین بھی تدبیرین ہون سودائے ۔ دولت وصل اگر ہاتھ آئے
میری قسمت کی قسم کھائیے گا

شام کا وقت ہی اور کیف شباب ۔ چھا رہی آنکھ مین کچھ مستی خواب
غور لازم ہے بس اسوقت جناب ۔ دے نہ تکلیف خط جام شراب
بال پانے مین نہ پے جائیے گا

دست فیاض کہین رکتا ہے ۔ مانگیے حوصلہ ہان جتنا ہے
رات دن باب عنایت وا ہے ۔ اوسکے درگاہ مین کمتی کیا ہے
جو طلب کیجیے گا پائیے گا

اور افسانہ کہون آپ سے کیا ۔ ایک نیا قصہ ہے سنیے تو ذرا
صبح تک شبکو رہا یہ جھگڑا ۔ چشم تر نے دل سوزان سے کہا
ہم برس لینگے تو گرمائیے گا

کون کہتا ہے کہ گھر رہیے آپ ۔ ہان وہین آٹھ پہر رہیے آپ
بلکہ بیخوف و خطر رہیے آپ ۔ غیر سے شیر و شکر رہیے آپ
ایکدن اسکا مزا پائیے گا

کیسی تقصیر ہوئے کیا ایسے ۔ جو شب و روز نظر ہے ترچھے
صاف کہیے کہ یہی اب ٹھہرے ۔ ترک تب کیجیے گا سکونت دل کے
اپنی گھر مین نہ کبھی آئیے گا

اے نسیم اب تجھے فرصت ہی قلیل ۔ لاکھ ہے ختم مضامین کی دلیل
بسکہ ہین آپ طرح دار جمیل ۔ کس عنایت سی وہ کہتی ہین خلیل
شام کو آج ضرور آئیے گا

ایضاً

کچھ خبر یہ بھی ہی فریادِ عنادل باغمین — کوئی پہولے گا شگوفہ آج اے دل باغمین
موت کا سامان ہی یہ رنگ محفل باغمین — زعفرانی پہنے ہی جوڑا وہ قاتل باغمین

ہنس رہی ہین گل یہ رنگ زخم بسمل باغمین

دیکھ الفت کے اثر جل تو بھی اے دل باغمین — یہ تماشا یاد رکھنی کے ہی قابل باغمین
نام عاشق اوس سے ہوتا تھا جو حاصل باغمین — آگے فرماتا ہی وہ لیلی شمایل باغمین

بید مجنون کے تلے ٹھہرا وہ محمل باغمین

خوب گلگشت مین ہوین جام مے احمر پیے — تازہ مان ہوش جو جو کچھ ارادے تھے کیے
اے صبا خود رفتگی ہین وہی گل کیا دیکھیے — چاہیے سیر چمن رنگین مزاجون کے لیے

ہمسے دیوانی ہین کب جانیکے قابل باغمین

کچھ دنون ہی سربلندی پھر وہی افتادگی — اپنے اپنے وقت پر ہر شے کو تباہی ہی
تخل عمریان تشنہ ہی پہولی ہرینکھڑی — آمد باد خزان کیا ہی قیامت خیز تھی

شور محشر ہو گئے آہ عنادل باغمین

کیا خداوند ازل نے حسن کو بخشا فروغ — جلوہ گر ہوتی ہی اوسکے شمع گل تھا فروغ
خود نمائی پر جو آیا روی روشن کا فروغ — پرتو رخسار جانانسے بڑہا ایسا فروغ

چاندنی کو ڈہونڈتا ہی ماہ کامل باغمین

اسقدر طوفان اٹھا اشنا ور ڈر گئے — باغبان صیاد گلچین غرق ہوکر مر گئے
حوصلے دریا دلیکے تھے برپا کر گئے — بحر اشک بلبل گریانسے جل تھل بھر گئے

خاک دیکھین شاہد گل لطف ساحل باغمین

لاکھ پھولونسے زیادہ ہین ہمارے دل کو داغ — دیکھتا ہی جب کبھی ہوتا ہی وہ گل باغ باغ
ہی یہی باعث یہ نفرت گلچین سے ہی اوسکو فراغ — سیر گلشن سے شگفتہ ہو گا کیا وہ خوش دماغ

بوی گل ہی مثل دود شمع محفل باغمین

دور سے تسلیم اونکو جو بتاتین مکررات | صدقی اوسپر گیا ایدل جو کہے دلکی بات
کیا بجا فرماتی ہین حضرت الاخوش صفات | جانب مرکب سبکرو جونکو کب ہے التفات

لیلے نکہت نہین محتاج محمل باغمین

تازگی پر ہے جو درمشق تعلیم کہن | ہی وہم نظارہ افسون خیز لطف انجمن
یادگار سامری آتا ہی کون اوستاد فن | بنتے ہین جادو کے پتلے نوجوانان چمن

باغبان مین تا ہی آب چاہ بابل باغمین

ہی یقین تھوڑے سے عرصی ہین ہوا ایسی چلیے | کوئی پتون کو سمیٹے کوئی غنچون کو سلے
یہ مصیبت وہ نہین ایدل جو ٹالی سے ٹلے | دیکھیے کیا رنگ لاتین گل خزان کی دکھولے

آج مرغان چمن بیٹھی ہین بیدل باغمین

کیا بتائین حال دل اپنا تجھے اے چارہ گر | جو گذرتی ہے گذرتی ہی نپوچھ اسکی خبر
کرتے ہین برہم ذرا کر جوش الفت کی اثر | یاد آتی ہے وہ کاکل زلف سنبل دیکھکر

سر پہ اک کالی بلا ہوتی ہی نازل باغمین

آرہی ہین آج غنچے سے نکلے صدائین ہوشیار | ہی کہین شبنم کہین ایدل کہر چھکا ہی تار
گن رہے ہین ساعتین مرغان گلشن بار بار | کیا نوا ہی خارکن آکے الٰہی گے بہار

سنکتے ہین برگ شجر رشک جلاجل باغمین

آئی ہی فصل بہاری کہاں ہین لالی نئی گل | ہین گلابی پوش غنچی سرخ ہی پیالو نہین ل
بسکہ ہی رنگین مزاجی کا ہر اک عنابی گل | سلکے ہاتھون مین حنا کہتا ہی شوخی سی وہ گل

پنجۂ مرجان کا ہی اثبات مشکل باغمین

صبر کر سکتے نہین باقی ہی اب تو بلبلین جا کے | کیجیے ہمت بلا سی آگئی جو قسمت دکھای
نصف شب کی بعد سر بیدار کر جب نیند آے | لی اوڑین ہم شاہد گلشن کو کلیین نکھار کہای

عندلیبون نے یہ باہم کی ہی گوتسل باغمیں

واقعی ہے یہ مثل اکثر ہوا ہی امتحان
جو غلط یہ بات سمجھے دیکھ لے آکے یہان
خوف حاکم سے عدو ہوتے ہین کر مہربان
عندلیب و گل کی ہی مشاطہ ہی باد خزان

ہی جو ملک حسن کا وہ شاہ عادل باغمین

بعد مدت دیکھنے آیا دو دولت گاہ حسن
ہو گئی تہی چاندنی فرش فروغ ماہ حسن
صدقے ہونے کیلیے آئے تر فتحواہ حسن
سیر کو آیا جو گلشن کیطرف وہ شاہ حسن

بنگئے شاخ گل تر دست سائل باغمین

ای نسیم اب دولت مضمون ہے سینے قلیل
آتش غم مثل ابراہیم گل ہوئے دلیل
عرض کر نواب سے ای ہاتف بی کی جمیل
وصل اوس شاک چمن کا گر میسر ہو خلیل

آرزو اک عمر کی ہو جای حاصل باغمین

آفتاب چرخ عظمت حسن کہان ہے نظیر
دیکھ چشم غور سے ای ہمدم روشن ضمیر
ڈہونڈتا ہون جابجا ملتا کوئی دستگیر
حسن ابیات و زیر و ربط مصراع فقیر

کیون نہو ایسے غزل سننے کی قابل باغمین

قطعات تاریخ

قطعہ تاریخ بنای امام باڑہ حکیم یعقوب صاحب

سعد و بد تراشش و نویس انچہ باند
جو نصف گشت بکن باز نصف نصفش را
دو نیم کن دل آنرا کہ سخت و سنگین است
امام باڑہ بنا گشت سال او این است
۱۲۶۴

قطعہ تاریخ بنای مسجد وصی علیخانصاحب

چون جناب وصی علی خان را
در سخاوت کریم ابن کریم
شیعہ پاک و جان نثار حسین
حق عطا کرد خلق و ہمت و جود
مثل او در جہان نہ ہست و نہ بود
بندہ خاص حضرت معبود

مسجد کهنه از نظر بگذشت — بدل زر کرد و نو بنا فرمود

جلوه‌گر شد چو سجده‌گاه انام — گشت راضی رسول و حق خوشنود

بهر تاریخ سال گفت نسیم — اهل دینے چه افرخیه نمود

١٢٦٩

قطعه تاریخ وفات جناب غفران مآب حاجی محمد مصطفی خان صاحب مهتمم مطبع مصطفائی

رحمت حق لاتعد بر روح آن مغفور باد — واقعی چون مصطفی خان اندرین عالم کجاست

عابد و پرهیزگار و باذل و احسن خصال — داشت این اوصاف باهم گر ولی گویم بجاست

شوق کعبه ناگهان بیتاب بنمود و ربود — شد قدمبوس بخصوصیت پای عرش بس نجاست

بعد چندی جان مشتاق جنان سرطان گرفت — باطیور عرش اعظم هم مقام و همنواست

سال رحلت این چنین گفتا بخواهش نسیم — آن زمین هم آسمان کانجا قیام مصطفی است

١٢٧٠

قطعه تاریخ تولد فرزند محمد عبدالرحمن خان صاحب مهتمم مطبع نظامی

فضل حق پورے بخان صاحب بداد — سیم و زر بارید و هر کس یافت هفت

دیده وا در بزم عشرت دوستان — مدعی را طالع بیدار خفت

خواست چون سال ولادت نسیم — مه جبین و نجیب و فرزند گفت

١٢٦١

قطعه تاریخ طبع دیوان میرزا محمد علی خان صاحب تخلص قبول

میرزا محمد علیخان قبول استاد وقت — طبع شد دیوان او تاریخها گفتم بسی

صاد و دال و نون هی زی الف بی یا و — چون نمودم جمع کاف و لام و هی شد داد و

یکهزار و دو صد و هفتاد و دو تاریخ شد — کردمش آغاز صاد ختم آن بر دال و یی

١٢٧٢

قطعه تاریخ کدخدائی فرزند نواب شرف الدوله بهادر

نیست در عالم کریم اکنون دگر — جان فدایت ای وزیر نامور

ختم شد جود و سخا بر ذات تو — چون مصیبت بر من خسته جگر

ای خوشا وقتے که بعد از مدتے — رسم شادی آمده پیش نظر

۱۱؍ ابد مخطوط نوشاہ و عروس	بگذرد در خورشید لی شام و سحر
سال شادی عرض میسازد نسیم	باد زیبا صحبت شمس و قمر ۱۲۷۴

مثنوی تاریخ تولد فرزند ارجمند منشی نول کشور صاحب

زہے طالع منشئے با کرم	ہمایون نژاد و مبارک قدم
دریں سال فرخندہ و نیک فال	خدا داد پوری بآن خوش خصال
بمیلاد آن اختر پر ضیا	پے سال کردم زدل التجا
بجنان در خیال سعید آمدہ	چہ مہر درخشان پدید آمدہ ۱۲۷۴

خاتمۃ الطبع

حمد بے نہایت ایسے سخن آموز ازل کو سزاوار ہے کہ جسنے دو حرف کن سے مطلع کونین کو نور زرین فرمایا اور نعت بے غایت ایسے افصح عرب و عجم کو لایق ہے کہ جسنے حشو اصنام سے بیت کعبہ کو خالی کیا صلے اللہ علیہ وعلے آلہ وسلم اور منقبت بے شمار ادن کن رکین خلافت مربع نشین چار بالش امامت کو زیبا ہے کہ جو مانند چار مصراع رباعی کے باہم حبیب دو داماں تھے ہمیشہ نظم و نسق دین متین میں بلند آوازگی شرع مبین میں عرق افشان تھے بعد حمد و نعت کے فرد چمن آرایان معانی کو نوید نخبا بندان سخندانی کو مژدہ کہ آجکل آبیاری لطف باری سے نسرین خیابان فکر متین گل سرسبد مقال رنگین یعنی دیوان بلبل گلستان رنگین بیانی نغمہ سرای بوستان نکتہ دانی ہمپایہ قدسی و کلیم جناب غفران مآب میرزا محمد صغر علیخان صاحب دہلوی متخلص بنسیم شاگرد حکیم محمد مومن خان اسکنہم اللہ فی فرادیس الجنان آبشار سنگ صنعت کار پردازان مطبع مصطفائی سے ماہ جمادی الاخری سنہ ۱۲۸۵ ہجری میں شاداب ہو کر گلدستہ بزم سخنوران جہان نکہت فروش مشام معنی پروران زمان ہوا فی الواقع یہ مختصر ایک حرف ہے دفتر کمال سے نقطہ فرد ہے

دیوان خیال سے ہر چند اسکے مؤلف نے سعی بلیغ فرمائی لیکن تدبیر کارگر نہ ہوئی کہیں
کلیات میسر نہوا اسیطرح فراہم مجموعۂ ابتر نہوا یاروں نے کمی کی نہایت بخل طینتی
بقول نسیم مصرعہ غیر ممکن ہے جمع ہونا نکہت برباد کا
ناچار اسیقدر جمع ہونے کو غنیمت سمجھے سرمۂ چشم بصیرت سمجھے تاریخیں طبع کی
دوستوں شاگردوں نے موزوں فرمائیں خاتمے میں بسمت اندراج پائیں فقط

از نتائج فکر اکمل الکملا میرزا اسلم صاحب شیرازی تخلص مبتلا

حمد للہ طبع شد در مطبع شخص کریم — ابتدا دیوان استاد سخن میرزا نسیم
بارک اللہ مرحبا از طبع گوہر زای او — لوحش اللہ سفتہ فکرا و چہ خوش در یتیم
از سواد حرف شعرش دیدہ بیا بد ضیا — معنی مضمون دہد جان بر تن عظم رمیم
دلبری تاریخ او پرسید گفتم مژدہ باد — طبع گردید اینکہ زرنگار ہم تازہ دیوان نسیم
۱۲۶۵

قطعہ تاریخ میر وزیر صاحب نور تخلص شاگرد میرزا محمد رضا صاحب برق

چھپا عمدہ جو دیوان نسیم دہلوی شاعر — ہوا سال بنای طبع کا سر کو مری سودا
چمن میں صبح دم میں جو پلی گلگشت کو نکلا — صدا دی عندلیبوں نے کہ وا ای غنچۂ فکر اسپا
طبیعت تھی جو آمادہ مری رنگیں بیانی پر — تو اوراق گل تر پر لکھے اشعار کچھ انشا
گل مضمون سے چنے سینے جو گلزار معانی سے — گل تازہ دم فکر سخن ہاتھ آئیں میں کیا کیا
شگفتہ صورت غنچہ ہو تاریخی کو مصرع — کہا دل نے کھلا باغ نسیم دہلوی چھپا

قطعہ تاریخ از نتائج فکر جناب منشی محمد امداد حسین صاحب صفیر تخلص رئیس فرخ آباد شاگرد حضرت تسلیم سلمہ اللہ ۱۲۶۹

طبع چون گردید دیوان نسیم خوش بیان — گرد مضمون ولاویزش فسون سامری
مصرع تاریخ او گفتہ صفیر خستہ حال — آمد شد گلشن فکر نسیم دہلوی
۱۲۶۹

از شاعر خوش بیان میرزا باقر حسین صاحب بلیغ تخلص ساکن فرخ آباد شاگرد منشی صفیر فرخ آبادی

پھر دیوان نسیم خوش نکہ — بلبل طبع سے سالش جو ئی

خوشا این حرف گگفت ہمت بلیغ ۔ گل گلزار مضامین گوئی
١٢٨٥

قطعہ از منشی اسیر اللہ صاحب متخلص تسلیم شاگرد رشید نسیم دہلوی

خدا کے فضل سے انتخاب دفتر معنی ۔ نہایت حسن سے چھپ کر یہ ختم آیا ہے
محبت ہی جید دل عجب عالم ہر حرف ہے ۔ کہ ہر نقطہ دل ارباب معنی کا سویدا ہے
بیاض سطور و نون لربا ہی ان بندش ہیں ۔ سپیدی ہے رخ سلمی سیاہی زلف لیلیٰ ہے
تصور پا نہیں سکتا اسرار بلاغت کو ۔ زمین شعر کو بھی آسمان گویا بنایا ہے
دا اشعار نزاکت لطف حسن بندش مضامین ۔ بتاؤں ہمنشیں کیا کیا کہ ان شعروں نے کیا کیا ہے
خیال آیا جو تاریخ اسے تسلیم جب مجھکو ۔ کہ اکثر یہ دل مضطر کا اپنی خاص شیوا ہے
سنا مصرع یہ استاد انکی سنتے ہی ہاتف ۔ چھپا دیوان کہ تصویر معانی کا چھپا ہے
١٢٨٥

از نتائج افکار منشی اشرف علی صاحب متخلص اشرف شاگرد نسیم دہلوی

چو طبع گشت بفضل خدای بے ہمتا ۔ کلام شاعر عالی وقار و رشک کلیم
پی فکر پے سال او دل اشرف ۔ خرد بگفت ریاض کلام پاک نسیم
١٢٨٥

از نتائج افکار نواب محمد تقی خان صاحب متخلص اثمر شاگرد نسیم دہلوی

طبع چون گردید این دیوان پاک ۔ از کرمہائے خداوند کریم
کرد اثمر از پے تاریخ آن ۔ گفت زیبا گلبن باغ نسیم
١٢٨٥

از نتائج افکار شیخ فدا علی صاحب متخلص عیش شاگرد رشید جناب میر کلو صاحب متخلص عرش

چھپا دیوان نسیم سو جا بطرز فصاحت کا ۔ کہ جو تھی غیرت فردوسی و سعدی و خاقانی
ہر اک مصرع غزل کا سر گلزار معانی ہے ۔ بہار طبع رنگین سے خجل گلہائے بستانی
مضامین ہی نئی ہیں بندشیں ہی نئی لفظیں ۔ سراپا ہر غزل تصویر ہے کہتا ہے یہ بانی
حروف جمع عیش نے تاریخ یوں لکھے ۔ چھپا کیا ہی کلام دلکش استاد لاثانی
١٢٨٥

از نتائج کلک گوہر سلک منشی گنیشی پرشاد صاحب متخلص فضا شاگرد منشی منڈولال صاحب متخلص زار